www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 ہفتہ 26 ربیع الاول 1447ھ 20 ستمبر 2025ء، صفحات 08 شمارہ 75

رجسٹرڈ BC-m-1 Email. mashriqqta2008@gmail.com PTCL 081-2827345 081-2827344 قیمت 35 روپے

کسی ملک کیخلاف کوئی عزائم نہیں بھارت کا پریشان ہونا فطری کئی ممالک دفاعی معاہدہ کرنا چاہتے ہیں پاکستان

معاہدہ ایک رات میں طے نہیں پا گیا، کئی ماہ لگے، سعودی عرب بھی اس معاہدے سے خوش ہے، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان سٹرٹیجک دفاعی معاہدہ خالصتاً دفاعی نوعیت کا ہے، اسحاق ڈار

بھارت کا چیخیں مارنا کوئی مسئلہ نہیں، ہم امن چاہتے ہیں، خواجہ آصف، دفاعی معاہدے کے بعد افغانستان سے پاکستان میں دہشت گرد حملہ سعودی عرب پر بھی حملہ تصور کیا جائے گا، رانا ثنا اللہ

معاہدہ خطے میں امن، سلامتی اور استحکام میں اہم کردار ادا کریگا، پاکستان اور سعودی عرب کی قیادت دونوں ممالک کے تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے کا عزم رکھتی ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ دیگر ممالک بھی پاکستان اور سعودی عرب جیسے معاہدے کا حصہ بننے کی خواہش رکھتے ہیں لیکن اس بارے میں ابھی کچھ کہنا قبل از وقت ہوگا۔ لندن میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ سعودی عرب سے معاہدہ ایک رات میں طے نہیں پا گیا، اس میں کئی ماہ لگے، سعودی عرب بھی اس معاہدے سے خوش ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان معاہدہ بلا ضابطہ طور پر ہمیشہ سے موجود تھا، دیگر ممالک بھی ایسے معاہدے کا حصہ بننے کی خواہش رکھتے ہیں، اس بارے میں ابھی کچھ کہنا قبل از وقت ہوگا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ ہر مسلمان ویسے بھی حرمین شریفین پر قربان ہونے کیلئے تیار ہوتا ہے، سعودی عرب نے ہمیشہ پاکستان کے مشکل وقت میں ساتھ دیا، پاکستان پر پابندیوں کے بعد سعودی حمایت بڑی اہم تھی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان سٹرٹیجک دفاعی معاہدہ خالصتاً دفاعی نوعیت کا ہے، یہ کسی تیسرے ملک کے خلاف نہیں، معاہدہ خطے میں امن، سلامتی اور استحکام میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی دفاعی معاہدہ مشترکہ سلامتی اور دہشتگردی خطرات سے نمٹنے کا عزم ظاہر کرتا ہے، پاکستان سعودی عرب کے ساتھ خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1960 کی دہائی سے دفاعی تعاون پاکستان سعودی تعلقات کا بنیادی ستون رہا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کیلئے فضائی حدود کی بندش میں مزید توسیع

پابندی زمین سے لیکر غیر محدود اونچائی تک موثر ہوگی، سول ایوی ایشن کا نوٹم جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے بھارت کے لیے فضائی حدود کی بندش میں 24 اکتوبر تک توسیع کردی۔ سول ایوی...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر، فائرنگ کے تبادلے میں تین دہشت گرد ہلاک

دہشت گردوں کے قبضے سے تین ایس ایم جیز سمیت اسلحہ برآمد، ترجمان سی ٹی ڈی

پشاور (بیورو رپورٹ) حساس علاقے لالہ چینہ دوسار کے علی مسجد میں محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے ایک بڑی اور فیصلہ کن کارروائی کرتے ہوئے تین خطرناک دہشت گردوں کو ہلاک کیا اور ان...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار، آغا شکیل کے گھر پر دستی بم حملہ 5 افراد زخمی

زخمیوں کو طبی امداد کے لیے خضدار ٹیچنگ اسپتال منتقل کر دیا گیا

بزدلانہ واقعات عوام اور قیادت کے حوصلے پست نہیں کرسکتے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ، خضدار (جنرل رپورٹر، نامہ نگار) خضدار میں پیپلز پارٹی کے رہنما اور سابق ضلعی چیئرمین آغا شکیل درانی کے گھر...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری صحافیوں سے گفتگو کررہے ہیں

نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کیلئے عملی اقدامات کر رہے ہیں، سرفراز بگٹی

صوبے میں "میریٹوکریسی" کو بنیاد بنا کر ترقیاتی عمل کو تیز اور تعلیمی بہتری کے اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے

صحت کے شعبے میں بھی اصلاحات لائی جا رہی ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان کی حافظ نعیم الرحمن سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعہ کو یہاں جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے ملاقات کی، اس موقع پر صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمن، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید فراست شاہ، صوبائی وزیر میر صادق عمرانی اور پارلیمانی سیکرٹری میر عبدالمجید بادینی بھی موجود تھے۔ ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور مجموعی صورتحال کے ساتھ صوبے کے نوجوانوں کی فنی و تعلیمی ترقی...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

جدید ٹیکسٹائل انڈسٹریل پارک کی تعمیر سمیت پاک چین مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستانی اور چینی کمپنیوں کے درمیان تین مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کی تقریب میں شرکت کی

مفاہمتی یادداشتیں دونوں ممالک کے درمیان متعلقہ شعبوں میں تعاون کے نئے دروازے کھولیں گی، آصف زرداری، تقریب سے خطاب

ارومچی (مشرق نیوز) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستانی اور چینی کمپنیوں کے درمیان تین مفاہمت کی یادداشتوں (ایم او یوز) پر دستخط کی تقریب میں شرکت کی۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جمعہ کو جاری بیان کے مطابق پہلی مفاہمت کی یادداشت لویانگ ماڈرن بائیوٹیکنالوجی اور حکومت سندھ کے درمیان طے پائی۔ صوبائی وزیر ناصر شاہ نے سندھ حکومت کی نمائندگی کی جس کا محور پاکستان کی لائیو سٹاک صنعت کو جدید بنانا ہے۔ دوسری مفاہمت کی یادداشت بیجنگ ایشین افریقہ لوگیو اور اے ایس ایم سروسز کے درمیان طے پائی، جو...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن ملاقات کررہے ہیں، صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمن صوبائی وزیر میر صادق عمرانی بھی موجود ہیں

پاکستان میں کسی بھی جیش یا مسلح جتھوں کیلئے کوئی جگہ نہیں، ریاست کے علاوہ کوئی گروہ یا شخص جہاد کا اعلان کرنے کا اختیار نہیں رکھتا، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

بھارتی فوج اور غیرقانونی افغان باشندے دہشتگردی میں ملوث ہیں، ڈی جی آئی ایس پی آر

پاکستان نے 40 سال تک لاکھوں افغان مہاجرین کی میزبانی کی، انسانی بنیادوں پر انخلاء کی ڈیڈ لائن میں متعدد بار توسیع کی ان کی باعزت واپسی کیلئے بہت منظم طریقے سے اقدامات کیے گئے ہیں

افغان مہاجرین کو پناہ کی بنیادی وجوہات غیرملکی مداخلت اور خانہ جنگی تھی وہ وجوہات اب موجود نہیں، غیرقانونی افغان باشندے پاکستان میں دہشتگردی اور سنگین جرائم میں ملوث پائے گئے ہیں

بھارتی فوج کے حاضر سروس افسران کے پاکستان میں دہشتگردانہ کارروائیوں میں ملوث ہونے کے مستند شواہد منظر عام پر آچکے ہیں، مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے عالمی برادری کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے

پاک بھارت کشیدگی کے دوران ٹرمپ کا قائدانہ کردار اسٹریٹجک لیڈر کے طور پر سامنے آیا، پاکستان کے چین کیساتھ بھی تعمیری اور اسٹریٹجک تعلقات ہیں ترجمان پاک فوج کا جرمن جریدے کو انٹرویو

راولپنڈی (زاہد احمد خان) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے واضح کیا ہے کہ مستند شواہد موجود ہیں کہ غیر قانونی افغان باشندے...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کی جنیوا میں نواز شریف سے ملاقات پاک سعودی دفاعی معاہدے کی تفصیلات سے آگاہ کیا

شہباز شریف نے دورہ سعودی عرب مکمل کرنے کے بعد لندن جاتے ہوئے جنیوا میں مختصر قیام کیا، قائد ن لیگ کی عیادت کی

لندن میں 4 روز قیام کے دوران اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن کی تقریب سے خطاب، تاجر رہنماؤں سے ملاقاتیں بھی کرینگے

جنیوا (مڈ) وزیراعظم شہباز شریف نے لندن پہنچنے سے قبل جنیوا میں سابق وزیراعظم اور قائد مسلم لیگ (ن) میاں محمد نواز شریف سے ملاقات کرکے انہیں پاک سعودیہ دفاعی معاہدے کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ ایک رپورٹ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف دورہ...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں فلسطین کی شمولیت کی قرارداد منظور

145 ووٹ حق میں جبکہ 5 مخالفت میں آئے، 6 رکن ممالک نے رائے شماری میں حصہ نہیں لیا

جنیوا (مڈ) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے اپنی 80 ویں نشست کے دوران فلسطین کی شمولیت کے حوالے سے ایک اہم قرارداد منظور کرلی۔ اقوام متحدہ کی جنرل...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور چین نے گدھوں کی برآمد کے ضوابط جاری کردیے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے گدھوں کی صنعت کو فروغ دینے کے لیے نئے برآمدی ضوابط اور ایک ریگولیٹری...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمان میں بھی اسٹیبلشمنٹ مداخلت نہ کرے، مولانا فضل الرحمان

تشویش ہے پاکستان معاشی طور پر مزید کمزور ہو رہا ہے، سربراہ جمعیت علمائے اسلام

کراچی (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام پاکستان کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ جمہوری قوتیں مزید کمزور ہوئی ہیں، پارلیمان میں بھی اسٹیبلشمنٹ...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر خزانہ کی زیرصدارت سیاسی وسماجی کمیٹی کا پہلا جائزہ اجلاس

ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ، اسپیشل سیکرٹری ودیگر اعلیٰ حکام کی شرکت

نیشنل ایکشن پلان، سیکورٹی آرکیٹکچر اور سوشل میڈیا پر انتشار پھیلانے جیسے امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیرصدارت سماجی و سیاسی کمیٹی کا پہلا جائزہ اجلاس ہوا۔ جس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو خضدار یونیورسٹی سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہیں

جی ایچ کیو حملہ کیس ویڈیو لنک پر پیشی کیخلاف درخواست مسترد، عمران خان نے کارروائی کا بائیکاٹ کردیا

منصفانہ ٹرائل چاہتے ہیں، اور یہ اسی وقت ممکن ہے جب ملزم عدالت میں ذاتی طور پر موجود ہو، اعلیٰ عدالت سے رجوع کریں گے، وکیل بانی پی ٹی آئی

مقدمے کی کارروائی اڈیالہ جیل سے پنجاب حکومت کے ایگزیکٹو آرڈر کے تحت اے ٹی سی منتقل کی گئی ہے، جائزہ لینے کا اختیار صرف آئینی عدالت کو ہے، پراسیکیوٹر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت (اے ٹی سی) نے پاکستان تحریک انصاف کی پارٹی کے بانی عمران خان کو جی ایچ کیو حملہ کیس میں ویڈیو لنک کے ذریعے پیش کرنے کے فیصلے کے خلاف درخواست خارج کردی، عمران خان اور ان کے وکلا نے عدالتی کارروائی کا بائیکاٹ کردیا۔ عمران خان کی گرفتاری 9 مئی 2023 کو...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

کمبوڈیا میں پاکستانیوں کے انسانی اعضاء کی فروخت کا انکشاف

قائمہ کمیٹی کا 18 ہزار پاکستانیوں کے کمبوڈیا جانے پر وزارت داخلہ پر برہمی کا اظہار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جنوبی ایشیائی ملک کمبوڈیا میں پاکستانی شہریوں پر بہیمانہ مظالم اور انسانی اعضاء کی فروخت کا انکشاف ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق قومی...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

غیرقانونی منی ایکسچینج میں ملوث 2 افراد گرفتار، غیرملکی کرنسی برآمد

لیپ ٹاپ و موبائل فون بھی برآمد، جن میں حوالہ ہنڈی ودیگر کا ریکارڈ موجود ہے، ایف آئی اے

کوئٹہ (آن لائن) ایف آئی اے کمرشل بینکنگ سرکل کوئٹہ کے عملے نے حوالہ ہنڈی اور غیرقانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کرکے پاکستانی اور غیرملکی کرنسی برآمد کرلی۔ ایف آئی اے ترجمان کے مطابق ایف آئی اے کمرشل بینکنگ سرکل کوئٹہ...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

دفاعی معاہدہ اہم پیشرفت، ہر پاکستانی مکہ مدینہ کی حفاظت کرنا چاہتا ہے، بلاول بھٹو

قدرتی آفت آتی ہے تو دنیا سے اپیل کی جاتی ہے، وفاقی حکومت نے آج تک اقوام متحدہ سے اپیل نہیں کی، چیئرمین پیپلز پارٹی

چین میں صدر آصف علی زرداری کو بہت پذیرائی ملی، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت متاثرین کی مدد کی جائے، میڈیا سے گفتگو

کراچی (بیورو رپورٹ) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سعودی عرب کیساتھ دفاعی معاہدے کو پاکستان کیلئے مثبت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہر پاکستانی مکہ اور مدینہ کی حفاظت کرنا چاہتا ہے۔ جمعے کو بلاول بھٹو نے وزیراعلیٰ سندھ مراد علی...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں سیلاب کے باوجود کپاس کی پیداوار میں اضافہ ریکارڈ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن کے جاری اعداد و شمار کے مطابق پاکستان کی کپاس کی پیداوار میں سال بہ سال 40 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جو 15 ستمبر تک 20 لاکھ 4 ہزار گانٹھوں تک پہنچ گئی، کپاس پیدا کرنے والے کئی علاقوں...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

تربت سے 4 نامعلوم لاشیں برآمد، عوام میں خوف وہراس

پولیس نے شناخت و دیگر قانونی کارروائی کیلئے لاشیں ٹیچنگ ہسپتال منتقل کردیں، شہریوں کی بڑی تعداد ہسپتال پہنچ گئی

ہلاکت کی وجوہات تاحال معلوم نہیں ہوسکیں، پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد مزید حقائق سامنے آئیں گے، پولیس حکام

تربت (یو این اے) تربت شہر سے چار افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ پولیس کے مطابق نامعلوم افراد کی لاشیں فوری طور پر ٹیچنگ ہسپتال تربت منتقل کردی گئی ہیں تاکہ ان کی شناخت اور دیگر قانونی کارروائی مکمل کی...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

88 فیصد ریٹیل ٹرانزیکشنز ڈیجیٹل طور پر ہورہی ہیں، گورنر اسٹیٹ بینک

لین دین کی مالیت میں اضافے اور سیکورٹی کی بہتری کیلئے مزید اقدامات جاری ہیں، جمیل احمد

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر جمیل احمد نے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محصولات کو بریفنگ دیتے ہوئے ملک میں...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

بشریٰ بی بی کا جیل میں طبی معائنہ کرانے سے انکار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بانی پاکستان تحریک انصاف کی اہلیہ بشریٰ بی بی نے جیل میں طبی معائنہ کرانے سے انکار کردیا۔ نیوز کے مطابق پمز ہسپتال کی 4 رکنی میڈیکل ٹیم بشریٰ بی بی کے طبی معائنہ کے لیے اڈیالہ جیل پہنچی۔ تاہم بشریٰ بی بی نے پمز ہسپتال کی...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی مقدمات، علیمہ، عظمیٰ خان، اعظم سواتی کی ضمانتوں میں توسیع

لاہور (بیورو رپورٹ) نو مئی کے مقدمات میں انسداد دہشتگردی عدالت نے علیمہ خان، عظمیٰ خان، اعظم سواتی کی عبوری ضمانتوں میں توسیع کر دی۔ جمعہ کو انسداد دہشت گردی عدالت لاہور میں 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کے 6 مقدمات میں عبوری ضمانت کی درخواستوں...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سیاسی وسماجی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

غزہ میں فوری غیرمشروط جنگ بندی ہونی چاہیے، عاصم افتخار

نیویارک (مڈ) اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ غزہ میں فوری غیرمشروط جنگ بندی ہونی چاہیے۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ غزہ میں روزانہ درجنوں شہریوں کو شہید کیا جارہا ہے، بچے بھوک سے مر رہے ہیں۔ عاصم افتخار نے کہا کہ اسرائیل نے حملوں میں ہسپتالوں کو بھی نہیں چھوڑا ہے، انہوں نے...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

معاہدے سے اسرائیل اور پاکستان نے ہندوستان کو پیغام دیا، خرم دستگیر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی نائب صدر خرم دستگیر خان نے کہا ہے کہ سعودی عرب نے معاہدے سے اسرائیل کو اور پاکستان نے ہندوستان کو پیغام دیا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے خرم دستگیر نے کہا کہ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان نے 8 ماہ سے قید معمر برطانوی جوڑے کو رہا کردیا

طالبان حکام نے گرفتاری کی تفصیل بتانے سے انکار کردیا، رہائی قطر کی ثالثی کے باعث ہوئی

کابل (مڈ) افغانستان میں تقریباً 8 ماہ سے قید ایک معمر برطانوی جوڑے کو رہا کردیا گیا، طالبان حکام کے مطابق ان کی صحت کے حوالے سے بڑھتی تشویش پر رہائی کے...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں صرف وہی نظام چلے گا جو عوام چاہتے ہیں، حافظ نعیم الرحمن

تعلیم کیلئے مختص بجٹ کرپشن کی نذر ہوجاتا ہے، بلوچستان کے 45 فیصد بچے سکولوں سے باہر ہیں، حکمرانوں نے صرف کرپشن کو ترقی دی

نوجوان ملک کا سرمایہ ہیں، حکومت آئی ٹی ودیگر جدید سہولیات فراہم کرے، مرکزی امیر کا بنو قابل پروگرام کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ پاکستان 25 کروڑ عوام کی ملکیت ہے اس میں ملک وہی نظام چلے گا جو عوام چاہتے ہیں، پاکستان کلمہ طیبہ کے نام پر بنا تھا لاکھوں مسلمانوں نے اس لئے اس ملک کیلئے قربانیاں دی تھی تاکہ یہاں عادلانہ نظام ہوگا مگر نااہل حکمرانوں نے صرف کرپشن کو ترقی دی۔ اس ملک...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک انصاف کا پاک، سعودی عرب مشترکہ دفاعی معاہدہ کا خیر مقدم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف نے پاک سعودی عرب مشترکہ دفاعی معاہدہ کا بھرپور خیر مقدم کیا ہے۔ پی ٹی آئی کی جانب سے پاکستان اور سعودی عرب اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے کے حوالے سے جاری اعلامیے میں کہا گیا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اسٹریٹجک باہمی...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پولیس کیساتھ فائرنگ کے تبادلے میں 2 منشیات فروش ہلاک

ہلاک ہونیوالے منشیات فروش جانان اور صالح پہلے بھی کئی بار جیل جاچکے تھے

کوئٹہ (کرائم رپورٹر) پولیس اور منشیات فروشوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ، فائرنگ میں 2 منشیات فروش ہلاک ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب کوئٹہ کے گنجان آباد علاقہ جناح روڈ پر پولیس اور منشیات فروشوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا فائرنگ...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ، سپر ٹیکس سے متعلق درخواستوں پر سماعت پیر تک ملتوی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ میں سپر ٹیکس سے متعلق درخواستوں پر سماعت جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں پانچ رکنی آئینی بینچ نے کی۔ سماعت کے دوران وکلا اور ججز کے درمیان مختلف نکات پر بحث ہوئی۔ سابق اٹارنی جنرل خالد جاوید نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ اگر کوئی شخص 500 ملین...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

توشہ خانہ ٹو کیس، عمران، بشریٰ کی جلد سماعت کیلئے درخواست پھر ملتوی

پیر کو ہر صورت سماعت مقرر کی جائے تاکہ فیصلہ ہو سکے، بیرسٹر سلمان صفدر کی استدعا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) توشہ خانہ ٹو کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی بریت کی درخواستوں پر جلد سماعت کی اپیل پر سماعت ملتوی کر دی گئی۔ جمعہ کو اسلام آباد ہائی کورٹ میں توشہ خانہ ٹو کیس میں بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بشریٰ...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں 1.34 فیصد کی کمی ریکارڈ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں ایک 1.34 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے، مہنگائی بڑھنے کی سالانہ شرح 4.17 فیصد پر آگئی، ایک ہفتے کے دوران 18 اشیا مہنگی ہوئیں...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

چمن دھماکہ، بارڈر کی ایک روز مکمل بندش تجارتی سرگرمیاں معطل رہیں

دونوں جانب ہزاروں افراد اور گاڑیاں پھنسی رہیں، چمن کے راستے افغان مہاجرین کے انخلاء کا عمل بھی تعطل کا شکار رہا

بی ڈی سکواڈ کی رپورٹ کے مطابق دھماکہ خودکش تھا، اسسٹنٹ کمشنر، گزشتہ شب انتظامیہ کی جانب سے بارڈر کھول دیا گیا

کوئٹہ، چمن (آئی این پی، اسفرا چکزئی) بلوچستان کے شہر چمن میں بم دھماکے میں 6 افراد کی ہلاکت کے بعد پاکستانی حکام نے پاک افغان سرحد کو آمد و رفت کے لیے بند کردیا تھا۔ سرحد کی بندش کے باعث دونوں جانب ہزاروں افراد و گاڑیاں پھنس گئیں۔ افغان...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کا روس، یوکرین جنگ بندی میں ناکامی کا اعتراف

لندن (مڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے روس اور یوکرین کے درمیان جنگ بندی کرانے کے دعووں پر ناکامی کا اعتراف کرتے ہوئے کہا ہے کہ روسی صدر ولادیمیر پیوٹن نے انہیں مایوس کیا ہے۔ لندن میں...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

ادبی سرگرمیوں کی بہار، بلوچستان رائٹرز فورم کا قیام، چاک کی تقریب رونمائی

ادبی منظر نامہ

شیخ فرید

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ ان دنوں ادبی سرگرمیوں کا مرکز بنا ہوا ہے ہفتہ ورفتہ روزانہ کی بنیاد پر ادبی تقاریب منعقد ہوتی رہیں۔ اور ایک طویل عرصہ بعد سید نوید حیدر ہاشمی کو یکے بعد دیگرے دو مشاعروں میں بنفس نفیس موجود پایا۔ پروفیسر فیصل ریحان بھی ان دنوں کوئٹہ میں قیام پذیر ہیں۔ احمد وقاص کی کتاب "چاک" کی رونمائی ادارہ ثقافت کے کانفرنس روم میں ہوئی جس کی صدارت ممتاز شاعر پروفیسر آغا ناصر نے کی۔ بلوچستان رائٹرز گلڈ (برگ) نے کتاب دوستی مہم کا اعلان کرتے ہوئے تقریب کے اختتام پر صاحب کتاب احمد وقاص سمیت مہمانان گرامی کے حضور "برگ اعزازی شیلڈز" پیش کیں۔ ادھر پشتو ثقافت کے دن کی مناسبت سے 23 ستمبر بروز منگل پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے پشتو اکیڈمی کوئٹہ میں تقریب منعقد ہوگی۔ جس میں پشتون کلچر کی عکاسی کرتے ہوئے پشتو لباس ملبوس مرد اور خواتین بھرپور طریقے سے شرکت کریں گے۔ تقریب میں مختلف اسٹال لگائے جائیں گے۔ ثقافتی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ مشاعرہ بھی منعقد کیا جائے گا۔

گزشتہ دنوں اکادمی ادبیات پاکستان کوئٹہ کی جانب سے براہوئی اکیڈمی پاکستان کوئٹہ کے ریفرنس ہال میں ادبی تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت نامور براہوئی ادیب محمد افضل مینگل نے کی جبکہ مہمان خاص پشتو اکیڈمی کے جنرل سیکریٹری نقیب اللہ احساس اور بلوچی زبان کے نامور ادیب شاعر پروفیسر ڈاکٹر زاہد دشتی تھے۔ اس موقع پر اکادمی ادبیات پاکستان کوئٹہ کے اعزازی ناظم پروگرام ڈاکٹر عبدالقیوم بیدار نے اکادمی ادبیات پاکستان کی کارکردگی کا جائزہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ اکادمی ادبیات پاکستانی



زبانوں کی ترویج و ترقی کے لیے اپنا اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں ہر سال پاکستان کے نامور ادباء اور شعراء کی شخصیت وفن کے حوالے سے پاکستانی ادب کے معمار کے تحت کتابیں شائع کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں براہوئی زبان کے نامور صحافی، ادیب براہوئی نور محمد پروانہ کی شخصیت وفن پر سلطان احمد شاہوانی کی مرتب کردہ کتاب شائع کی جس کی تقریب رونمائی منعقد ہوئی ہے۔ اس حوالے سے براہوئی اکیڈمی کے چیئرمین ڈاکٹر عبدالقیوم سوسن براہوئی اور سلطان احمد شاہوانی نے نور محمد پروانہ کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ تقریب کے دوسرے نشست میں بلوچستان میں لوک ادب کے موضوع پر ایک مذاکرہ ہوا۔ اس مذاکرے میں بلوچی، براہوئی اور پشتو لوک ادب کے حوالے سے سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ آخر میں تقریب کے صدر اور نامور ادیب محمد افضل مینگل نے کہا کہ جناب نور محمد پروانہ نے ایک طرف ایک صحافی کی حیثیت سے کام کیا تو دوسری طرف اپنے اخبار کے ذریعے براہوئی ادب کی ترویج و ترقی کے لیے نمایاں کردار ادا کیا۔ جہاں تک براہوئی لوک ادب کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں ڈاکٹر عبدالرحمن براہوئی، ڈاکٹر صلاح الدین مینگل، عمیرہ صدف اور میں نے خود براہوئی لوک ادب پر کام کیا ہے۔ افضل مینگل نے اکادمی ادبیات پاکستان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اکادمی ادبیات پاکستان نے ادب کی ترویج و ترقی کے لیے جو کام کیا ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔

براہوئی زبان کے شعراء کرام نے بلوچستان رائیٹرز فورم کے قیام کا اعلان کرتے ہوئے براہوئی شعراء کے اتحاد پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس وقت اتحاد کی سخت ضرورت ہے شرکاء کا کہنا تھا کہ ان کی آواز کو دبانے اور کمزور کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہی حالات کے پیش نظر براہوئی شعراء کا اجلاس منعقد ہوا جس کا مقصد شعراء کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنا اور اتحاد کی بنیاد رکھنا تھا۔ اجلاس میں مختلف تنظیموں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ شرکاء نے اتفاق کیا کہ اتحاد قائم کر کے براہوئی زبان اور ادب کے فروغ کی راہ ہموار کی جاسکتی ہے۔ اجلاس مستونگ میں منعقد ہوا جس میں آماچ ادبی دیوان کے چیئرمین حاجی شاہ بیگ شیدا، عزیز آبادی، بلوچستان ادبی کچاری کے چیئرمین آغا غریب شاہ انجم دیدہ، نک ادبی دیوان کے چیئرمین بہاول نسیم ہدایت فدا، براہوئی بلوچ شاشان انجمن شعرا بلوچستان مستونگ شاخ کے بشیر احمد شاہ استاد فتح محمد شاد، عبداللہ جوہر استاد، بدل ناز جمعہ خان، صادق فراز چراغ ادبی دیوان کانک۔ اور بابل نور ہتک ادبی دیوان کے علاوہ کوئٹہ کے براہوئی شاعر پروفیسر انور زیب ساحر عزیز، صابر ندیم، حیدر عاطش، عمر گل اور سلام صائم شامل تھے۔ پروفیسر انور زیب کو متفقہ رائے سے چیف آرگنائزر منتخب کیا گیا۔ دیگر عہدیداران میں آغا غریب شاہ انجم، عبداللہ حمید عزیز آبادی جوہر، استاد صابر ندیم، ساحر عزیز، حیدر عاطش، یوسفی بلوچ، سلام صائم کے نام سرفہرست ہیں۔

بلوچستان پولیس میں تقرر و تبادلوں کا علامیہ جاری

کوئٹہ (آن لائن) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ایس پی انویسٹی گیشن سٹی ڈویژن کوئٹہ عبدالسلام کاکڑ کو ایس پی انویسٹی گیشن۔ اسٹی اور صدر ڈویژن کوئٹہ تعینات، جبکہ ایس پی انویسٹی گیشن سریاب ڈویژن کوئٹہ شفقت امیر جنجوعہ کو ایس پی انویسٹی گیشن۔ II سریاب اور قائد آباد ڈویژن کوئٹہ تعینات کردیا گیا اور ایس پی سکیورٹی ڈویژن کوئٹہ اختر محمد اچکزئی کو سینٹرل پولیس آفس رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی۔

امیر حمزہ خان زہری نے سردار فتح محمد حسنی کی ہمشیرہ کی وفات پر تعزیت کی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مشیر برائے بلدیات بلوچستان نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے سردار فتح محمد حسنی کی ہمشیرہ کی وفات پر تعزیت کے لیے محمد حسنی ہاؤس سٹلائٹ ٹاؤن پہنچے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے دعا کی اور سوگوار خاندان سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ غمزدہ خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ پارلیمانی سیکرٹری میر برکت رند، پریس سیکرٹری شیخ عبدالرزاق اور رضوان سعید کا گروپ فوٹو

تاریخ ساز رکنیت سازی مہم تیزی سے جاری ہے، مفتی شفیع الدین

جمعیت نظریاتی کی ممبر سازی کے حوالے سے صوبہ سندھ کے زیر اہتمام استقبالیہ پروگرامات سے مرکزی کو تیر کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی جنرل سیکرٹری و مرکزی کو تیر مفتی شفیع الدین صوبہ سندھ کے امیر عزیز احمد شاہ امروٹی مولانا عزیز اللہ ذاکری مولانا عبدالوہاب ڈاہیر مولانا نیاز وحید اللہ بانبھن صوبائی کو تیر مولانا ناقر الدین کلاچی اور دیگر نے جمعیت نظریاتی پاکستان کی ممبر سازی کے حوالے سے دورہ کے دوران صوبہ سندھ کے زیر اہتمام استقبالیہ پروگرامات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علما اسلام نظریاتی کوئی نئی جماعت نہیں علما دیوبند و اسلاف دیوبند کے نظریاتی افکار مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچانے والے ملک میں اسلامی عدل کے قیام باطل اسلام دشمن قوتوں کے ہر میدان میں مقابلہ کرنے والے سرفروش کارکنوں کی منظم جماعت ہے جو اسلاف کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچا کر دم لینگے انہوں نے کہا کہ ان شاءاللہ یہ نئی رکنیت سازی مہم ایک تاریخ ساز رکنیت سازی مہم ہوگی جو پانچ سال کیلئے ہوگی ملک بھر میں شروع ہو چکا۔

آلاٹمنٹ کے باوجود ٹھیے گرا کر روزگار چھینا جارہا ہے، ٹھیے مالکان

میٹروپولیٹن حکام نے بزور طاقت ہمارے ٹھیے مسمار کیے اور ہمارے کارکنان کو جیل بھیجا گیا

تجاوزات کے خلاف آپریشن کے نام پر بے روزگاری بڑھانے کا منصوبہ بنایا گیا ہے، منیر آغا، شاہ خالد حمد کی مشرق سے بات چیت

کسی کے پاس کوئی آلاٹمنٹ آڈر یا کوئی ڈاکومنٹس موجود ہے تو وہ دفتر میں پیش کیا جائے، میٹروپولیٹن انکروچمنٹ افسر علی رضا درانی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) میٹروپولیٹن کارپوریشن نے ضلعی انتظامیہ کی مدد سے کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں تجاوزات کیخلاف آپریشن شروع کردیا، جس کے ردعمل میں ٹھیوں اور ریڑھی بانوں کے مالکان نے بتایا ہے کہ ہم غریب لوگ ہیں چھوٹے چھوٹے بچے ہیں بس ایک چھوٹی سی ٹھیہ لگا کر اپنے بچوں کی دیکھ بھال کررہے ہیں نہ ہم چور ہیں نہ کسی کے مال پر قابض ہیں میٹروپولیٹن حکام نے بزور طاقت ہمارے ٹھیے مسمار کئے گئے ہیں اور ہمارے کارکنان کو جیل بھیجا گیا ہمیں بے روزگار کررہے ہیں جس کی ہم کسی صورت اجازت نہیں دی جائیگی، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے منیر آغا، شاہ خالد حمد اللہ، نصیب اللہ داد محمد خان و دیگر نے میٹروپولیٹن کارپوریشن حکام پر الزام عائد کرتے ہوئے بتایا کہ ہمیں اپنے الاٹ شدہ ٹھیوں سے فارغ کرکے دوسری پارٹی کو لانے کی کوشش کررہے ہیں اگر ایسا پروگرام ہے ہم کسی دوسری پارٹی کو ہرگز برداشت نہیں کرینگے انہوں نے بتایا حکومت ایک جانب کہتی ہے کہ ہمارے پاس نوجوانوں کیلیے روزگار کے ذرائع موجود نہیں تو دوسری جانب ہمارے محفوظ روزگار خراب کے جارہے ہیں ہمارے اکثر نوجوان گریجویٹ، ایم اے، ایم ایس سی، اور میٹرک پاس ہیں ہمیں کسی بھی سرکاری محکمے میں روزگار نہیں ملا، ہم نے اپنے ہی ٹھیے بنیں جن کے ہم نے بارہا ٹیکس اور اس وقت ہمارے ٹھیوں کے متعدد آلاٹمنٹ موجود ہیں لیکن اجازت نامے کے باوجود ہمارے خلاف آپریشن کرکے ہمیں ہزاروں روپے کا نقصان پہنچایا جارہا ہے، ناحق جیل بھیجا جارہا ہے جس کی آئین و قانون میں کوئی گنجائش نہیں، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے انکروچمنٹ افسر علی رضا درانی نے بتایا ہے جو ٹھیے آلاٹ کیے گئے تھے ان کا ٹیکس ہائی کورٹ نے 1998 میں ختم کردیا تھا ٹھیے مالکان کے پاس پرانے رسیدیں ریکارڈ موجود ہیں یہ جعلی رسیدات ہیں نہ کوئی ریکارڈ ہوتا ہے جس بابت ان لوگوں کا دعویٰ ہیں ہم نے کوئی ڈیمانڈ کیا نہ ہی کرینگے اگر کسی کے پاس کوئی آلاٹمنٹ یا کوئی ڈاکومنٹس ہیں تو وہ دفتر میں پیش کرے۔

نسل نو میں حصول علم کی طلب پیدا کرنا جامعات کا اولین فرض ہے، ڈاکٹر خالد حفیظ

بلوچستان بھر کے طلباء اور علم دوست حلقوں کے لیے بیوٹمز میں درس و تحقیق کے دروازے کھلے ہیں

اوپن ڈے پروگرام میں شرکت کرنے والے بلوچستان بھر کے کالجز کے طلباء سے وی سی بیوٹمز کا خطاب

بلوچستان بھر سے 18 سے زائد کالجز کے 2000 طلباء و طالبات نے کی شرکت انوکھے دلچسپ پروگرام کو سراہا

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان کے ہر طالب علم اور علمی طبقات کے لئے بیوٹمز کے درس و تحقیق اور عملی وسائل کے دروازے کھول رہے ہیں تاکہ بلوچستان کا کوئی بھی طالبعلم علمی روشنیوں سے محروم نہ رہے، بیوٹمز صرف ان طلباء کے لئے مختص نہیں جو یہاں زیر تعلیم ہیں بلکہ اس جامعہ پر ہر اس فرد کا حق ہے جو علم و قلم دوست ہے، ان خیالات کا اظہار وائس چانسلر بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ نے جامعہ میں منعقدہ "اوپن ڈے" کے عنوان سے بلوچستان بھر کے کالجز کے طلباء کے لئے خصوصی ایونٹ کے موقع پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل میں علمی طلب اور حصول علم کے لئے جستجو و محبت پیدا کرنا جامعات کا فریضہ ہے آج سکول و کالج کے طلباء کا دورہ بیوٹمز پر خوشی اور جذبہ قابل دید ہے اسی جوش و جذبے سے طلباء اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے ان جامعات کی رونق اور شان بڑھائیں گے۔ بیوٹمز میں منعقدہ "اوپن ڈے" کے عنوان سے بلوچستان کے کالجز کے طلباء کے لئے خصوصی ایونٹ میں بلوچستان بھر سے 18 سے زائد کالجز کے 2000 طلباء و طالبات نے شرکت کی جس میں بیوٹمز کی تدریسی سہولیات، شعبہ جات اور اساتذہ کے ساتھ ملاقاتیں شامل تھیں، کالجز کے طلباء اور اساتذہ بیوٹمز کے ماحول میں گھل مل گئے اور بیوٹمز کے تعلیمی منظر سے خوب محظوظ ہوئے۔ بیوٹمز کی مختلف فیکلٹیز کی جانب سے طلباء کی رہنمائی کے لئے آگاہی اسٹالز اور سیشنز کا اہتمام کیا گیا۔ جس سے مستقبل قریب میں جامعات میں داخلہ لینے والے طلباء کو بہترین رہنمائی میسر آئی۔ وائس چانسلر بیوٹمز ڈاکٹر خالد حفیظ نے ڈاکٹر نعیم شاہوانی اور ان کی ٹیم کو بہترین ایونٹ کے انعقاد پر سراہتے ہوئے کہا کہ اس تقریب کے انعقاد سے بیوٹمز اور کالجز کے درمیان مضبوط تعلیمی ربط قائم ہوگا اور کالجز کے طلباء کے لئے بیوٹمز کی جدید درسی سہولیات، لائبریریز، کھیل کے میدان اور اساتذہ کی قابلیت ہر لمحہ دستیاب ہے یہ جامعہ بلوچستان کے ہر طالبعلم کا اثاثہ ہے

برقی لائنوں کی ضروری مرمت کیلئے آج اور کل بجلی بندرہے گی، کیسکو

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیے کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنوں کی ضروری مرمت اور ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں 20 ستمبر اور 21 ستمبر کو (روزانہ) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے ویسٹرن بائی پاس، جبل نور، واریم، تکاتو، دو شین، خروٹ آباد فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بندرہے گی، اسی طرح 21 ستمبر کو کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے اسٹیڈیم، جناح ٹاون، بروری، ملک پلانٹ، شہباز ٹاون فیڈرز جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے اولڈ جان محمد روڈ، نیو جان محمد، اولڈ لیاقت بازار، سریاب ون، سریاب تو، واسا، خیر بخش مری، بی ایم سی، کرانی، ہزارہ ٹاون فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند ہوگی نیز اسی روز مری آباد گرڈ کے گلستان، حالی روڈ، سٹی، لیاقت بازار ایکسپریس فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بندرہے گی۔ علاوہ ازیں 22 ستمبر کو کوئٹہ سٹی گرڈ کے عالم خان، نواں کلی، اولڈ سمنگلی، انٹر کنیکٹر فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ اسکے علاوہ مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنز پر ضروری مرمتی کاموں کیلئے 21 ستمبر (بروز اتوار) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے اولڈ سمنگلی، پی ٹی وی، جناح روڈ، ملک پلانٹ، سورج گنج بازار، ایم ای ایس، کیسکو، عالم خان، مارک فیکٹری، ایف سی اسپتال، مالک، کسٹم فیڈروں سے صبح 8 بجے سے دن 12 بجے تک بجلی بند ہوگی اسکے علاوہ 22 ستمبر کو 132KV دروازہ گرڈ اسٹیشن کے عاصم آباد، کولپور، عثمان آباد، پنجپائی، تیرہ میل، چلتن، قادر آباد، حمزہ محمد، سیگار، محمد حسنی فیڈروں سے صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی، جبکہ کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ جملہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی

کوئٹہ بار کی نائب صدر حمیرا منیر، فرزانہ خلجی و دیگر خواتین بلوچستان سروس ٹریبونل کی ممبر شاہ سلمان ایڈووکیٹ کو پھول پیش کر رہی ہیں

پاک سعودی عرب دفاعی تعاون استحکام اور ترقی کے نئے دور کی بنیاد رکھے گا، چوہدری نعیم کریم

پوری قوم وزیر اعظم اور سعودی قیادت کی بصیرت اور دور اندیش فیصلوں پر خراج تحسین پیش کرتی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان طے پانے والے اسٹرٹیجک باہمی دفاعی معاہدے کو خوش آئند اور دونوں برادر ممالک کے مابین تعلقات میں ایک تاریخی پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کہ پاکستان اور سعودی عرب کے مابین دفاعی تعاون کا یہ نیا باب خطے میں استحکام اور ترقی کے نئے دور کی بنیاد رکھے گا پوری قوم وزیر اعظم اور سعودی قیادت کی بصیرت اور دور اندیش فیصلوں پر فخر کرتی ہے۔ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور سعودی قیادت کو اس اہم اور تاریخی معاہدے پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ دفاعی شراکت داری پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو نئی جہت دے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاک سعودی اسٹریٹجک دفاعی معاہدہ دونوں ممالک کے تعلقات میں ایک نئے باب کا آغاز ہے سعودی عرب ہمیشہ پاکستان کا مخلص دوست اور قابل اعتماد شراکت دار رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے عوام کے دل ایک دوسرے کے لیے محبت اور احترام سے بھرے ہوئے ہیں خاص طور پر پاکستانی قوم مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے لیے والہانہ عقیدت اور غیر متزلزل احترام رکھتی ہے

کوئٹہ، اہلیان کا ضلع کی کے صدر امیر محمد لونی رحمت اللہ زہری کو تیسری بار اہلیان کا کوئٹہ کے صدر منتخب ہونے پر ہار پہنا رہے ہیں

پاکستان، سعودی عرب دفاعی معاہدہ ایک تاریخی سنگ میل ہے، مفتی وحید احمد

حرمین شریفین کی حفاظت اور خدمت پوری قوم کے لئے عظیم سعادت ہے، مشترکہ بیان

کوئٹہ (پ ر) پاکستان علماء کونسل بلوچستان کے صدر مفتی وحید احمد اور جنرل سیکرٹری سید تسیم الرحمن نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان حالیہ دفاعی معاہدہ اسلامی دنیا کے اتحاد، تعاون اور مقدسات اسلامیہ کے تحفظ کے لیے ایک تاریخی سنگ میل ہے۔ اس معاہدے کے تحت پاکستان کو حرمین شریفین کی حفاظت کی ذمہ داری سونپنا دراصل اس غیر متزلزل اعتماد کا اظہار ہے جو برادر اسلامی ملک سعودی عرب کو ہمیشہ سے پاکستان اور اس کی افواج پر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین کی حفاظت اور خدمت کرنا پوری پاکستانی قوم کے لیے ایک عظیم اعزاز اور سعادت ہے۔ پاک فوج اپنی روایتی جرات، عزم اور ایمانی ولولے کے ساتھ ہر دور کے ابرہہ کے مقابل ابابیلوں کی مانند صف آراء ہوگی اور حرمین شریفین کے دفاع کو یقینی بنائے گی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ یہ دفاعی معاہدہ نہ صرف پاکستان اور سعودی عرب کے برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرے گا بلکہ امت مسلمہ کے لیے یہ ایک واضح پیغام ہے کہ مقدسات اسلامیہ کے تحفظ کے معاملے میں کسی قسم کی کوتاہی یا سمجھوتے کی کوئی گنجائش نہیں۔

احمد خان کاکڑ، نعیم آغا، حاجی داد محمد اچکزئی اور ڈاکٹر کبیر حمید زئی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ احمد خان اور دیگر رہنماؤں کا الحاج سید نعیم آغا معروف ٹرانسپورٹر حاجی داد محمد اچکزئی اور ڈاکٹر کبیر حمید زئی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار افغان قومی موومنٹ کے چیئرمین احمد خان حاجی جلیل خان۔ عبدالصادق خان۔ حاجی اکبر۔ سلام خان۔ امان اللہ صورت خان۔ عبدالرازق خان کلیم اللہ خان اور دیگر رہنماؤں نے الحاج سید نعیم آغا معروف ٹرانسپورٹر حاجی داد محمد اچکزئی اور ڈاکٹر کبیر حمید زئی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اے کیو ایم کے تمام کارکنان لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہے۔ رب کریم مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور اہل خانہ کو صبر جمیل سے نوازے امین

مقامات مقدسہ کی حفاظت کی ذمہ داری ملنا پوری قوم کیلئے اعزاز ہے، جلات خان اچکزئی

بھارتی مذموم عزائم کو خاک میں ملانے کے بعد عالم اسلام کی نظریں پاکستان پر مرکوز ہوگی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان کسٹم بونڈیڈ کیرئیر ایسوسی ایشن کے مرکزی جنرل سیکرٹری اور چمن چیمبر آف کامرس کے سابق صدر حاجی جلات خان اچکزئی نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دوطرفہ دفاعی معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ارض پاک اور مقامات مقدسہ کی سرزمین کی حفاظت کی ذمہ داری پاکستان کو ملنا پورے قوم کیلئے اعزاز ہے انہوں نے کہا ہے کہ بھارت کے مذموم عزائم کو میدان جنگ میں شکست سے دوچار کرنے کے بعد پورے عالم اسلام کی نظریں پاکستان اور اس کے پیشہ ورانہ مہارتوں کے حامل فوج کے جانب ہے اور تمام عالم اسلام نے اس وقت عملاً پاکستان کی قائدانہ حیثیت کو تسلیم کرلیا ہے انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان ہونے والا یہ دوطرفہ دفاعی معاہدہ نہ صرف دونوں برادر ممالک کے تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے کر جائے گا بلکہ پورے خطے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے بھی سنگ میل ثابت ہوگا۔ پاکستان اور سعودی عرب کی قربت سے خطے میں دہشت گردی کے خاتمے اور بیرونی سازشوں کو ناکام بنانے میں مدد ملے گی انہوں نے قوم سے اپیل کی کہ وہ اپنے دفاعی اداروں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہوں اور دشمن کی ہر سازش کو ناکام بنانے کے لیے اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ معاہدہ پاکستان کے لیے ایک تاریخی سنگ میل ہے اور آنے والی نسلیں اس دن کو فخر کے ساتھ یاد رکھیں گی۔

کوئٹہ، نوابزادہ میر رئیس رئیسانی سے کاکا خیل کانک کے وفد سراوان ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں

داخلہ پورٹل کالجز انتظامیہ کے حوالے کیا جائے، پشتونخوا ایس او

کالجز انتظامیہ کو بے اختیار کرنے سے طلباء اور معیاری تعلیم متاثر ہوگا

کوئٹہ (آئی این پی) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کوئٹہ کے ضلعی سیکرٹری یار محمد بریال، سینئر معاون سیکرٹری واسع خان، اطلاعات سیکرٹری حفیظ اللہ یاد، مالیات سیکرٹری شفقین مسعود، آفس سیکرٹری شہزادہ خان، رابطہ سیکرٹری ڈاکٹر محمود، ثقافت سیکرٹری صالح وطن شاہ اور دیگر ایگزیکٹوز نے مشترکہ بیان میں ڈائریکٹریٹ آف کالجز سے اپیل کی کہ داخلہ پورٹل کالجز کے حوالے کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے کالجوں کو روز بروز ایک سازش کے تحت کمزور سے کمزور تر کیا جاتا ہے۔ ڈائریکٹریٹ کالجز نے پہلے ہی یہ تجربہ انٹرمیڈیٹ کے داخلوں میں آزمایا جو مکمل ناکام ثابت ہوا۔ طلباء داخلوں کے حوالے سے مسائل سے دوچار ہیں جن کا حل کالجز میں ہی ممکن ہے۔ داخلہ پورٹل کا اختیار کالجوں کو دیا جائے تاکہ وہ اپنے تمام تر تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے طلباء کو داخلے دے سکیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ کالج لیول کے تعلیمی اداروں کو اتنے بے اختیار کرنے سے نہ صرف تعلیم کو نقصان ہوگا بلکہ صوبے بھر کے طلباء بری طرح سے متاثر ہونگے۔

قومی زبانوں کی ترقی کیلئے اکادمی ادبیات کا کردار قابل تحسین ہے، محمد افضل مینگل

نامور ادباء شعراء کی شخصیت وفن کے حوالے سے پاکستانی ادب کے معمار عنوان سے کتابیں شائع کر رہی ہے

اعزازی ناظم پروگرام اکادمی ڈاکٹر عبدالقیوم بیدار نے اکادمی ادبیات پاکستان کی کارکردگی کا جائزہ پیش کیا

کوئٹہ (پ ر) اکادمی ادبیات پاکستان کوئٹہ کی جانب سے براہوئی اکیڈمی پاکستان کوئٹہ کے ریفرنس ہال میں ادبی تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت نامور براہوئی ادیب محمد افضل مینگل نے کی جبکہ مہمان خاص پشتو اکیڈمی کے جنرل سیکریٹری جناب نقیب اللہ احساس اور بلوچی زبان کے نامور ادیب شاعر پروفیسر ڈاکٹر زاہد دشتی تھے۔ میزبانی کے فرائض نور خان نواب محمد حسنی نے ادا کیے۔ اس موقع پر اکادمی ادبیات پاکستان کوئٹہ کے اعزازی ناظم پروگرام ڈاکٹر عبدالقیوم بیدار نے اکادمی ادبیات پاکستان کی کارکردگی کا جائزہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ اکادمی ادبیات پاکستانی زبانوں کی ترویج و ترقی کے لیے اپنا اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں ہر سال پاکستان کے نامور ادباء اور شعراء کی شخصیت وفن کے حوالے سے پاکستانی ادب کے معمار کے تحت کتابیں شائع کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں براہوئی زبان کے نامور صحافی، ادیب براہوئی نور محمد پروانہ کی شخصیت وفن پر سلطان احمد شاہوانی کی مرتب کردہ کتاب شائع کی جس کی تقریب رونمائی منعقد ہوئی ہے۔ اس حوالے سے براہوئی اکیڈمی کے چیئرمین ڈاکٹر عبدالقیوم سوسن براہوئی اور سلطان احمد شاہوانی نے نور محمد پروانہ کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ بابائے براہوئی نور محمد پروانہ ایک سچے اور حقیقت پسند انسان تھے۔ کبھی مصلحتوں کے شکار نہیں ہوئے۔ وہ ایک مکمل اور بے باک صحافی تھے۔ انہوں نے ہمیشہ قومی اور اجتماعی مفادات کو مدنظر رکھ کر کام کیا۔ تقریب کے دوسرے نشست میں بلوچستان میں لوک ادب کے موضوع پر ایک مذاکرہ ہوا۔ اس مذاکرے میں بلوچی، براہوئی اور پشتو لوک ادب کے حوالے سے سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ پشتو لوک ادب کے حوالے سے بات کرتے ہوئے پشتو اکیڈمی کے جنرل سیکرٹری جناب نقیب اللہ احساس نے کہا کہ لوک ادب کسی ایک شخص کی تخلیق نہیں ہوتی۔ یہ سینہ بہ سینہ ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل ہوتی رہتی ہے۔ پشتو میں لوک ادب کے حوالے سے عبدالخیر زلاند، صادق ژرنگ اور دیگر ادباء نے کام کیا۔ پشتو اکیڈمی اس حوالے سے کام کر رہی ہے۔ اس موقع پر بلوچی زبان میں لوک ادب پر اظہار خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر زاہد دشتی نے کہا کہ بلوچی میں بھی لوک ادب کے حوالے سے خاصہ کام ہوا ہے۔ اس حوالے سے نوجوان ایم فل اور پی ایچ ڈی کر رہے ہیں۔ اس سے بلوچی لوک ادب کو سامنے لانے کا موقع ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچی لوک ادب پر غوث بخش صابر، یوسف نگھی، ڈاکٹر شاہ محمد مری اور دیگر نے کام کیا ہے۔ تقریب کے آخر میں تقریب کے صدر اور نامور ادیب محمد افضل مینگل نے کہا کہ جناب نور محمد پروانہ نے ایک طرف ایک صحافی کی حیثیت سے کام کیا تو دوسری طرف اپنے اخبار کے ذریعے براہوئی ادب کی ترویج و ترقی کے لیے نمایاں کردار ادا کیا۔ جہاں تک براہوئی لوک ادب کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں ڈاکٹر عبدالرحمن براہوئی، ڈاکٹر صلاح الدین مینگل، عمیرہ صدف اور میں نے خود براہوئی لوک ادب پر کام کیا ہے۔ جناب افضل مینگل نے اکادمی ادبیات پاکستان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اکادمی ادبیات پاکستان نے ادب کی ترویج و ترقی کے لیے جو کام کیا ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ اکادمی ادبیات کی جانب سے کتابوں کو ایوارڈ دینا، کتابیں چھاپنا اور سیمینار، مذاکرے اور مشاعرے کروانا احسن اقدام ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ تقریب اکادمی ادبیات پاکستان اور براہوئی اکیڈمی کی کاوشوں سے ممکن ہوا۔

یہودی لابی مسلم ممالک میں جنگ مسلط کررہی ہے، عبدالحق ہاشمی

یمن لبنان شام اور غزہ پر اسرائیلی حملوں کی مذمت کرتے ہیں، مولانا انوار الحق حقانی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے جید علماء کرام نے کہا ہے کہ یہودی اور کفار سوچی سمجھی سازش کے تحت مسلم ممالک میں جنگ مسلط کرنا چاہ رہے ہیں اب مزید خاموش ہونے کی بجائے مسلم امہ یکجا ہوکر جہاد کا اعلان کریں اسرائیل کی جانب سے یمن لبنان شام اور غزہ پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار مولانا عبدالحق ہاشمی مولانا محمد انوار الحق حقانی، مولانا یعقوب اور دیگر نے جمعہ کے خطبات میں بیان کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ جب اسرائیل نے فلسطین پر حملہ کیا اس وقت مسلم حکمران اپنی آنکھیں کھول لیتے تو آج جنگ وسیع نہیں ہوتا بلکہ محدود ہوکر اپنے بلوں میں واپس چلے جاتے انہوں نے کہا کہ اب وقت آچکا ہے کہ بھارت کو منہ توڑ جواب دیا جائے بھارت ایک دہشت گرد ملک ہے اور ہزاروں کشمیریوں کی قاتل ہیں اب کشمیر واپس لینے کا سنہری موقع ہے حکومت جہاد کا اعلان کرے ان شاءاللہ عوام کشمیر کو فتح کرلے گی اکابرین اہل سنت نے ملک کی دفاع ملی سلامتی کے لیے ہمیشہ اپنا کردار ادا کیا ان شاءاللہ اب بھی ہم ریاست کی حفاظت کے لیے ہر چیز قربان کرنے کے لیے تیار ہیں علمائے اہلسنت اور یار رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کہنے والے جہاد کے جذبے سے سرشار ہے ہم اسلام اور ملک کے لیے اپنی جانیں قربان کرنے کے لیے تیار ہیں بھارت نے مسلمانوں کی ایمانوں کو للکارا ہے بھارت کو اینٹ کا جواب پتھر سے دینے کے لیے پوری قوم متحد ہے اب حکمران بزدلی کا مظاہرہ نہ کریں بلکہ ہر جابریت کا منہ توڑ جواب دیں ہم اسلام اور ملک کے لیے ہر سختی بھوک افلاس ہر چیز برداشت کرسکتے ہیں لیکن ظلم و بربریت کسی طور پر بھی قبول نہیں کریں گے بھارت سوچ لے مسلمان موت سے بھی نہیں ڈرتے بلکہ وہ شہادت کو ایک اعزاز اور اللہ پاک کی طرف سے انعام سمجھتے ہیں۔ الحاج سید عبدالعلیم آغا مدینہ منورہ والے انتقال کرگئے

مولانا غلام سرور رحمہ اللہ کی بیوہ انتقال کرگئیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام کے بزرگ رہنما حضرت مولانا غلام سرور رحمہ اللہ کی بیوہ جمعیت علما اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری صاحب کی خوش دامن مولانا مفتی عبدالسلام، حافظ عبداللہ جان رشید احمد، نور احمد، محمود سرور، احمد علی سرور اور عمر سرور کی والدہ جبکہ حفظ الرحمن، محمد کاکڑ، عکاشہ کاکڑ اور احمد کاکڑ کی دادی قضائے الٰہی سے انتقال فرما گئیں

فاتحہ خوانی آج دار المتوکل منزل کاسی روڈ نزد دامن ٹاور میں ہوگی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) الحاج سید عبدالعلیم آغا (مدینہ منورہ والے) ولد الحاج سید عبدالصمد آغا قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے وہ سید عبدالخیر (فتح خان) سید ابراہیم، سید بلال اور سید حمزہ کے والد، مرحوم سید عبدالعلی آغا، سید عبدالحلیم آغا، سید عبدالقیوم آغا، سید حضرت علی آغا، سید غلام جیلانی آغا، سید عبدالنافع آغا، سید زین الدین آغا، سید محمد اعظم آغا، سید رحیم آغا، سید طاہر آغا کے بھائی اور سید شاہ اللہ آغا کے چچا تھے۔ مرحوم کو آبائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے کوئٹہ میں فاتحہ خوانی آج (ہفتہ) دار المتوکل منزل کاسی روڈ نزد دامن ٹاور میں ہوگی۔

شیر شاہ خان اچکزئی انتقال کرگئے

کوئٹہ (پ ر) شیر شاہ خان اچکزئی انتقال کر گئے۔ وہ محمد جعفر خان اچکزئی (مرحوم) کے فرزند، محمد ایوب خان اچکزئی (مرحوم) کے پوتے، معصوم خان اچکزئی اور ابراہیم خان اچکزئی (مرحوم) کے بھتیجے، ڈاکٹر سرجن احمد شاہ اچکزئی کے بھائی، سر بلوچ خان زئی، سربلند خان اچکزئی۔ کزن اور ڈاکٹر مجیب اللہ دوتانی اور احسان اللہ دوتانی کے ماموں لگے۔ انکی نماز جنازہ 21 ستمبر بروز اتوار دوپہر 2:30 بجے کیو ڈی اے قبرستان مشرقی بائی پاس ادا کی جائیگی۔ فاتحہ خوانی 21، 22، 23، 24 ستمبر کو محمدی مسجد گلی بارات روڈ نزد ورلڈ نگ ہاؤس سکول کوئٹہ میں جاری رہے گی

پیپلز پارٹی کے رہنما میر ابراراحمد، میر شاہ اللہ جنگ، میر اکرم منگلزئی کا علاقہ معتبرین کیساتھ گروپ فوٹو

گڈز کمپنیز کی رجسٹریشن کا عمل 20 ستمبر سے شروع ہوگا

تکلیف سے بچنے کے لیے جلد اپنی کمپنی کو رجسٹرڈ کروائیں، ایسوسی ایشن

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کی جانب سے گڈز کمپنیز رجسٹریشن کا عمل ہفتے سے 20 ستمبر 2025 شروع ہوگا تمام گڈز کمپنی مالکان جس کی کمپنی رجسٹرڈ نہیں ہے وہ اپنی کمپنیاں بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن میں جلد سے جلد رجسٹرڈ کرائیں اور اپنی رجسٹریشن نمبر حاصل کریں تاکہ ہم متعلقہ رجسٹریشن محکمے کو ارسال کرسکیں لہذا کسی بھی تکلیف سے بچنے کے لیے جلد سے جلد اپنی گڈز کمپنی کو رجسٹرڈ کروائیں۔

کوئٹہ، الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام بنو قابل پروگرام کے تحت طلباء و طالبات انٹری ٹیسٹ دے رہے ہیں

قلات، مرحوم محمد اسحاق عمرانی کی رسم سوئم ادا کر دی گئی

چیئرمین میونسپل کمیٹی نوابزادہ میر شعیب احمد زہری سمیت دیگر نے شرکت کی

قلات (آن لائن) عمرانی قبیلے سے تعلق رکھنے والے نوجوان مرحوم محمد اسحاق عمرانی کی رسم سوئم ادا کردی گئی رسم سوئم میں قلات سمیت مختلف علاقوں سے لوگوں نے شرکت کی اس موقع پر چیئرمین میونسپل کمیٹی نوابزادہ میر شعیب احمد زہری سردار عبدالکریم بنگاری میر قادر بخش مینگل وڈیرہ خیر جان عمرانی محمد عثمان ایڈووکیٹ سیشن جج عبدالصبور مینگل سابق سیکرٹری اعظم عمرانی ارباب میر احمد دہوار میر منیر احمد شاہوانی حاجی عزیز مغل پیپلز پارٹی ڈویژن صدر رفیق سجاد ضلعی صدر عصمت کیازئی خالد وریال عبدالرشید بنگاری، سینئر صحافی نائب اسرار مینگل اقلیتی برادری سے پرکاش چند ولیپ کمار سمیت قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی رہنما، وکلا، علما کرام اور سمیت مختلف مکتبہ فکر کے افراد نے شرکت کی مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی رسم سوئم دعا کے بعد مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے لنگر تقسیم کیا گیا۔

بلوچستان سروس ٹریبونل کے چیئرمین عبدالہادی ترین، ہائی کورٹ کے نائب صدر عصمت اللہ اچکزئی امان اللہ بٹے زئی، امیر محمد ترین اور دیگر مبارکباد دے رہے ہیں

پشتونخوا نیپ کے علاقائی معاون سیکرٹری فاروق خان ٹریفک حادثے میں شہید ہوگئے

قلعہ سیف اللہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع قلعہ سیف اللہ کے کوال اسماعیل زئی کے علاقائی معاون سیکرٹری فاروق خان گزشتہ روز ٹریفک کے ایک المناک حادثے میں شہید ہوگئے۔ شہید کو ان کے آبائی قبرستان کوال اسماعیل زئی میں سپرد خاک کردیا گیا۔ تجہیز و تدفین کے موقع پر پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں، علمائے کرام اور قبائلی عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شہید فاروق خان کی ایصال ثواب کے لیے ان کے رہائش گاہ کوال اسماعیل زئی میں فاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ شہید فاروق خان کی سیاسی و نظریاتی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا جاتا ہے۔ فاروق خان کی اچانک رحلت نے نہ صرف پارٹی بلکہ کوال اسماعیل زئی کے عوام کے لیے بھی ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔

کوئٹہ میں آوارہ کتوں کی بھرمار، شہری خوف و ہراس میں مبتلا

سول ہسپتال میں ریبیز ویکسین نایاب حکومت اور محکمہ میٹروپولیٹن کی خاموشی پر سوالیہ نشان

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں آوارہ کتوں کی تعداد خطرناک حد تک بڑھ چکی ہے، جبکہ محکمہ میٹروپولیٹن کارپوریشن اس سنگین مسئلے پر مکمل طور پر خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ شہر کے متعدد علاقوں میں آوارہ کتوں کی آزادانہ نقل و حرکت نے نہ صرف شہریوں کے معمولات زندگی متاثر کیے ہیں بلکہ ان کے کاٹنے کے واقعات میں بھی مسلسل اضافہ ہو رہا ہے تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کے مصروف اور گنجان آباد علاقوں جن میں سیٹلائٹ ٹاؤن، بروری روڈ، ڈبل روڈ، سریاب روڈ، بدمنو جان روڈ، جوائنٹ روڈ، خروٹ آباد، ہزار گنجی، ایئرپورٹ روڈ، نواکلی، بھوسہ منڈی، پشتون آباد اور دیگر مضافاتی علاقے شامل ہیں، آوارہ کتوں کے گڑھ بن چکے ہیں۔ ان علاقوں کے رہائشی شدید خوف و ہراس کا شکار ہیں، خاص طور پر خواتین، بچے اور بزرگ افراد شام کے اوقات میں گھروں سے نکلنے سے گریز کر رہے ہیں ایک جانب شہریوں پر حملے ہو رہے ہیں، تو دوسری طرف صوبائی حکومت اور محکمہ صحت کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے ہیں۔ آوارہ کتوں کے کاٹنے کے بعد جب متاثرین کو شہر کے سب سے بڑے سرکاری اسپتال سول ہسپتال کوئٹہ لایا جاتا ہے، تو انہیں مایوسی کا سامنا کرنا پڑتا ہے کیونکہ ہسپتال میں ریبیز ویکسین موجود ہی نہیں ہے متاثرین اور ان کے لواحقین کو مجبوراً نجی میڈیکل اسٹورز سے بھاری قیمت پر خریدنی پڑتی ہے، جو کہ متوسط طبقے کے لیے بہت بڑا مالی بوجھ بن چکی ہے

TENDER NOTICE

TSE-252609864963 **Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The Lasbela Industrial Estates Development Authority invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2000/- and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of civil works of 132 KVA LIEDA Grid Station at HITE, Hub.	295,560,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 270,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm The respective bidder must provide bank credit line limit up to 200 million The respective firm must provide audited reports for the Financial year 2023-24 & 2024-25 **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **BankGurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signedfrom a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **06October, 2025** till **12:00 PM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **01:00 PM on EPPS System** **Address:** Nazar Chorangi, HITE, Hub, District Lasbela, Balochistan **Phone no:** 0853303361 **Email:** info@lieda.gov.pk

Managining Director
Lasbela Industrial Estates Development Authority

AB No.274/19-9-2025

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

چھٹی بار اطلاع عام برائے زرعی کاروباری حضرات ضلع حب

زرعی کاروباری حضرات کو اطلاع دی جاتی ہے کہ بلوچستان زرعی پیداواری منڈیوں کے قانون مجریہ 1991 مترمیم شدہ (2004) اور بلوچستان کے زرعی پیداواری منڈیوں کے قواعد (عام) مجریہ 1995ء کے تحت ایسے کاروباری حضرات جو ضلع حب (نوٹیفائیڈ مارکیٹ ایریا) کی حدود میں زرعی پیداوار کی خرید و فروخت کا کام کررہے ہیں یا کرنا چاہتے ہیں ان تمام تھوک و پرچون، گوشت، مرغی، انڈے، ہوٹل و ریسٹورنٹ، دودھ فروشان، ریڑھی، ٹھیلے والے، کمیشن ایجنٹس، زرعی اجناس اور ماش خور اپنے حصول لائسنس کے لئے مجریہ قانون کے سیکشن 6 برائے کمیشن ایجنٹ اور سیکشن 9 برائے آڑھتی و ماش خور وغیرہ کے لیے اپنی درخواستیں بمعہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی جناب کیمیکل ایڈمنسٹریٹر، سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی ضلع حب یا بذریعہ ڈاک کے دفتر میں اس اشتہار کی اشاعت کے 20 (بیس یوم) کے اندر جمع کروائیں مزید تفصیلات کے لئے دفتر ہذا یا درج ذیل فون نمبر پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

رابطہ فون نمبر: 0333-7850818، 0333-7914630

ڈائریکٹر ایگریکلچر اکنامکس اینڈ مارکیٹنگ
بلوچستان کوئٹہ 081-9211504

PRQ No1404/19-09-2025

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan



موسم بدلنے کی شروعات میں ہی کوئٹہ میں گیس پریشر کم ہونا شروع ہوگیا

گیس پریشر نہ ہونے کے باعث امور خانہ داری شدید متاثر، کئی علاقوں میں گیس ریگولیٹر خراب

وزیراعلیٰ بلوچستان نوٹس لیکر گیس کی کمی کا مسئلہ حل کروائیں، مشرق سروے ٹیم سے مختار اچکزئی، دارو خان، عبدالباسط کی بات چیت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت مختلف علاقوں میں موسم گرما کے اختتامی دن شروع ہوتے ہی مختلف علاقوں میں گیس پریشر میں کمی کی شکایات بڑھ گئے گیس پریشر نہ ہونے کے باعث امور خانہ داری شدید متاثر، کوئٹہ شہر کے اکثر علاقوں میں گیس ریگولیٹر خراب، پرانے زمانے کے بوسیدہ اور جام، جس کی وجہ سے بھی اکثر علاقوں میں گیس پریشر کا مسئلہ درپیش۔ ہے۔ گیس پریشر نہ ہونے کے باعث خواتین کو کھانا پکانے میں مشکلات کا سامنا، وزیراعلیٰ بلوچستان نوٹس لیکر گیس کی کمی دور کی جائے، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے مختار اچکزئی، دارو خان، عبدالباسط۔ ودیگر نے بتایا ہے کہ سردیوں کی آمد ہے گرمیوں کا موسم ختم ہونے والا ہے شدید سردی میں گیس اپنے پریشر کیساتھ کوئٹہ کے شہریوں کی ضرورت ہے مگر اسال سردیاں آتے ہی گیس پریشر کا مسئلہ درپیش ہوتا ہے نوجوان، بزرگ، بچے خواتین ودیگر لوگ سردی کی شدت سے ٹھٹھر ٹھٹھر کر بیمار ہوجاتے ہیں جس کی وجہ سے انہیں ذہنی اذیت کا سامنا ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ سردیوں میں گیس پریشر نہ ہونے کی وجہ سے اکثر بیشتر لوگ کمپریسر کا استعمال کرتا ہے جس کی وجہ سے بھی 100 میں 75 گھروں کے گیس پریشر متاثر ہوتی ہے جو تھوڑی بہت موسمی ناگیس آتی ہے وہ بھی کمپریسر کے چلنے سے متاثر ہوکر رہ جاتی ہے، انہوں سوئی سدرن گیس کمپنی حکام سے پریشر کی پریشانی کو دور کرنے مطالبہ کرتے ہوئے بتایا ہے کہ تمام علاقوں کے ریگولیٹر تبدیل کرکے نئے ریگولیٹر فراہم کیا جائے تاکہ سردیوں کی آمد سے قبل گیس پریشر کا مسئلہ حل ہوسکے، شہریوں نے مزید۔ بتایا کہ اگر گیس ریگولیٹر تبدیل نہ کیا گیا اور بعض علاقوں گیس پریشر کی دوری نہ کی گئی تو مختلف سیاسی جماعتوں کیساتھ ملاقات کرکے احتجاجی پلان تشکیل دیا جائے گا

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و جب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

بلوچستان میں آفات سے نمٹنے کا نیا ڈھانچہ ہونے کے برابر ہے، ماہرین

صوبے میں بار بار آنے والے قحط سے خواتین بچے اور معذور افراد سب سے زیادہ غیر محفوظ ہیں

پاک ملائیشیا تعلقات باہمی اعتماد اور اسلامی بھائی چارے پر مبنی ہیں، صدر مملکت

مسافر ٹرینوں کی آؤٹ سورسنگ اوپن آکشن کے ذریعے ہوگی

وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کی زیر صدارت ہیڈ کوارٹر میں منعقدہ اجلاس میں فیصلہ

قوم ملک کے تمام اداروں سے مایوس ہو چکی ہے، سیف اللہ کاکڑ

مشن نور اور نجات کی دعائیں ملک میں انقلاب کی جانب پہلا بڑا قدم ہے

قوم کے تمام اداروں سے مایوس ہو چکی ہے، سیف اللہ کاکڑ

مشن نور اور نجات کی دعائیں ملک میں انقلاب کی جانب پہلا بڑا قدم ہے

مستحقین کیلئے نقد رقوم کی تقسیم کے جدید نظام کی تیاری کے قدم آگے بڑھ رہے ہیں

ملک دشمن عناصر بلوچستان کے حالات خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، کمانڈر کیڈٹ کالج شیرانی کا شیطری

درخواستیں مطلوب ہیں

اشتہار برائے ٹینڈر نوٹس

اشتہار برائے ٹینڈر نوٹس

ناظم نظامت
ثقافت بلوچستان
ڈپٹی کمشنر
ڈیرہ بگٹی

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلی فون نمبر:۔ 2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 20 ستمبر 2025ء

بلوچستان کی ترقی: اقتصادی رابطہ کمیٹی کا مستحسن فیصلہ، امید کی کرن !!

گزشتہ روز اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کے اجلاس میں اہم فیصلے ہوئے ہیں اور وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے جو اجلاس کی صدارت کر رہے تھے دوٹوک عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کے معاشی منظر نامے کو بدلنے اور عوام کے لئے وسیع تر فوائد پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، اس منصوبے سے طویل المدتی سماجی و اقتصادی خوشحالی آئے گی۔ ای سی سی نے جن اہم فیصلوں کی منظوری دی ہے اور جن امور پر غور کیا ہے اس کی تفصیلات و جزئیات میں جانے سے قبل اس رائے کا اظہار ضروری ہے کہ وسائل اور مواقع سے مالا مال ہونے کے باوجود ماضی میں نے بہتر منصوبہ بندی نہیں کی جس کی وجہ سے مسائل کا جنم ہوا اور رفتہ رفتہ چھوٹے چھوٹے مسائل بھی بڑھ کر گھمبیر و سنگین رخ اختیار کر گئے۔ ان مسائل سے نمٹنے اور ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کے لئے موجودہ حکومت غیر معمولی اقدامات اٹھا رہی ہے حکومت نے اقتصادی و ترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے غیر معمولی اقدامات کوششوں اور کاوشوں کا جو سلسلہ جاری رکھا ہے اس سے نہ صرف معیشت کو استحکام حاصل ہوگا بلکہ معیشت و معاشرت کو درپیش بہت سے مسائل اپنے آپ ختم ہو جائیں گے۔ وزیر خزانہ نے دوٹوک انداز میں مسائل کے حل کے لئے اقدامات کا عزم ظاہر کیا ہے ان کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں ریکوڈک منصوبے کی فنانسنگ سے متعلق اہم معاہدوں کی منظوری اور متعلقہ مالیاتی امور پر غور کیا گیا۔ ای سی سی کے اس فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے ہم امید کرتے ہیں کہ آنے والے برسوں میں نہ صرف بلوچستان میں تعمیر و ترقی کا سفر تیز ہوگا بلکہ معدنی وسائل سے فائدہ اٹھانے کی راہ بھی ہموار ہوگی۔ ریکوڈک منصوبہ دنیا کے سب سے بڑے تانبے اور سونے کے ذخائر میں سے ایک ہے یہ منصوبہ نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے لئے ایک سنہری موقع ہے جس سے عالمی سطح پر معدنیات کی تجارت میں پاکستان کا حصہ بڑھ سکتا ہے۔ ریکوڈک کے ذریعے بلوچستان کے معدنی وسائل کا بھرپور استعمال، نہ صرف صوبے کی معیشت کو فروغ دے گا بلکہ عوام کے لئے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرے گا وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے ای سی سی کے اجلاس میں ریکوڈک منصوبے کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ نہ صرف بلوچستان کے معاشی منظر نامے کو بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے، بلکہ پاکستان کے عوام کے لئے وسیع تر فوائد پیدا کرے گا۔ اس منصوبے سے طویل المدتی سماجی و اقتصادی خوشحالی کی توقع ہے اور یہ ملک کی معیشت میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ ای سی سی کی جانب سے اس منصوبے کی فنانسنگ سے متعلق حتمی معاہدوں اور مالی ذمہ داریوں کی منظوری کا فیصلہ اس بات کا غماز ہے کہ حکومت اس تاریخی منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے پرعزم ہے۔ اجلاس میں پٹرولیم ڈویژن کی سمری کی منظوری کے ساتھ ساتھ اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ اگر معاہدوں کی حتمی دستاویزات میں کوئی بنیادی تبدیلی سامنے آتی ہے، تو انہیں دوبارہ ای سی سی کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ یہ فیصلہ حکومت کی طرف سے ایک مضبوط عزم کا اظہار ہے کہ ریکوڈک جیسے اہم منصوبے کو عملی شکل دی جائے گی۔ وزیر خزانہ نے یہ بھی کہا کہ اس منصوبے کی کامیاب تکمیل سے صوبے اور ملک کی معیشت میں نمایاں تبدیلی آئے گی اور یہ خطے کی سماجی و اقتصادی ترقی کے لئے ایک سنگ میل ثابت ہوگا ریکوڈک منصوبے کے ساتھ بلوچستان میں ترقی کی ایک نئی لہر آنے کی توقع ہے۔ یہ منصوبہ نہ صرف معدنی وسائل کے بھرپور استفادے کا موقع فراہم کرتا ہے، بلکہ اس کے ذریعے بنیادی ڈھانچے کی ترقی، تعلیم اور صحت کے شعبوں میں بھی بہتری آئے گی اس کے علاوہ، اس منصوبے کی کامیاب تکمیل سے بلوچستان میں دیگر اقتصادی سرگرمیاں بھی فروغ پائیں گی، جیسے کہ صنعتوں کا قیام، ہنرمند افراد کی تربیت اور ماہر فنی افرادی قوت کی ترقی وغیرہ۔ اجلاس میں وزارت ریلوے کی سمری پر بھی غور کیا گیا جس میں ریکوڈک مائننگ کمپنی کے ساتھ ریلوے ڈویلپمنٹ ایگریمنٹ اور برج فنانسنگ ایگریمنٹ شامل تھے۔ ان معاہدوں کے تحت 390 ملین امریکی ڈالر کی برج فنانسنگ فراہم کی جائے گی تاکہ بلوچستان کی کانوں سے برآمدی مواد کی ترسیل کے لئے 1350 کلومیٹر طویل ریلوے ٹریک بچھایا جا سکے۔ ای سی سی نے اس تجویز کی منظوری دیتے ہوئے وزارت ریلوے کو ہدایت کی کہ دونوں معاہدوں کی دستاویزات وزارت خزانہ کے ساتھ شیئر کی جائیں تاکہ ان کا تفصیلی جائزہ لیا جا سکے۔ اس کے علاوہ، وزارت ریلوے اور وزارت خزانہ کو ہدایت کی گئی کہ وہ مارچ 2026 تک منصوبے کی پیش رفت اور عمل درآمد سے متعلق رپورٹ ای سی سی میں پیش کریں۔ ریلوے کی ترقی نہ صرف اس منصوبے کی کامیابی کے لئے اہم ہے، بلکہ یہ بلوچستان کے عوام کے لئے ترقی کے نئے راستے کھولے گی۔ جدید اور موثر ٹرانسپورٹ سسٹم کی تعمیر سے نہ صرف برآمدات میں اضافہ ہوگا، بلکہ بلوچستان کے اندرونی علاقوں تک رسائی بھی بہتر ہوگی، جس سے صوبے کے معاشی استحکام میں مزید بہتری آئے گی۔ موجودہ حکومت بلوچستان کی ترقی کے لئے مسلسل کوششیں کر رہی ہے اور ریکوڈک منصوبہ اس کا اہم جزو ہے۔ حکومت نے اس منصوبے کے حوالے سے جو اقدامات اٹھائے ہیں، وہ اس بات کا غماز ہیں کہ حکومت بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے نہ صرف سنجیدہ ہے بلکہ بہترین حکمت عملی کے تحت کام کر رہی ہے۔ یہ کہنا بے جا نہیں ہوگا کہ موجودہ حکومت نے بلوچستان کی ترقی کے لئے جو اقدامات کئے ہیں، ان سے صوبے کی معیشت میں نمایاں تبدیلی آئے گی۔ ریکوڈک منصوبے کی تکمیل کے بعد بلوچستان کے لوگ اپنے معاشی اور سماجی حالات میں بہتری دیکھیں گے۔ یہ منصوبہ نہ صرف بلوچستان کے لئے، بلکہ پورے پاکستان کے لئے خوشحال مستقبل کی نوید ثابت ہوگا ای سی سی نے بلوچستان کے عوام کے لئے ایک روشن اور تابناک مستقبل کی راہ ہموار کرنے کے فیصلے کی منظوری دی ہے اور ہمیں یقین ہے کہ موجودہ حکومت کی حکمت عملی اور ریکوڈک منصوبے کی کامیاب تکمیل سے بلوچستان میں معاشی ترقی کی ایک نئی لہر آئے گی، جو نہ صرف صوبے کی معیشت کو مستحکم کرے گی بلکہ ملک کے اقتصادی منظر نامے میں بھی اہم تبدیلی لائے گی۔ نیز ہمیں امید ہے کہ یہ منصوبہ نہ صرف معدنی وسائل سے بھرپور استفادے کے مواقع فراہم کرے گا بلکہ تیز رفتار ترقی کی راہ بھی ہموار کرے گا۔ حکومت کی طرف سے اٹھائے گئے اقدامات بلوچستان کے عوام کے لئے ایک خوشحال مستقبل کی ضمانت ہیں اور ہم اس بات پر پختہ یقین رکھتے ہیں کہ بلوچستان کا مستقبل روشن اور تابناک ہے۔

سعودی عرب اور پاکستان دفاعی معاہدہ اور بھارت کی بے چینی

بیداری — رجنیش کمار

چارلی کرک کا قتل اور آن لائن شکار

حقائق

پاک۔سعودیہ شراکت داری: وہ معاہدہ جس کی گونج دنیا نے سنی!

پیام زندگی

میرے ذہن میں اٹکے دو موضوعات

برملا — نصرت جاوید



ممدی کے کمبل

خیالات

سعودی عرب پاکستان دفاعی معاہدہ: تاریخی سٹرٹیجک اتحاد

احوال عالم — ڈاکٹر علی عوض اسیری



سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان نصف صدی سے زائد عرصے پر محیط دفاعی شراکت داری بدھ کو ایک نئے عروج پر پہنچ گئی جب سعودی ولی عہد محمد بن سلمان اور وزیر اعظم شہباز شریف نے ریاض میں سٹرٹیجک باہمی دفاعی معاہدے پر دستخط کئے۔ اس معاہدے میں اعلان کیا گیا کہ کسی ایک ملک کے خلاف کسی بھی جارحیت کو دونوں کے خلاف جارحیت سمجھا جائے گا۔ یہ دفاعی معاہدہ اجتماعی ان سکیورٹی انتظامات کی عکاسی کرتا ہے جو روایتی طور پر نیٹو اور خلیجی تعاون کونسل جیسے علاقائی اتحادوں سے وابستہ ہیں اور جن کا مقصد ممکنہ جارحیت کرنے والوں کو روکنا ہوتا ہے۔

گیا، جس کی اصل اہمیت میرے خیال میں اس تاریخی رشتے میں ہے جو سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان موجود ہے۔ یہ دونوں ممالک کے آزمودہ فوجی تعلقات کو ایک نئی بلندی پر لے جاتا ہے۔

او آئی سی کانفرنس اور بدلتے حالات کے تقاضے

اظہار خیال — عمران یعقوب خان



وشت، ڈی سی بہرام سلیم ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دالبندین کے میونسپل کمیٹی ملازمین کا تنخواہوں کی بندش کیخلاف ہڑتال تیسرے روز میں داخل

صفائی ستھرائی کا نظام مکمل طور پر مفلوج ، ٹریکٹرز اور دیگر مشینری کے لیے پٹرول ، ڈیزل کی فراہمی بند ہے

حالات ناقابل برداشت ، وہ وقت کی روٹی کے لیے پریشان ہیں ، احتجاج جاری رہے گا، ہڑتالی ملازمین

دالبندین (نامہ نگار) بلوچستان بھر کی طرح دالبندین میں میونسپل کمیٹی ملازمین کی تنخواہیں بند، تیسرے روز بھی احتجاج اور ہڑتال جاری بلوچستان کے دیگر شہروں کی طرح دالبندین میں بھی میونسپل کمیٹی کے ریگولر ملازمین، ڈیلی ویجز، پنشنرز اور خاکروبوں نے تین ماہ سے تنخواہیں اور فنڈز نہ ملنے کے خلاف تیسرے روز بھی احتجاج اور ہڑتال جاری رکھا۔ احتجاجی ملازمین کا کہنا تھا کہ تین ماہ سے تنخواہیں بند ہونے کے باعث وہ شدید مالی مشکلات میں مبتلا ہیں۔ گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں اور اب تو مقامی پرچون فروش اور سبزی فروش بھی مزید ادھار دینے سے انکار کر چکے ہیں۔ ان کے مطابق تنخواہیں اور فنڈز نہ ملنے سے صفائی ستھرائی کا نظام مکمل طور پر مفلوج ہو گیا ہے جبکہ ٹریکٹرز اور دیگر مشینری کے لیے پٹرول اور ڈیزل کی فراہمی بھی بند کر دی گئی ہے۔ ملازمین نے واضح کیا کہ اگر خدانخواستہ آگ لگنے کا کوئی واقعہ پیش آیا تو فائر بریگیڈ کی گاڑیاں عوام کی خدمت کے لیے موجود رہیں گی، لیکن صفائی اور دیگر بلدیاتی...

باہمی رضامندی اور عدالت کی اجازت سے شادی کی ہے، زاہد علی

اوستا محمد (اے این این) او گین ضلع قمر شہداد کوٹ کے رہائشی زاہد علی لوناتی اور سمیرا کھسی نے اوستا محمد پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے باہمی رضامندی اور عدالت کی اجازت سے شادی کی ہے، مگر اس کے باوجود انہیں سنگین دھمکیوں، ہراسانی اور پولیس کے ناروا سلوک کا سامنا ہے زاہد علی اور سمیرا نے الزام لگایا کہ وگن اور قمر پولیس ان پر ناجائز دباؤ ڈال رہی ہے، اور نہ صرف انہیں جھوٹے مقدمات میں پھنسانے کی کوشش کی جا رہی ہے

ایس ایس پی صحبت پور زیشان علی بروہی کا احسن ترین اقدام

صحبت پور (نمائندہ مشرق) ایس ایس پی صحبت پور زیشان علی بروہی کا احسن ترین اقدام۔ انہوں نے ایس ایس پی آفس کے احاطہ میں یادگار شہداء تعمیر کروا کر صحبت پور پولیس کی تاریخ میں سنہری باب کا اضافی کر لیا ہے۔ انہوں نے ایس پی آفس کے احاطے میں تعمیر ہونے والی یادگار شہداء کا شاندار افتتاح کیا۔ اس موقع پر پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی اور شہداء کو خراج عقیدت...

میرزئی اڈا، جمعیت علمائے اسلام نظریاتی قلعہ عبداللہ کے مولانا فقیر احمد مولوی عمر شاہ، آغا یحییٰ خان مجاہد مولوی حسام الدین آغا رکنیت فارم وصول کر رہے ہیں

مہاجرین کے باعزت انخلا کیلئے سہولیات کی فراہمی جاری رہے گی، ڈی سی پشین

ضلعی انتظامیہ وطن واپس جانے والے افغان بہن بھائیوں کو ہر ممکن تعاون اور سہولیات فراہم کر رہی ہے

کسی سرکاری ملازم یا دیگر کو مہاجرین کی عزت نفس مجروح کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، منصور قاضی

پشین (آن لائن) ڈپٹی کمشنر منصور احمد قاضی نے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ وطن واپس جانے والے افغان بہن بھائیوں کو ہر ممکن تعاون اور سہولیات فراہم کر رہی ہے، اور انکو درپیش مشکلات و مسائل کے مناسب حل کے لیے اپنی بساط کے مطابق اقدامات کیے جا رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے افغان پناہ گزین کیمپ تحصیل سرانان کے ... یقینی دہانی کرائی۔ ڈپٹی کمشنر منصور قاضی نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ افغان مہاجرین کے انخلا کے دوران افغان خواتین، بچوں اور بزرگوں سمیت انکے مال و متاع کا خاص خیال رکھا جائے، اور کسی کا عزت نفس مجروح یا متاثر نہیں ہونے دیا جائے، جبکہ اس ضمن میں شکایات موصول ہونے کی صورت میں متعلقہ ملازمین و اہلکاروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر قاضی منصور نے مزید کہا کہ افغان مہاجرین انخلا کے بابت وفاقی اور صوبائی حکومت کی پالیسی کے عین مطابق ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بھرپور عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں

نصیرآباد، سائرہ سومرو کی بازیابی کیلئے نثار احمد کی قیادت میں احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

نصیرآباد، سکھر سے اغواء سائرہ سومرو کی عدم بازیابی کے خلاف احتجاجی ریلی

پنجگور، بارڈر بندش کے خلاف عوامی احتجاج کا اعلان، حق دو تحریک

حکومت بلوچستان کے اشتراک سے لورالائی میں اسٹیک ہولڈرز ورکشاپ

محکمہ زراعت کے افسران، سیڈ ڈیلرز، اور زمینداروں کی بڑی تعداد کی شرکت

لورالائی، یورپی یونین کے تعاون سے iwmi کے زیر اہتمام ایک روزہ ورکشاپ کے شرکاء گروپ فوٹو

ڈی سی مستونگ بہرام سلیم کا میموریل ہسپتال مستونگ میں اچانک دورہ

پیپلز پارٹی مسلم لیگ ن کو بلوچستان میں دیوار سے لگا رہی ہے، منیر مسوری

مجرمانہ غفلت بھاگ شہر کا نکاسی آب کا نظام درست نہ ہو سکا، عوامی حلقے

ایس ایس پی صحبت پور زیشان علی بروہی کا یادگار شہداء کا افتتاح

ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی بہتری انتظامیہ کی ترجیح ہے، منصور قاضی

عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، ریاض خان داوڑ

ڈیرہ مراد جمالی، ڈی ایس پی عبدالحمید آبادی سے صدر پریس کلب عبدالرزاق گفتگو کر رہے ہیں

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

اطلاع عام
R.No..........62124

گمشدگی شناختی کارڈ
R.No..........62119

گمشدگی بینامہ قطعی
R.No..........62125

گمشدگی شناختی کارڈ
R.No.

تلاش گمشدہ
.........Staff

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ I کوئٹہ
FIR#81/25 P-S سٹی
62122

بعدالت تحصیلدار کاریزات بمقام خانوزئی

بعدالت فیملی جج (3) کوئٹہ
مثل نمبر 76/2025
62121

بعدالت فیملی جج (2) کوئٹہ
مثل نمبر 96/25 درخواست گارڈین شپ
62126

بعدالت فیملی جج (2) کوئٹہ
مثل نمبر 94/25 درخواست گارڈین شپ
62126

بعدالت زاہد علی ڈوکی تحصیلدار/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول سبی

بعدالت جناب سول جج II صاحب کوئٹہ
عنوان بالا عدالت میں مقدمہ زیر سماعت ہے جس کی تاریخ سماعت مورخہ 25/9/2025 کو مقرر ہو چکی ہے لہذا بذریعہ اشتہار آپ لوگوں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ پر حاضر عدالت ہو کر پیروی کرے ورنہ تمہارے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 19/9/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا
62127

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Urban Planning & Development Department ,Rakhshan Division invites sealed percentage tender based on Composite Schedule of Rates 2023, Government of Balochistan, amended up-to-date from interested Contractors / Firm who have the renewal for the year 2025-26, for the work listed below: **Earnest Money 2%, Tender Fee 1500/- and Time limit 30-06-2026 for each work**

S.NO	Name of work	E/Cost
1.	REHABILITATION AND ADDITIONAL WORK OF BALMIK MANDIR NUSHKI PSDP No. 3939 (Z2025.1907) **TSE-252609865013**	10.00 M
2.	LAYING OF TUFF TILES AND SEWERAGE/ SOLAR STREET LIGHTS AT HINDU MOHALLAH DALBANDIN PSDP No. 3937 (Z2025.1645) **TSE-252609865033**	15.00 M

ELIGIBILITY OF BIDDERS: a)The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant Category **C-6 & above** for works. b) The Contractor must have valid registration i.e 2025-26 with Pakistan Engineering Council in required Category in relevant discipline/specially code c) Registration with tax authorities i.e. (NTN, BRA and Sales Tax Department), where applicable.d)The contractor/firm must not either be black listed nor involved in any litigation. e) The bidder must have Two similar work experience or has completed or has similar work in hand for applying in the tender and produce certificates (original) of completion f) Turnover of at least equivalent to 70% average in last three years showing financial capacity of firm g) Audit Report Last Three Year Showing Turn Over h)The firm quoting their rates 10% below of contract cost must attached the analysis of rates /breakup of each work. **METHOD OF PROCUREMENT: Single Stage – Two Envelope Procedure BIDDING / TENDER DOCUMENTS:** The Tender Form/ Bidding Documents will be issued from the date of first publication till submission date and time during working hours and working days, from the address mentioned below/ head office on production of green challan form for an amount as mentioned above respectively (as bidding documents charges ,Non –refundable) deposited in the head of account C-03870, DDO code KN-7099 through Government Treasury / National Bank of Pakistan against written request which should be on original letter head pad having name ,address, phone numbers and signature of the contractor. Or can be downloaded from BPPRA website i.e www.bppra.gov.pk. Tender application should accompany with Earnest Money in shape of deposit at call in favor of the undersigned issued from any scheduled bank against firm's Account. Name of firm should be clearly mentioned on instrument (Deposit at call). Application for issuance of tender documents accompanied with valid copies of PEC License, NTN and Sales Tax.BRA Certificates, CNIC, and Registration of firm/ Partnership Deed/Sole Proprietorship/Power of Attorney/Authority letter from the contractor in favor of their representative. No tender will be issued without showing the required documents in "ORIGINAL". **ISSUANCE OF TENDER DOCUMENTS:** The tender documents will be issued from the date of publication of this NIT till date of submission i.e. **06, October, 2025** during office hours. **DEADLINE OF BID SUBMISSION:** The technical and financial proposals from intending contractors / firms sealed in two single envelops clearly marked with work title and type of proposal must be submitted latest by **06 October, 2025** at 9:15 AM at the office of the undersigned. **TENDER OPENING:** The Envelope bids will be opened on the same day i.e. **06 October, 2025** at 10:15 AM in the office of the undersigned before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives. **PLACE OF ISSUANCE AND SUBMISSION WILL BE:- Address**:Office of the Executive Engineer Urban Planning & Development Department Rakhshan Division, at Kharan. E-mail Address: XENUPNDDRakhshan@gmail.com

BID VALIDITY PERIOD: Ninety (90) Days. **TERMS AND CONDITIONS:** Blacklisting, Integrity Pact and All other AFFIDAVITS (To be provided by the bidder on Stamp Paper of worth Rs.100/- duly attested by notary public) and the others Terms and conditions are mentioned (incorporated in detail in bidding documents).

EXECUTIVE ENGINEER
Urban Planning &Dev: Department
Rakhshan Division

PRQ No.1389/19-9-2025

NOTICE INVITING TENDER

The procurement of works listed below for which Notice Inviting Tender on sealed percentage rates based on CSR 2023 Govt: of Balochistan are invited from interested Contractors / Firms with detailed terms & conditions are given below. The tender fee 1000/- will be deposited through green challan in the National Bank of Pakistan Pishin Branch under the head of account **C-02716 (Building CWPP&H Receipt), EARNEST MONEY** 3% of the bid cost in the shape of a call deposit, **RELEVANT CATEGORY** C-6 & Above and **DATE OF COMPLETION 30th June 2026 for each work**

S.#	NAME OF WORK.	E/COST
1.	CONSTRUCTION OF ADDITIONAL CLASSROOM AT PITAW BIYANAZAI GIRLS SCHOOL **TSE-252609861613**	10.00 M
2.	RENOVATION, SOLARIZATION, AND CONSTRUCTION OF ADDITIONAL ROOMS AT BHU AJRAM, TEHSIL SARNAN **TSE-252609861583**	10.00 M
3.	CONSTRUCTION OF ADDITIONAL ROOMS AT AKRAMA DRUG REHABILITATION CENTER, TEHSIL PISHIN **TSE-252609861553**	10.00 M
4.	REPAIR AND RENOVATION OF MIDDLE SCHOOL KILLI MUSAFIR, TEHSIL SARNAN **TSE-252609861523**	3.00 M
5.	REPAIR AND RENOVATION OF MIDDLE SCHOOL KILLI KATABAGH, PISHIN **TSE-252609861503**	3.00 M
6.	CONSTRUCTION OF BUILDING FOR GBPS SPIN PAN (SHELTERLESS) **TSE-252609861433**	10.00 M
7.	CONSTRUCTION OF BUILDING FOR GBPS KAKAZAI (14383), SHIFTED TO MADRASA KHAIRUL MADARIS (SHELTERLESS) **TSE-252609861413**	10.00 M
8.	CONSTRUCTION OF BUILDING FOR GBPS NEW CHURMIAN OLANG (SHELTERLESS) **TSE-252609861403**	10.00 M
9.	CONSTRUCTION OF RESIDENTIAL QUARTERS FOR GBMS GHARAGAL 'TOBA KAKARI, TEHSIL BARSHORE, PISHIN **TSE-252609861373**	10.00 M
10.	CONSTRUCTION OF RESIDENTIAL QUARTERS FOR BHU KILLI HAJI AZIZ, GHARAGAL TOBA KAKARI, TEHSIL BARSHORE, PISHIN **TSE-252609861463**	10.00 M

Eligibility of Bidders Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. Presence in Active Taxpayer List (ATL) is mandatory. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency in Pakistan. Balochistan Revenue Authority (BRA) Registration is required. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 70% Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category. CDR 3 Assignment of similar nature of work and complexity completed in previous 3 years 100% of the Estimated Cost Green Chalan **Method of Procurement** Single Stage, Two Envelope Procedure. **Bid Security** The bid must include a Call Deposit Receipt (CDR) in the amount specified, issued in the name of the undersigned, from a scheduled bank under the contractor's title account. Fake Call Deposits will result in blacklisting of the firm. **Tender Documents** Can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk. Last Date for Bid Submission: 3rd **October,** 2025, by 11:00 AM. Tender Opening: 3rd October, 2025, at 12:00 PM Financial bids opening date will be announced later. **Additional Conditions** Bid security (CDR) for technically non-responsive bidders will be returned within 30 days. Bid Validity Period: 90 days. An affidavit on non-judicial stamp paper (PKR 100/-) must declare: The firm has never been blacklisted. All documents and information submitted are true and correct. Documents will be verified from relevant authorities. Contractors who failed to complete previous projects without valid reasons are ineligible to participate. **For any queries, please contact the Executive Engineer, Building Communication Works, PP&H, District Pishin Office through one of the following: Contact Number: 03013239187**

Executive Engineer (Building)
CWPP&H Department District Pishin

PRQ No.1381/19-9-2025

TENDER NOTICE

TSE-252609862463, TSE-252609861903, TSE-252609852943
Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER (ROADS) CW,PP&H DEPARTMENT DISTRICT JAFFARABAD invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023.

Tender Fee 2000/-and Bid Security 3% for each work

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	REHABILIATAION OF B/T ROAD FROM SHAFI MUHAMMAD BIROHI TO HAJI DEEN MUHAMMAD MASTOI CHOWKI DISTRICT JAFFARABAD PSDP NO. 1320 (Z2025.2932)	39,602,594
2	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD FROM SHAHI CHOWKI TO VILLAGE HAJI RANJHA KHAN BEHRANI LENGTH 2.00 KM DISTRICT JAFFARABAD (NOMENCLATURE CHANGED -PSDP NO. 1222 (Z2025.1933)	39,600,883
3	REHABILITATION OF B/T ROAD FROM KHANPUR TO CADET COLLEGE JAFFARABAD PSDP NO. 1316 (Z2025.1930)	50,998,011

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 27,721,815 PKR, 27,720,618 PKR, 35,698,607 PKR Amount in2 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-5 and above (Upto 65 million) In Relevant Category and Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works), CE01-(i) (Road and Pavements Drainage & Retaining Structure). Bidder must provide affidavit confirming no conflict of interest, not blacklisted, no major litigation, no nonperformance in last 5 years and no failure to sign contract An affidavit on Rs. 100/- stamp paper, in favor of the Procuring Agency, mentioning the Tender TSE Number and the title of work, duly notarized, confirming that the bidder has submitted correct and complete information along with the bid/offer. All bidders must submit the original deposit challan and original Call Deposit Receipt (CDR) within one (01) hour of bid opening. Failure to do so will result in disqualification of the bidder. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 3 % specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **06 October, 2025** till **03:00 PM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **04:00 PM on EPPS System Address:** OFFICE OF EXECUTIVE EGNIEER RAOADS CW, PP&H DEPARTMENT TEHSIL ROAD NEAR DHQ HOSPITAL DISTRICT JAFFARABAD
Phone no: 03332767427 Email: bostankhan71@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER (ROADS)
CW,PP&H DEPARTMENT
DISTRICT JAFFARABAD

PRQ No.1388/19-9-2025

روزنامہ مشرق کوئٹہ

ایشیا کپ سپر 4 مرحلے کا آغاز آج ہوگا، بنگلہ دیش اور سری لنکا آج مدمقابل ہونگے

پاک بھارت کو ہائی وولٹیج ٹاکرا کل ہوگا، پوائنٹس ٹیبل پر سرفہرست رہنے والی دو ٹیمیں فائنل میں رسائی حاصل کریں گی

بنگلہ دیش ٹیم بالترتیب بھارت اور پاکستان کے خلاف میدان میں اترے گی آخری میچ 26 ستمبر کو بھارت اور سری لنکا کے درمیان کھیلا جائے گا

دبئی (آئی این پی) ایشیا کپ کے سپر فور مرحلے کی چاروں ٹیمیں فائنل ہوگئیں۔ سپر فور مرحلے کا آغاز آج (ہفتہ کو) ہوگا۔ پاکستان، بھارت، سری لنکا اور بنگلہ دیش کی ٹیمیں مدمقابل آئیں گی۔ سپر فور مرحلے کا پہلا میچ آج 20 ستمبر کو بنگلہ دیش اور سری لنکا کے درمیان کھیلا جائے گا۔ کل 21 ستمبر کو ہائی وولٹیج ٹاکرے میں پاکستان اور بھارت مدمقابل آئیں گے۔ 23 ستمبر کو پاکستان اور سری لنکا کی ٹیمیں آمنے سامنے آئیں گی۔ 24 اور 25 ستمبر کو بنگلہ دیش ٹیم بالترتیب بھارت اور پاکستان کے خلاف میدان میں اترے گی۔ سپر فور مرحلے کا آخری میچ 26 ستمبر کو بھارت اور سری لنکا کے درمیان کھیلا جائے گا۔ سپر فور مرحلے میں پوائنٹس ٹیبل پر سرفہرست رہنے والی دو ٹیمیں فائنل میں رسائی حاصل کریں گی۔

مضبوط طریقے سے کم بیک کروں گا، ارشد ندیم

ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ کے دوران سب کی سپورٹ کا شکریہ ادا کرتا ہوں

ٹوکیو (این این آئی) اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم نے کہا ہے کہ جانتا ہوں میں نے آپ سب کو مایوس کیا ہے، مضبوط طریقے سے کم بیک کروں گا۔ جاپان کے شہر ٹوکیو میں ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ سے باہر ہونے کے بعد پاکستان کے مایہ ناز جیولین تھرو ارشد ندیم نے ایک بیان میں یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا ہے کہ ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ کے دوران سب کی سپورٹ کا شکریہ ادا کرتا ہوں، فائنل میں عوام کی توقع کے مطابق رزلٹ حاصل نہیں کر سکا جس کی مجھے امید تھی۔ جیولین تھرو ارشد ندیم نے کہا کہ مجھے فخر ہے کہ ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ جیسے بڑے ایونٹ میں قوم کی نمائندگی کی، آپ سب کی دعائیں، پیغامات اور حوصلہ افزائی میرے لیے معنی رکھتی ہے۔

پاکستانی بیٹرز مشکل کنڈیشنز کا حل ڈھونڈنے لگے ہیں، حارث رؤف

مصافحہ کے تنازع سے ہمارا کچھ لینا دینا نہیں، یہ بورڈ کا معاملہ ہے، میڈیا سے گفتگو

دبئی (این این آئی) فاسٹ بولر حارث رؤف نے کہا ہے کہ پاکستانی بیٹرز مشکل کنڈیشنز کا حل ڈھونڈنے لگے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حارث رؤف نے کہا کہ یہاں کھیلنا آسان نہیں ہے، امید ہے کہ آنے والے میچز میں ٹاپ آرڈر کھلاڑی ٹیم کو مضبوط بنیاد فراہم کریں گے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ مصافحہ کے تنازع سے ہمارا کچھ لینا دینا نہیں، یہ بورڈ کا معاملہ ہے۔ واضح رہے کہ 14 ستمبر کو ہونے والے پاک بھارت میچ میں ٹاس کے دوران بھارتی کپتان سوریا کمار یادو نے پاکستانی کپتان سلمان آغا سے مصافحہ نہیں کیا تھا۔ میچ کے بعد بھی بھارتی ٹیم مصافحے کے لیے میدان میں نہ آئی اور ڈریسنگ روم کا دروازہ بند کر لیا تھا۔

ایشیا کپ میں عمان اور انڈیا کے درمیان میچ میں عمان کے بولر وکٹ لینے کے بعد خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

ایشیا کپ 2025ء، کلدیپ یادو نے شاہین آفریدی کی بیٹنگ کی تعریف کر دی

کرکٹ میں غلطیوں سے بھی سیکھا جاتا ہے اور ہر میچ بہتری کا موقع فراہم کرتا ہے، گفتگو

دبئی (این این آئی) بھارت کے لیفٹ آرم اسپنر کلدیپ یادو نے ایشیا کپ 2025ء میں شاہین شاہ آفریدی کی شاندار بیٹنگ فارم کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی فاسٹ بولر اس وقت بیٹنگ میں بہت اچھا کھیل رہے ہیں۔ دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں عمان کے خلاف بھارت کے آخری گروپ میچ سے قبل پریس کانفرنس کے دوران کلدیپ یادو سے حریف بولرز کو سمجھنے کے حوالے سے سوال کیا گیا۔ اس پر انہوں نے تفصیل بتانے کے بجائے ان فارم بلے بازوں کا ذکر کیا اور خاص طور پر شاہین کی بیٹنگ کو سراہا۔ کلدیپ یادو نے کہا کہ جب آپ بولنگ کر رہے ہوتے ہیں تو آپ بلے بازوں کو پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں، کچھ بیٹسمین واقعی اچھا کھیل رہے ہیں۔

ایشیا کپ، پاک بھارت میچ سے قبل بھارتی میڈیا نے نیا شوشہ چھوڑ دیا

آئی سی سی نے پاکستان کے خلاف کارروائی پر غور شروع کر دیا ہے، بھارتی میڈیا کا دعویٰ

نئی دہلی (این این آئی) بھارت اپنی اوچھی حرکتوں سے باز نہ آیا، پاک بھارت میچ سے قبل بھارتی میڈیا نے ایک نیا شوشہ چھوڑ دیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ آئی سی سی نے پاکستان کے خلاف کارروائی پر غور شروع کر دیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ ایشیا کپ میں یو اے ای کے خلاف میچ سے قبل پاکستانی ٹیم نے متعدد ٹورنامنٹ قوانین کی خلاف ورزی کی۔ ٹیم نے میچ ریفری اینڈی پائی کرافٹ کو نہ ہٹانے کے فیصلے کیخلاف احتجاجاً میچ میں تاخیر کی۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا کہ آئی سی سی نے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کو ایک ای میل بھیجی ہے جس میں بدسلوکی اور پلیئرز اینڈ میچ آفیشلز ایریا پروٹوکول کی متعدد خلاف ورزیوں کی نشاندہی کی گئی۔

سری لنکا کے خلاف میچ میں راشد خان بولڈ ہونے کے بعد بھی ری ویو مانگنے لگے، غلط فہمی سوشل میڈیا پر مذاق بن گئی

دبئی (این این آئی) ایشیا کپ 2025 کے اہم میچ میں افغانستان کے کپتان راشد خان کی ایک غلط فہمی سوشل میڈیا پر مذاق بن گئی۔ گزشتہ روز سری لنکا کے خلاف ٹورنامنٹ کے اہم میچ میں راشد خان بولڈ ہوئے جس کا انہیں اندازہ نہ ہوا اور امپائر سے ری ویو مانگنے لگے۔ راشد خان کو محسوس ہوا کہ وہ بولڈ نہیں ہوئے بلکہ امپائر نے انہیں ایل بی ڈبلیو آؤٹ دیا ہے جس کی وجہ سے وہ فوراً ہی ری ویو مانگنے لگے۔ راشد کے ری ویو مانگنے پر امپائر اور سری لنکن بولر نے انہیں آگاہ کیا کہ وہ بولڈ ہوئے ہیں۔ افغان کپتان کے اس انداز پر سوشل میڈیا پر دلچسپ تبصرے کیے گئے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز ٹی 20 ایشیا کپ کے 11 ویں میچ میں سری لنکا نے افغانستان کو 6 وکٹوں سے ہرا دیا تھا جس کے بعد افغانستان کی ٹیم سپر فور مرحلے سے باہر ہوگئی ہے۔

بھارت کرکٹ فیلڈ کو دوبارہ سیاسی اکھاڑہ نہ بنائے، پاکستان

اتوار کو میچ اسپرٹ آف کرکٹ کے تحت ہونا چاہیے، ہمیں بھارتی کرکٹرز سے ہاتھ ملانے کا شوق نہیں، بورڈ ذرائع

آف دی فیلڈ معاملات سے دور رہتے ہوئے صرف اپنے کھیل پر توجہ رکھیں اور بھارت کو شکست دیں، رپورٹ

دبئی (یو این پی) اتوار کو ایشیا کپ سپر فور میچ سے قبل پاکستان نے مطالبہ کیا ہے کہ بھارت کرکٹ فیلڈ کو دوبارہ سیاسی اکھاڑہ نہ بنائے، مقابلہ اسپرٹ آف کرکٹ کے تحت ہونا چاہیے۔ تفصیلات کے مطابق تناؤ سے بھرے ابتدائی میچ کے بعد ایشیا کپ میں پاک بھارت دوسرا مقابلہ اتوار کو ہونا ہے، گزشتہ میچ میں بلو شرٹس نے فتح تو حاصل کر لی مگر اسپورٹس مین اسپرٹ کی دھجیاں اڑا دیں۔ ٹاس کے موقع پر کپتان نے حریف قائد سے ہاتھ نہ ملایا، پھر اختتام پر بھارتی ٹیم نے پاکستان کرکٹرز کے ساتھ مصافحے سے گریز کیا۔ سوریا کمار یادو نے اپنے انٹرویو میں سیاسی باتیں بھی کیں، میچ ریفری اینڈی پائی کرافٹ کے متنازع رویے کی پی سی بی نے آئی سی سی سے شکایت کرتے ہوئے انہیں تبدیل کرنے کا مطالبہ کیا، بصورت دیگر بائیکاٹ کی بھی دھمکی دی۔ اس تنازع کی وجہ سے پاک یو اے ای میچ خطرے میں پڑ گیا، بعد میں ریفری کی معافی اور آئی سی سی کی جانب سے انکوائری کا یقین دلانے پر ایک گھنٹے تاخیر سے مقابلے کا آغاز ہوا۔ اب سپر فور میں روایتی حریفوں کے دبئی کرکٹ اسٹیڈیم میں مقابلے سے قبل ایک بار پھر خدشات ظاہر کیے جا رہے ہیں کہ بھارت کہیں ایک بار پھر اسے اپنے مذموم سیاسی عزائم کیلئے استعمال نہ کرے۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی نے آئی سی سی سے بھی اس حوالے سے بات کی کہ میچ آفیشلز کو پہلے ہی بتا دیا جائے کیا کرنا ہے، میچ میں سیاسی چیزیں نہیں ہونی چاہئیں، ہمیں بھی بھارتی کرکٹرز سے ہاتھ ملانے کا شوق نہیں۔

پاکستان کی انڈر 17 فٹبال ٹیم سیمی فائنل میں پہنچ گئی

مالدیپ کو 5-2 سے شکست دے کر نوجوان کھلاڑیوں نے شاندار کارکردگی دکھائی

کولمبو (آن لائن) سری لنکا کے دارالحکومت میں جاری ساف انڈر 17 فٹبال چیمپئن شپ میں پاکستان کی جونیئر فٹبال ٹیم نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے سیمی فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ جمعہ کو کھیلے گئے گروپ میچ میں پاکستان نے مالدیپ کو 5-2 سے شکست دی۔ قومی ٹیم نے ابتدا ہی سے جارحانہ کھیل پیش کیا اور پہلے ہاف میں برتری حاصل کی، جسے بعد میں مزید گولز کے ذریعے مستحکم کیا گیا۔ پاکستانی فارورڈز نے عمدہ مہارت اور تیز رفتار کھیل سے حریف دفاع پر مسلسل دباؤ ڈالا جبکہ گول کیپر نے کئی اہم مواقع پر شاندار دفاع کیا۔ اس سے قبل پاکستان نے اپنے پہلے گروپ میچ میں بھوٹان کو 4-0 سے شکست دے کر ٹورنامنٹ میں فاتحانہ آغاز کیا تھا۔

فیمکے بول نے 400 میٹر ہرڈلز میں عالمی چیمپئن کا اعزاز برقرار رکھا

نیدرلینڈز کی ایتھلیٹ نے سونے کا پہلا تمغہ جیتا، سڈنی مک لافلن-لیورون اس مرتبہ 400 میٹر ہرڈلز میں حصہ نہیں لیں

ٹوکیو (آن لائن) نیدرلینڈز کی ایتھلیٹ فیمکے بول نے ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں 400 میٹر ہرڈلز رکاوٹوں کی دوڑ میں اپنی عالمی چیمپئن کی حیثیت برقرار رکھتے ہوئے سونے کا تمغہ جیتا اور اپنے ملک کو ٹوکیو میں اس ایونٹ میں پہلا تمغہ دلایا۔ امریکہ کی دو بار اولمپک گولڈ میڈل جیتنے والی اور عالمی ریکارڈ ہولڈر سڈنی مک لافلن-لیورون اس مرتبہ اس ریس میں حصہ نہیں لے سکیں۔ بول نے دوڑ 51.54 سیکنڈ میں مکمل کی، جو ان کے لیے ایک اور شاندار کامیاب سیزن کا اختتام تھا۔ اس دوران انہوں نے ڈائمنڈ لیگ کے چھ مقابلوں میں ناقابل شکست کارکردگی بھی دکھائی۔ چاندی کا تمغہ امریکہ کی جیسمین جونز نے 52.03 سیکنڈ کے ذاتی بہترین وقت میں جیتا۔

عبدالرحمان اور مصطفی عرفان نے آل پاکستان نیشنل جونیئر سکواش چیمپئن شپ جیت لی

پشاور (آن لائن) آل پاکستان نیشنل جونیئر سکواش چیمپئن شپ 2025 میں پاکستان ایئر فورس کے کھلاڑیوں کی برتری، انڈر 11 کیٹگری میں عبدالرحمان اور انڈر 17 میں مصطفی عرفان نے چیمپئن کا اعزاز حاصل کر لیا، پشاور سپورٹس کمپلیکس کے قمر زمان سکواش کورٹ میں کھیلے گئے فائنل مقابلوں میں انڈر 11 کیٹگری میں پی اے ایف کے عبدالرحمان نے پی اے ایف ہی کے آنس رافع کو 11-11، 5-6 اور 8-11 جبکہ انڈر 17 میں پی اے ایف کے مصطفی عرفان نے پی اے ایف کے عبداللہ زمان کو 9-11، 11-9 اور 5-11 سے شکست دے کر ٹرافی اپنے نام کر لی۔ اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی سیکرٹری پبلک ہیلتھ اور چیئرمین صوبائی سکواش ایسوسی ایشن داؤد خان نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے، اس موقع پر ان کے ہمراہ سکواش لیجنڈ قمر زمان، چیف انجینئر میر آدام وزیر، سیکرٹری جنرل اے آئی جی پی ایس امجد اعزیز ملک، صوبائی نائب صدر احسان، محب اللہ، گروپ کیپٹن عرفان انظیر، سیکرٹری منصور زمان، محمد وسیم اور چیف کوچ و آرگنائزر منور زمان سمیت دیگر شخصیات موجود تھے۔

لاہور، پاکستان اور جنوبی افریقہ ویمنز کرکٹ ٹیمیں ون ڈے انٹرنیشنل میں مدمقابل ہیں

جوش انگلس نیوزی لینڈ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز سے باہر، متبادل کھلاڑی کا اعلان

نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا کے مابین تین ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز اکتوبر میں کھیلی جائے گی

سڈنی (آئی این پی) آسٹریلوی فاسٹ بولر جوش انگلس انجری کے باعث تین میچز کی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لئے دورہ نیوزی لینڈ سے باہر ہو گئے۔ جوش انگلس نے منگل کو پرتھ میں رننگ سیشن کے بعد پیر میں سوزش کی شکایت کی تھی۔ انگلس کے بعد انجری کی نوعیت دیکھتے ہوئے انہیں دورہ نیوزی لینڈ سے باہر کر دیا گیا۔ جوش انگلس کی جگہ ایلکس کیری کو ٹیم میں شامل کر لیا گیا ہے۔

ویلالاگے کے والد کی ہارٹ اٹیک سے موت کی خبر پر محمد نبی ششدر رہ گئے

کولمبو (این این آئی) سری لنکن آل راؤنڈر ویلالاگے کے والد کی ہارٹ اٹیک کے باعث موت کی خبر پر افغان آل راؤنڈر محمد نبی ششدر رہ گئے۔ بین الاقوامی میڈیا کے مطابق ایشیا کپ کے سری لنکا اور افغانستان میچ کے دوران سری لنکن کھلاڑی دنیتھ ویلالاگے کے والد سرانگا ویلالاگے انتقال کر گئے۔ سری لنکن کھلاڑی کے والد کے انتقال پر جہاں فضا سوگوار ہوگئی اس خبر پر افغان آل راؤنڈر محمد نبی کو بھی اس کا شدید دکھ ہوا اور اس کا اظہار افغان آل راؤنڈر نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنی پوسٹ پر کیا۔

افغانستان کیخلاف ایک اوور میں 5 چھکے کھانے والے ویلالاگے کے والد انتقال کر گئے

میچ کے بعد کوچ سنتھ جے سوریا اور ٹیم منیجر نے ویلالاگے کو والد کے انتقال کی خبر دی

دبئی (یو این پی) ایشیا کپ کے میچ میں افغانستان کیخلاف ایک اوور میں پانچ چھکے کھانے والے سری لنکن آل راؤنڈر ویلالاگے کے والد انتقال کر گئے۔ سری لنکن میڈیا کے مطابق دونتھ ویلالاگے کے والد سورنگا ویرنتھ ویلالاگے کو سری لنکا اور افغانستان کے خلاف میچ کے دوران ہارٹ اٹیک ہوا، انہیں فوری طور پر قریبی اسپتال لے جایا گیا جہاں وہ زندگی کی بازی ہار گئے۔ میچ کے بعد کوچ سنتھ جے سوریا اور ٹیم منیجر نے ویلالاگے کو والد کے انتقال کی خبر دی۔

کھیلوں میں سیاست کیخلاف انٹرنیشنل اولمپکس کمیٹی کا ورکنگ گروپ بنانے کا اعلان

کھیل قوموں کو قریب لانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور یہی اولمپک کا بنیادی اصول ہے، ملکوں کی کشیدگی مذاکرات سے دور کی جانی چاہیے، اعلامیہ

کھیل ہی دنیا کو امن اور اتحاد کے رشتے میں جوڑنے کی طاقت رکھتے ہیں، کھیلوں کو سیاسی چپقلش کا شکار نہیں ہونا چاہیے، آئی او سی ایگزیکٹو بورڈ اجلاس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) انٹرنیشنل اولمپکس کمیٹی نے کھیلوں میں سیاست کے خلاف ورکنگ گروپ بنانے کا اعلان کر دیا۔ کمیٹی نے سیاسی معاملات اور ملکوں کے درمیان کشیدگی کی بنیاد پر اسپورٹس ایونٹس کے بائیکاٹ، منسوخی اور کھلاڑیوں کے سفر میں رکاوٹ ڈالنے کے واقعات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ واضح رہے کہ حال ہی میں بھارت نے کھیلوں کے سیاسی بنیادوں پر بائیکاٹ اور کھلاڑیوں کے ویزے منسوخی کے اقدامات کیے ہیں۔ آئی او سی ایگزیکٹو بورڈ اجلاس کے بعد اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ کھیل قوموں کو قریب لانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور یہی اولمپک کا بنیادی اصول ہے، ملکوں کی کشیدگی مذاکرات سے دور کی جانی چاہیے، کھیل ہی دنیا کو امن اور اتحاد کے رشتے میں جوڑنے کی طاقت رکھتے ہیں، کھیلوں کو سیاسی چپقلش کا شکار نہیں ہونا چاہیے۔ کمیٹی نے کھیلوں میں سیاست کی مداخلت پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی کشیدگی کے باعث ایونٹس کے بائیکاٹ، کھلاڑیوں کے سفر میں رکاوٹ اور مقابلوں کی منسوخی کھلاڑیوں کے حق پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے۔ انٹرنیشنل اولمپکس کمیٹی کا کہنا ہے کہ آئی او سی کا ورکنگ گروپ کھیلوں کی سیاسی غیر جانبداری کو یقینی بنائے گا، کھلاڑی امن کے سفیر ہیں اور اولمپکس کا بنیادی اصول کھیلوں کو سیاست سے الگ رکھنا ہے۔ یاد رہے کہ 2036ء کی میزبانی کا خواہشمند بھارت بارہا اولمپک کے امن کے اصول کی خلاف ورزی کر چکا ہے، بھی پاکستانی کھلاڑیوں کو ویزے سے انکار، بلائنڈ کرکٹ، اسنوکر، ہاکی، اسنوکر اور اسکواش ٹیموں کو ویزے نہ دینا اس کی کھلی مثال ہے، اس کے علاوہ کرکٹ اور فٹ بال ٹیموں کو آخری لمحات تک منتظر رکھنا بھی بھارت کا رویہ رہا ہے۔ حال ہی میں بھارتی کرکٹرز نے پاکستانی پلیئرز سے ہاتھ نہ ملا کر دنیا بھر میں کھیلوں کی روح کی نفی کی، اسپورٹس ماہرین کے مطابق کھیلوں کو سیاست کا شکار بنانے سے بھارت کی اولمپک بڈ خطرے میں پڑ سکتی ہے۔

ہدایت اللہ کو سپورٹس افسر کا چارج ملنے پر عوامی حلقوں کا خیر مقدم

موصوف مخلص اور ایماندار افسر ہیں اپنے فرائض احسن طریقے سے انجام دینگے، عوامی حلقے



کوئٹہ (پ ر) بلوچستان بورڈ کے اعلامیہ کے مطابق بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے لاء افسر ہدایت اللہ کو سپورٹس افسر کا اضافی چارج بھی دے دیا گیا ہے۔ ہدایت اللہ لاء افسر کیساتھ سپورٹس افسر کی اضافی ذمہ داریاں بھی انجام دینگے۔ موصوف مخلص، ایماندار اور ذمہ داری سے اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ عوامی حلقوں نے سپورٹس افسر کے اضافی چارج ملنے پر خیر مقدم کیا ہے اور کہا کہ سپورٹس افسر کی حیثیت سے بھی اپنے فرائض احسن طریقے سے انجام دینگے۔

لاہور، شائقین پاکستان اور جنوبی افریقہ ویمنز کرکٹ ٹیموں کے درمیان دوسرا ون ڈے انٹرنیشنل میچ دیکھ رہے ہیں

پاک بھارت میچ کی ٹکٹ 350 درہم میں فروخت کیلئے دستیاب

21 ستمبر کو دبئی میں پاک بھارت میچ کھیلا جائے گا، ایشیا کپ کا فائنل 28 ستمبر کو شیڈول ہے

لاہور (این این آئی) ایشیا کپ 2025 سپر فور مرحلے کی ٹکٹس کی فروخت کا آغاز کر دیا گیا جس میں میچز کی ٹکٹ کی کم سے کم قیمت 75 درہم ہے شائقین ٹکٹس آن لائن اور سٹیڈیمز سے خرید سکتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پاک بھارت میچ کے ٹکٹ 350 درہم سے فروخت کیلئے دستیاب ہوں گی، 28 ستمبر کے فائنل کے لیے بھی محدود ٹکٹس جاری کیے گئے ہیں۔

پاکستان ویمن فٹبال ٹیم پہلی مرتبہ بین الاقوامی مقابلوں میں حصہ لے گی

ساف ویمن کلب چیمپئن شپ 5 سے 22 دسمبر تک نیپال میں کھیلی جائے گی

کراچی (آئی این پی) پاکستان ویمن فٹبال کلب ٹیم پہلی مرتبہ بین الاقوامی مقابلوں میں حصہ لے گی۔ پاکستانی کلب کراچی سٹی ایف سی ساف ویمن کلب چیمپئن شپ میں شریک ہوگی جو پاکستان کی موجودہ چیمپئن ویمن ٹیم بھی ہے۔ ساف ویمن کلب چیمپئن شپ 5 سے 22 دسمبر تک نیپال میں کھیلی جائے گی، ایونٹ میں پاکستان کے کراچی سٹی ایف سی سمیت 5 ٹیمیں شریک ہوں گی۔ اس کے علاوہ ایونٹ میں انڈیا سے ایسٹ بنگال، نیپال سے اے پی ایف فٹبال کلب، بنگلہ دیش سے نصرین اسپورٹس اکیڈمی اور بھوٹان سے ٹرانسپورٹ یونائیٹڈ کی ٹیمیں شریک ہوں گی۔

صحافیوں کو پیشہ ورانہ فرائض سے نہیں روکا جا سکتا، دھنی بخش مگسی

صحبت پور انتظامیہ عوام کے مسائل حل کرنے میں بری ناکام ہو چکی ہے

ڈیرہ اللہ یار (نامہ نگار) یونین آف جرنلسٹس نصیرآباد ڈویژن نے صحبت پور کے تین مقامی صحافیوں جمل بلوچ، مشتاق عزیز کھوسہ اور حوران جکھرانی کے خلاف ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ایف آئی آر کے اندراج پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحبت پور کی ضلعی انتظامیہ نے پیکا کے کالے قانون کا سہارا لیتے ہوئے صحافیوں کو علاقے کے مسائل اجاگر کرنے کے پاداش میں انتقامی کارروائی کا نشانہ بنایا جس سے بلوچستان بالخصوص نصیرآباد ڈویژن کے صحافتی حلقوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ ڈویژن کے صدر دھنی بخش مگسی نے اپنے جاری ایک بیان میں کہا کہ اس قسم کے ہتھکنڈوں سے صحافیوں کو ان کے پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی سے نہیں روکا جا سکتا۔ یونین آف جرنلسٹس نصیرآباد ڈویژن نے کہا کہ صحبت پور انتظامیہ عوام کے مسائل حل کرنے میں ناکام ہو چکی ہے اگر صحافیوں پر درج مقدمہ واپس نہیں کیا گیا تو ڈویژن بھر کے پریس کلبز کی جانب سے ہر شہر میں احتجاجی مظاہرے کیے جائیں گے۔ صحافتی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری سے مطالبہ کیا کہ صحبت پور پولیس تھانے میں صحافیوں پر درج بے بنیاد مقدمہ خارج کیا جائے۔

تعمیراتی کاموں میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، ڈی سی صحبت پور

صحبت پور (آن لائن) ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے مواصلات و تعمیرات بلڈنگز کی نگرانی میں زیر تعمیر گورنمنٹ گرلز کالج صحبت پور اور ڈسٹرکٹ کمپلیکس بلڈنگ کے تعمیراتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر بلڈنگز عرفان علی نے ڈپٹی کمشنر کو جاری تعمیراتی سرگرمیوں، ترقیاتی امور اور ان میں درپیش مشکلات کے حوالے سے آگاہی فراہم کی۔ ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین نے بلڈنگز ڈیپارٹمنٹ کے افسران کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کاموں میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور منصوبے مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کی ترویج اور عوامی فلاح کے لیے حکومت خطیر وسائل خرچ کر رہی ہے، لہٰذا یہ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے کہ ان منصوبوں کو پائیدار اور معیاری بنایا جائے۔

ڈیرہ مراد جمالی، رکن صوبائی اسمبلی صادق عمرانی سے حاجی امداد منیری ملاقات کر رہے ہیں

صحت اور تعلیم کے مسائل کے حل پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے، ساگر کمار

تعلیم اور صحت کے مسائل حل کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کرینگے، ڈی سی

قلعہ سیف (پ ر) ڈپٹی کمشنر ساگر کمار نے کہا کہ صحت اور تعلیم کے مسائل کے حل پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے دستیاب وسائل کو بروئے کار لا کر تعلیم اور صحت کے مسائل حل کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کرینگے غیر حاضر اساتذہ اور ڈاکٹرز کے خلاف قانونی کارروائی کیا جائیگا ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے میٹنگ میں متعدد غیر حاضر اساتذہ کے تنخواہوں سے کٹوتی کی گئی تاکہ وہ اپنے جائے تعیناتی پر حاضری کو یقینی بنائیں علاقے کے مسائل کے حل میں عوام اور قبائل کا اہم کردار ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی سی آفس میں میڈیا اور مختلف وفد سے بات چیت کے دوران کیا

صحت کے شعبے میں بہتری ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، منصور علی شاہ

سبی (آن لائن) اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ کی زیر صدارت پی پی ایچ آئی کی ماہانہ کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے 15 بنیادی مراکز صحت (بی ایچ یوز) کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی سید علی گیلانی بھی موجود تھے۔ اجلاس کے دوران ہر مرکز کے انچارج نے اپنی کارکردگی، درپیش مسائل اور ان کے ممکنہ حل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اسسٹنٹ کمشنر منصور علی شاہ نے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت کے شعبے میں بہتری ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، عوام کو بنیادی صحت کی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ہمارا مشن ہے۔ انہوں نے تمام بی ایچ یوز کو درپیش مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ ضلعی انتظامیہ عملی اقدامات کے ذریعے صحت کے نظام کو مزید فعال بنانے کے لیے کوشاں ہے۔ اجلاس میں بہترین کارکردگی دکھانے والے مراکز صحت کے اسٹاف کو تعریفی اسناد بھی دی گئیں۔

دالبندین ہندو برادری کی میونسپل کمیٹی ملازمین کے احتجاج کی حمایت

ہندو محلہ سمیت پورے شہر کی صفائی ستھرائی کا نظام بری طرح متاثر ہو چکا ہے

دالبندین (نمائندہ خصوصی) دالبندین ہندو محلہ برادری کی میونسپل کمیٹی ملازمین کے احتجاج کی حمایت، ہندو محلہ برادری دالبندین پنچایت نے میونسپل کمیٹی دالبندین کے ملازمین کو تنخواہوں، تیل، مشینری اور دیگر میکینکس کے بقایاجات کی عدم ادائیگی کے خلاف جاری احتجاج کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے۔ برادری کے عمائدین نے کہا کہ میونسپل کمیٹی کے ملازمین کو کئی ماہ سے تنخواہیں اور ضروری وسائل فراہم نہ ہونے کے باعث ہندو محلہ سمیت پورے شہر دالبندین میں صفائی ستھرائی کا نظام بری طرح متاثر ہو چکا ہے۔ گلی کوچے کچرے سے بھر گئے ہیں، نالیاں بند پڑی ہیں اور شہری صحت کے سنگین مسائل کا شکار ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ ملازمین دن رات محنت کر کے عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرتے ہیں، لیکن جب انہیں ہی بروقت تنخواہیں اور بقایاجات نہ ملیں تو وہ اپنے فرائض احسن انداز میں سرانجام نہیں دے سکتے۔ اس صورتحال کا براہ راست نقصان عوام کو ہو رہا ہے۔ ہندو محلہ برادری نے صوبائی حکومت، کمشنر رخشان ڈویژن، ڈپٹی کمشنر چاغی اور متعلقہ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ میونسپل کمیٹی دالبندین کے ملازمین کو فوری طور پر تنخواہیں اور بقایاجات ادا کیے جائیں اور ادارے کو درکار فنڈز اور وسائل فراہم کیے جائیں تاکہ شہر میں صفائی اور دیگر بلدیاتی خدمات کا نظام بحال ہو سکے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر اس مسئلے کو فوری بنیادوں پر حل نہ کیا گیا تو دالبندین شہر میں مسائل مزید گھمبیر ہو جائیں گے اور وبائی امراض پھیلنے کا خدشہ ہے۔

مستونگ، ڈی سی بہرام سلیم بلوچ شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں

قلات، عوامی مسائل کے حل کیلئے انتظامیہ کی جانب سے کھلی کچہری

مقصد عوام اور ضلعی انتظامیہ کا براہ راست رابطہ کرانا ہے، جمیل احمد بلوچ

قلات (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان کے خصوصی احکامات پر عوامی مسائل سننے اور ان کے حل سے متعلق ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری ڈی سی کمپلیکس میں منعقد ہوا۔ کھلی کچہری میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ، اسسٹنٹ کمشنر آفتاب احمد، الاسی ایف سی لیفٹیننٹ کرنل نوید، لیفٹیننٹ کرنل تصور خالد، چیئرمین میونسپل کمیٹی نوابزادہ میر شعیب جان زہری، ڈی ایس پی ماہوال پولیس فورس اور لیویز فورس کے افسران سمیت دیگر سرکاری محکموں کے سربراہان، سیاسی قبائلی رہنماؤں، کونسلران، صحافی برادری اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں عوام نے کھل کر اپنے مسائل بیان کیے اور متعلقہ محکموں کے سربراہان نے مسائل سے متعلق جوابات دیے۔ کھلی کچہری سے سیاسی قبائلی رہنما، آغا لعل جان احمدزئی، آغا اکرم جان احمدزئی، میر قادر بخش مینگل، چیئرمین عبدالواحد چدرانی، میر منیر احمد شاہوانی، قاری رحمت اللہ نقشبندی، مولانا عبدالسلام، خلیل مغل، فضل الرحمن رحمانی، کونسلر ماما عزیز، ابابکی محمد اقبال دہوار، احمد نواز بلوچ، میر مبارک محمد حسنی، سیکنڈر صحافی، شادی خان مینگل اور دیگر نے عوامی مسائل بیان کیے۔ معززین نے قلات میں امن و امان کے قیام، شہر میں اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب، زمینداروں کے لیے کسان کارڈ کے طریقہ کار، گیس کی عدم فراہمی، بجلی کے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور بلنگ، عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی، ایم سی کے ترقیاتی کاموں کی نگرانی، پولیس تھانہ اور جوڈیشل لاک اپ کی مرمت، خشک ٹیوب ویلوں کی ڈرلنگ، سڑکوں کی تعمیر، زاوہ ڈیم کی تعمیر میں سست روی، پریس کلب قلات کی فعالی، سیوریج سسٹم کی خرابی، گلی محلوں میں صفائی ستھرائی، گرانفروشی، سبزی منڈی کی فعالی اور دیگر اہم مسائل بیان کیے۔ ڈپٹی کمشنر جمیل احمد بلوچ نے اس موقع پر عوامی مسائل کے حل کے لیے محکموں کے سربراہان کو فوری حل کرنے کی ہدایات جاری کر دی۔

TENDER NOTICE

TSE-252609864083 **Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The Executive Engineer Roads Kuchlak CWPP&H Department Quetta invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee 2000/-and Bid Security 3%**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of Black Top Road from Sarangzai to BDA Bypass near Baleli Bridge. PSDP No. 1490/ Z2025.0758	89,185,140

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 62,429,598 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-4 and above (Upto 200 million) In Relevant Category And Specialized Code is CE01, CE02(I) (Bridge Structures), CE09(I) (Sewerage Works), CE10(i) (General Civil Engineering Works), CE11(i) (General engineering Works only). the bidder must have completed three assignment of similar nature of work (70% of this work) with completion certificates The firm / contractor must have deposited green challan amounting to Rs. 2000 in the National of Pakistan in the head of account No. C-02716 The amount of Bid Security in the form of CDR issued by a scheduled Bank in Pakistan in favor of the employer at the rate of 3% the bidder must have on-going Two assignment of similar nature of work (70% of this work) with satisfactory performance certificates All bidders must submit the original deposit challan and original Call Deposit Receipt (CDR) within one (01) hour of bid opening. Failure to do so will result in disqualification of the bidder. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 06 October, 2025till 09:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 10:00 AM on EPPS System **Address:** Office of the Executive Engineer Roads Kuchlak CWPP&H Department Spiny Road Quetta.
Phone no: 3458375521
Email: sanaullahmengalxenkuchlakroads@gmail.com

Executive Engineer-Road Kuchlak CWPP&H Department Quetta

PRQ No.1386/19-9-2025

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The EXECUTIVE ENGINEER (Building), City Quetta CWPP&H invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee 2000/- and Bid Security 2% for each work**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction & Renovation of Government Girls High School, Shaldara, Quetta (PSDP No: 5414, Z2025.0542) **TS-252609864213**	94,999,680
2	Construction of Additional Class Rooms in Govt: Boys High School Kakar Colny Quetta **TS-252609864333**	9,073,953

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 66,499,776 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-4 and above (Upto 200 million) In Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works). Bidder must provide affidavit confirming no conflict of interest not blacklisted no major litigation no nonperformance in last 5 years and no failure to sign contract Bidder must have completed at least 2 similar projects each with cost not less than 75 percent of the estimated cost during the last 3 years CDR and Green Challan The bidder must submit the Call Deposit Receipt (CDR) and Green Challan within 24 hours after the attendance sheet has been uploaded on the BPPRA website. Failure to do so will result in the disqualification of the bidder. **Procedure Of Procurement:** *Single Stage Two Envelope Bidding Procedure* **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call of 2 %** specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **08 October, 2025till 09:00 AM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **10:00 AM on EPPS System Address:** whyte Road Quetta
Phone no: 0819203188
Email: executiveengineerquettacity@gmail.com

Executive Engineer (Building), City QUETTA CWPP&H Department

PRQ No.1390/19-9-2025

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Executive Engineer Public Health Engineering Division Dera Bugti invites Sealed tenders/Bids from the firms/contractors for the following work approved in PSDP 2025-26. Tender Fee 1500/- and Bid security 4 % for each work. Time limit three months.

S#	NAME OF WORK	APP. COST(M)
1	EXTENSION AND IMPROVEMENT OF PIRKOH WSS DISTRICT DERA BUGTI	
i	SUPPLY AND INSTALLATION OF BOOSTING MACHINERY AND VFD **TSE-252609864123**	28.000
ii	SUPPLY AND INSTALLATION OF BOOSTING MACHINERY **TSE-252609864173**	23.700
iii	SUPPLY AND INSTALLATION OF TRANSFORMER **TSE-252609864553**	16.000

Procurement will be finalized as per B-PPRA Rules and regulations, the firm must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant category and relevant discipline who have renewal for the year 2025-26 and registered with tax authorities i.e. BRA, NTN , GST & Sales Tax Department active filers where applicable and who are on ATL of FBR. The bidder must have completed 03 assignment of similar nature of work and turnover of previous years showing financial capacity of the firm. ISO 9001 certification, PSQCA / international standards (ASME/IEC/ISO), Warranty and after-sales service undertaking & Affidavit of not being blacklisted.. The tender fee must be deposited in head of account **C - 02721 – 02726** through Green challan in any National Bank of Pakistan. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage, One envelope procedure. **BIDDING DOCUMENTS / TENDER DOCUMENTS:** Can be downloaded from B-PPRA Website or on Production of Tender Fee and Tender documents cost Rs: 1500/- for each work. **(i) ISSUANCE:** The tender form will be issued to bidders after publication of notice in newspapers from the presentation of requisite documents i.e tender fee (Non-refundable). Bid security / earnest money mentioned above, original valid Engineering Council Certificate in relevant / required category, registration with BRA income tax certificate (NTN) etc. **(ii) SUBMISSION:** Last date for submission of bids **08-10-2025 at 12:00 PM. (iii) OPENING:** The sealed bids will be opened on **08-10-2025 at 01:00 PM. Place of issuance, submission inquiries and opening will be: ADDRESS:** Office of the XEN PHE Division Dera Bugti.
Telephone No. 0835 –410533/ 0835 – 410433
E-Mail DB4023@bppra.gob.pk
Other terms and conditions are attached with tender documents.

EXECUTIVE ENGINEER Public Health Engineering Division Dera Bugti

PRQ No.1387/19-9-2025

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

It is hereby notified for general information that the tenders invited by this office vide published in the daily newspapers under PRQ No. 995/01-9-2025 are Extended on 26Th September 2025. The TSE No and Title of Schemes are Enlisted Below

S. No	TSE NO	S. No	TSE NO
1	TSE-252608822723	2	TSE-252608822803
3	TSE-252608822893	4	TSE-252608822953

Executive Engineer (Buildings) CWPP&H Department District kech

PRQ No.1385/19-9-2025

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 — پاکستان

کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کی قیادت دونوں ممالک کے تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے کا عزم رکھتی ہے، دونوں ممالک کے درمیان ہونے والا تاریخی دفاعی معاہدہ کسی تیسرے ملک کے خلاف نہیں ہے۔ ہفتہ وار میڈیا بریفنگ دیتے ہوئے ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا سعودی فرمانروا کی دعوت پر وزیراعظم شہباز شریف نے 17 ستمبر کو سعودی عرب کا دورہ کیا جہاں وزیراعظم کا پرتپاک استقبال کیا گیا، دونوں ملکوں کے درمیان سرکاری سطح پر مذاکرات ہوئے جن میں وفود نے بھی شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات بھائی چارے اور تعاون کی منفرد مثال ہیں، پاکستانی عوام کو سرزمین حرمین شریفین سے خاص عقیدت ہے، 1960 کی دہائی سے دفاعی تعاون پاکستان سعودی تعلقات کا وزیر دفاع خواجہ آصف نے سعودی عرب کے ساتھ دفاعی معاہدے کے حوالے سے بھارت کے ردعمل پر کہا کہ بھارت کا پریشان ہونا فطری ہے، لیکن بھارت کا چیخیں مارنا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ ہمارے کسی ملک کے خلاف کوئی عزائم نہیں ہیں۔ ہم تو برصغیر میں امن چاہتے ہیں۔ اگر ہمارے خلاف جارحیت ہوتی ہے تو دفاع کرنا ہمارا حق ہوگا۔ خواجہ آصف نے لندن میں ایک نجی ٹی وی چینل سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعاون کوئی نئی بات نہیں ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اس تعاون کا آغاز 40 سے 50 سال پہلے ہو چکا ہے اور اس میں کبھی شدت آتی ہے تو کبھی یہ معمول کے مطابق ہوتا ہے۔ وزیر دفاع نے بھارت کے ردعمل کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ "بھارت کی طرف سے اس معاہدے پر جو ردعمل آ رہا ہے، وہ غیر ضروری ہے۔ اگر بھارت ہمارے دفاعی معاہدے سے پریشان ہو رہا ہے تو اس میں کوئی مسئلہ نہیں۔ ہم کسی کو نقصان پہنچانے کی نیت نہیں رکھتے، ہمارا مقصد صرف اپنے دفاع کو مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ "ہم برصغیر میں امن چاہتے ہیں اور پاک سعودی معاہدے کا مقصد صرف دفاعی اور تکنیکی تعاون بڑھانا ہے۔ اگر بھارت کی جانب سے کسی قسم کی جارحیت ہوتی ہے تو پاکستان کو اپنے دفاع کا مکمل حق حاصل ہے۔ خواجہ آصف نے سعودی عرب کے ساتھ دفاعی تعاون کو "طویل المدتی" قرار دیتے ہوئے کہا کہ "ہم سعودی عرب کے ساتھ اپنے دفاعی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے خواہاں ہیں۔ یہ معاہدہ ایک تکنیکی اور تربیتی تعاون کا عکاس ہے، جس سے دونوں ممالک کے افواج کو فائدہ ہوگا

بقیہ 2 — جنرل احمد شریف چوہدری

دہشتگردی اور سنگین جرائم میں ملوث ہیں، پاکستان نے دہشتگردی کیخلاف جنگ میں فرنٹ لائن اسٹیٹ کا کردار ادا کیا اور بے پناہ قربانیاں دیں، پاک بھارت کشیدگی اور معرکہ حق کے دوران امریکی صدر ٹرمپ کا قائدانہ کردار اسٹریٹجک لیڈر کے طور پر سامنے آیا، پاکستان کے برادر ملک چین کے ساتھ بھی تعمیری اور اسٹریٹجک تعلقات ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے 5 ستمبر 2025ء کو جرمن جریدے کے نمائندہ کے ساتھ اہم امور پر تفصیلی گفتگو کی۔ جرمن جریدے کو خصوصی انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان نے 40 سال تک لاکھوں افغان مہاجرین کی میزبانی کی، افغان مہاجرین کی باعزت واپسی کیلئے بہت منظم طریقے سے اقدامات کیے گئے ہیں اور پاکستان نے انسانی بنیادوں پر افغان مہاجرین کے انخلا، کی ڈیڈ لائن میں متعدد بار توسیع کی ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ افغان مہاجرین کی پناہ کی بنیادی وجوہات غیر ملکی مداخلت اور خانہ جنگی تھی وہ وجوہات اب موجود نہیں۔ پڑوسی ملک سے متعلق کیے گئے سوال پر ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ بھارت میں پرتشدد واقعات بھارتی حکومت کی بڑھتی انتہا پسند پالیسیوں کا نتیجہ ہیں، بھارت اپنے اندرونی مسائل کو بیرونی جبکہ بیرونی مسائل کو اندرونی مسئلہ بنا کر پیش کرتا ہے، بھارت ریاستی سرپرستی میں پاکستان میں دہشتگردانہ کارروائیوں میں ملوث ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ بھارتی فوج کے حاضر سروس افسران کے پاکستان میں دہشتگردانہ کارروائیوں میں ملوث ہونے کے مستند شواہد منظر عام پر آچکے ہیں اور پاکستان بھارتی دہشتگردی کے ثبوت اقوام عالم کے سامنے متعدد مرتبہ پیش کر چکا ہے، مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے عالمی برادری کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ بھارتی ریاستی ادارے بشمول آرمی شدت پسند سیاسی نظریات کے زیر اثر ہیں، پاکستان کی ریاست تمام غیر ریاستی عناصر کو بلاتفریق مسترد کرتی ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے واضح کیا کہ پاکستان میں کسی بھی جیش یا مسلح جتھوں کیلئے کوئی جگہ نہیں ہے، ریاست کے علاوہ کوئی گروہ یا شخص جہاد کا اعلان کرنے کا اختیار نہیں رکھتا۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ پاکستان نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں فرنٹ لائن اسٹیٹ کا کردار ادا کیا اور دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بے پناہ قربانیاں دی ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ امریکی انخلاء کے بعد افغانستان میں چھوڑے گئے امریکی ہتھیار دہشتگردی میں استعمال ہو رہے ہیں اور امریکا بھی اس اسلحے کے دہشتگردانہ کارروائیوں میں استعمال پر تشویش کا اظہار کر چکا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاک بھارت کشیدگی اور معرکہ حق کے دوران امریکی صدر ٹرمپ کا قائدانہ کردار اسٹریٹجک لیڈر کے طور پر سامنے آیا جبکہ پاکستان کے برادر ملک چین کے ساتھ بھی تعمیری اور اسٹریٹجک تعلقات ہیں۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ امریکا نے کالعدم مجید بریگیڈ کو عالمی دہشتگرد تنظیم قرار دیا، بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے متعدد ہلاک دہشتگرد ماہ رنگ کے دھرنوں پر کی فہرست میں بھی شامل تھے۔

بقیہ 3 — سرفراز بگٹی

پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ نوجوانوں کو آئی ٹی کی جدید تربیت دینے کیلئے جامع اقدامات پر اتفاق رائے کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئی ٹی تربیتی پروگرام بنو قابل پاکستان کے انعقاد پر جماعت اسلامی کے امیر سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کے لئے عملی اور مؤثر اقدامات کر رہی ہے تاکہ وہ قومی و عالمی سطح پر چیلنجز کا مقابلہ کر سکیں ان اقدامات میں بنو قابل پاکستان پروگرام معاون ثابت ہوگا انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام" کا آغاز کیا گیا ہے، جس کے تحت نوجوانوں کا پہلا بیچ سعودی عرب بھجوایا جا چکا ہے جبکہ جرمنی کے لئے دوسرے بیچ کی تربیت جاری ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں "میرٹ کریسی " کو بنیاد بنا کر ترقیاتی عمل کو تیز اور تعلیمی بہتری کے اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے اسی پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں 16 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل طور پر میرٹ پر کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران 3200 بند اسکول فعال کیا گیا ہے جبکہ صرف دو ماہ میں 485 نئے کمیونٹی اسکول قائم کیے گئے ہیں صحت کے شعبے میں بھی اصلاحات لائی جا رہی ہیں، انڈس ہسپتال کے تعاون سے صوبے کے چار دیہی ہسپتالوں کو اسٹیٹ آف دی آرٹ سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے بعض علاقوں میں قیام پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ سرکاری سطح پر طبی سہولیات فراہم کی گئی ہیں جو بلوچستان کی تاریخ میں ایک سنگ میل ہے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے بلوچستان حکومت کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کے لئے آئی ٹی پروگرامز کو مزید وسعت دینے کے لئے ہر تعاون کے لئے تیار ہیں انہوں نے کہا کہ بنو قابل پاکستان پروگرام کے تحت اب تک بلوچستان کے 12 ہزار نوجوان رجسٹرڈ ہو چکے ہیں۔

بقیہ 4 — فضائی حدود

ایشن کی جانب سے بھارت کیلئے فضائی حدود میں بندش سے متعلق جاری نوٹم میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کی فضائی حدود بھارتی رجسٹرڈ طیاروں کے لیے بدستور دستیاب نہیں ہوگی، یہ پابندی ان تمام جہازوں پر لاگو ہے جو بھارتی ایئرلائنز یا آپریٹرز کی ملکیت ہیں اور ان کے زیر آپریشن ہیں یا ان سے لیز پر حاصل کیے گئے ہیں۔

بقیہ 5 — دہلاک

کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد کرلیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق خیبر میں کارروائی کے دوران ہلاک ہونے والے دہشت گردوں میں محمد نعیم عرف عبدالنصر اور محمد کریم شامل ہیں جو کرک کے رہائشی اور خودکش دھماکے کے ماسٹر مائنڈ تھے اور تیسرا دہشت گرد نورانی افغانستان کے صوبہ ننگرہار سے تعلق رکھتا تھا۔ بیان میں کہا گیا کہ کارروائی کے دوران دہشت گردوں کے قبضے سے تین ایس ایم جیز، بارہ میگزین، 135 کارتوس اور تین ہینڈ گرنیڈ بھی برآمد ہوئے۔

بقیہ 6 — خضدار، آغا شکیل

پر دستی بم سے حملہ 3 محافظ سمیت 5 افراد زخمی ہوگئے زخمیوں کو طبی امداد کے لیے خضدار ٹیچنگ اسپتال منتقل کردیا گیا پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنیوالے اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر حملہ آوروں کی تلاش شروع کردی، دستی بم کا حملہ آغا شکیل درانی کے ڈبل روڈ پر واقع گھر پر ہوا

بقیہ 7 — جدید ٹیکسٹائل

پاکستان میں ایک جدید ٹیکسٹائل انڈسٹریل پارک کی تشکیل اور تعمیر سے متعلق ہے۔ تیسری مفاہمت کی یادداشت بیجنگ ان چوانگ کا فائرکرس مینوفیکچرنگ کمپنی اور ایس ایم سروسز کے درمیان طے پائی، جو پاکستان کے لیے فائرکرس اور جدید ایمرجنسی آلات کی فراہمی، تقسیم، فروخت اور بعد از فروخت خدمات میں تعاون کا فریم ورک فراہم کرتی ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ یہ مفاہمت کی یادداشتیں پاکستان اور چین کے درمیان ان شعبوں میں تعاون کے نئے دروازے کھولیں گی جو براہ راست پاکستان کی معاشی ترقی اور عوامی بہبود کے لیے معاون ہیں۔

بقیہ 8 — قرارداد منظور

اسمبلی میں فلسطین کی شمولیت کی قرارداد کے حق میں 145 ووٹ، مخالفت میں 5 ووٹ آئے جبکہ 6 رکن ممالک نے رائے شماری میں حصہ نہیں لیا۔ قرارداد میں فلسطین کی اقوام متحدہ کی سرگرمیوں میں بامعنی شرکت کے لیے طریقہ کار وضع کیا گیا ہے۔ قرارداد میں فلسطینی صدر یا دیگر اعلیٰ نمائندوں کو جنرل اسمبلی کے مباحثے، اعلیٰ سطح کی کانفرنسز اور دیگر متعلقہ اجلاس میں پیشگی ریکارڈ شدہ بیانات جمع کرانے کی اجازت دی گئی ہے۔

بقیہ 9 — وزیراعظم

سعودی عرب مکمل کرنے کے بعد برطانیہ کے شہر لندن میں اپنی رہائش گاہ پہنچ گئے۔ شہباز شریف نے لندن پہنچنے کے بعد سوئٹزرلینڈ کے شہر جنیوا میں مختصر قیام کیا اور وہاں سابق وزیراعظم نواز شریف کی عیادت کی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے نواز شریف کو پاکستان اور سعودی عرب کے تاریخی دفاعی معاہدے کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ نواز شریف علاج کے لیے ان دنوں جنیوا میں موجود ہیں اور ان کا آئندہ چند روز میں لندن آنے کا امکان ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف لندن میں 4 دن قیام کے دوران پاکستانی کمیونٹی اور تاجر رہنماؤں سے ملاقات کریں گے، وزیراعظم ہفتے کو اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن کی تقریب سے خطاب کریں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف گزشتہ روز دورہ سعودی عرب مکمل کرنے کے بعد ریاض سے لندن روانہ ہوئے تھے، ریاض کے نائب گورنر محمد بن عبدالرحمن نے ایئرپورٹ پر وزیراعظم کو الوداع کیا تھا۔ اس سے قبل وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ سعودی عرب میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے پر دستخط ہوئے تھے،

بقیہ 10 — پاکستان اور چین

فریم ورک کا اعلان کر دیا، جس کا مقصد غیر قانونی ذبح اور گدھوں کی مصنوعات کی اسمگلنگ کو روکنا بھی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق چینی سفارت خانے میں قائم مقام سفیر شی یوان چیانگ نے کہا کہ یہ تعاون دونوں ممالک کے درمیان زرعی اور اقتصادی تعلقات کو وسعت دینے کے لیے ایک نیا آغاز ہے۔

بقیہ 11 — مولانا فضل الرحمان

مداخلت نہ کرے اور عوام کا فیصلہ مانے۔ مولانا فضل الرحمان نے کراچی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بزنس کمیونٹی کی گفتگو حوصلے کا سبب ہے، دنیاوی اور دینی علوم کو الگ الگ تقسیم نہیں کرنا چاہیے، 78 سال میں ہم علم کی تقسیم کی ذمہ داری ایک دوسرے پر عائد کرتے رہے انہوں نے کہا کہ ہر شعبہ زندگی میں ماہرین پیدا کرنا ہوں گے تاکہ ملک کی ضرورت پوری کرسکیں۔ تشویش ہے کہ پاکستان معاشی طور پر مزید کمزور ہو رہا ہے، افغانستان کی معیشت بھی پاکستان سے بہتر ہے۔

بقیہ 12 — بلاول بھٹو

شاہ، میئر کراچی اور صوبائی وزرا، ارکان اسمبلی اور سینیٹرز کے ہمراہ گریٹر سیوریج پلانٹ کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ صوبائی اور وفاقی حکومت کے درمیان مسلسل بات چیت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کراچی کے حوالے سے وعدے کرکے گئے ہیں، ان پر عمل کریں گے۔ ایس تھری بھی وفاقی حکومت کا منصوبہ تھا اور اب صوبائی حکومت کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں تبدیلی کے حوالے سے آپ خود خبریں چلاتے ہیں، پھر مجھ سے آپ خود سوال کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آصف زرداری پورے ملک کے صدر ہیں، چین میں مختلف منصوبوں پر بات ہوئی وہ اپنے سابق ریکارڈ خود توڑیں گے، چین میں صدر آصف علی زرداری کو بہت پذیرائی ملی۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ سندھ کے سالڈ ویسٹ اور دیگر منصوبوں پر بات ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب پر سیاست کرنے کا وقت نہیں، قدرتی آفت آتی ہے تو دنیا سے اپیل کی جاتی ہے لہٰذا اقوام متحدہ سے اپیل کرنی چاہیے لیکن وفاقی حکومت نے آج تک اقوام متحدہ سے اپیل نہیں کی۔

بقیہ 13 — اجلاس

شفقات، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ عبدالرؤف بلوچ، اسپیشل سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں ہیٹنگ ایکشن پلان پر عملدرآمد کے تمام پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایپکس کمیٹی کے منظور شدہ نکات کا جامع جائزہ لیا گیا اور مختلف اہم امور زیر غور لائے گئے۔ اجلاس کے دوران سیکورٹی آرکیٹیکچر اور سوشل میڈیا پر انتشار پھیلانے والے مواد کے تدارک پر خصوصی توجہ دی گئی۔

بقیہ 14 — انکشاف

اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اوورسیز پاکستانیز اور انسانی حقوق نے ایک سال میں 18 ہزار پاکستانیوں کے کمبوڈیا جانے پر وزارت داخلہ پر برہمی کا اظہار کیا۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ ایف آئی اے کمبوڈیا جانے والے افراد کی سہولت کاری کر رہا ہے۔ اراکین نے کہا کہ تھائی لینڈ اور ویتنام کی ہمسایہ ریاست میں پاکستانیوں کو یرغمال بنانے، کرنٹ لگانے، بھتہ لینے کی شکایات عام ہیں، جسمانی اعضا بھی نکال لئے جاتے ہیں۔

بقیہ 15 — کرنسی برآمد

بلوچستان زون کے عملے نے ڈی جی ایف آئی اے رفعت مختار راجہ کی ہدایت پر حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے گزشتہ روز حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث 2 ملزمان علی خان اور محمد تقی کو کوئٹہ سے گرفتار کرلیا۔ ملزمان کے قبضے سے 6800 امریکی ڈالر اور 21 لاکھ 10 ہزار روپے، لیپ ٹاپ اور موبائل فون برآمد کر کے قبضے میں لے لئے جن میں حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی ایکسچینج سے متعلق ریکارڈ شامل ہے ملزمان بغیر لائسنس کرنسی ایکسچینج کا کاروبار کر رہے تھے ملزمان کو گرفتار کر کے تفتیش شروع کردی گئی ہے

بقیہ 16 — جی ایچ کیو حملہ کیس

ہوئی تھی جس کے بعد ملک بھر میں پرتشدد احتجاج شروع ہو گئے تھے، جن میں سرکاری عمارتوں اور فوجی تنصیبات، بشمول جی ایچ کیو، کو نذر آتش اور نقصان پہنچایا گیا تھا۔ جمعہ کو سماعت میں عمران خان کی ویڈیو لنک کے ذریعے پیشی متوقع تھی، تاہم ان کے وکیل نے عدالت میں موقف اختیار کیا کہ یہ اقدام ناقابل قبول ہے۔ دوسری جانب پراسیکیوٹر ظہیر شاہ نے موقف اپنایا کہ مقدمے کی کارروائی اڈیالہ جیل میں ہو رہی ہے، پنجاب حکومت کے ایگزیکٹو آرڈر کے تحت اے ٹی سی منتقل کی گئی ہے، جس کا جائزہ لینے کا اختیار صرف آئینی عدالت کو حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضابطہ فوجداری میں 2016 کی ترمیم کے بعد ملزمان کو ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت میں پیش کیا جا سکتا ہے، انسداد دہشت گردی ایکٹ کی دفعات 15 اور 21 کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عدالت کو مقدمے کے حوالے سے فیصلے کرنے کا اختیار حاصل ہے اور حکومت کارروائی کو کہیں منتقل کرنے کی وجوہات دینے کی پابند نہیں۔ پراسیکیوٹر نے موقف اپنایا کہ عمران خان کی ویڈیو لنک کے ذریعے پیشی کے خلاف درخواست دائر کرنا دراصل کارروائی میں رکاوٹ ڈالنے اور وقت ضائع کرنے کے مترادف ہے، ان کے بقول دفاع کے وکیل اعلیٰ عدالت سے رجوع کر سکتے ہیں، لیکن ٹرائل کو نہیں روکا جا سکتا۔ عمران خان کے وکیل فیصل ملک نے کہا کہ وہ منصفانہ ٹرائل چاہتے ہیں، اور یہ اسی وقت ممکن ہے جب ملزم عدالت میں ذاتی طور پر موجود ہو۔ انہوں نے عدالت کو آگاہ کیا کہ صوبائی حکومت کے نوٹیفکیشن کی کاپی انہیں ایک روز قبل ملی ہے اور وہ اس کے خلاف اعلیٰ عدالت سے رجوع کریں گے۔ عدالت نے عمران خان کی ذاتی حیثیت میں پیشی سے متعلق درخواست مسترد کرتے ہوئے کہا کہ وہ پنجاب حکومت کے نوٹیفکیشن کے مطابق عدالت میں پیش ہوسکتے ہیں۔

بقیہ 17 — اضافہ ریکارڈ

میں طویل بارشوں اور سیلاب کے باوجود یہ اضافہ سامنے آیا ہے، جس سے امید ہے کہ خام کپاس اور خوردنی تیل کی درآمدی بل میں کمی آئے گی۔ ایک رپورٹ کے مطابق اس مدت کے دوران پنجاب کی جننگ فیکٹریوں میں 6 لاکھ 90 ہزار گانٹھیں پہنچیں، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 28 فیصد زیادہ ہیں، جبکہ سندھ میں 47 فیصد اضافہ دیکھا گیا، جہاں 13 لاکھ 14 ہزار گانٹھیں جننگ فیکٹریوں تک پہنچیں۔ مجموعی پیداوار کپاس کے شعبے میں ابتدائی بحالی کی طرف اشارہ کرتی ہے، جو گزشتہ برسوں میں کئی مشکلات کا شکار رہا۔

بقیہ 18 — بشریٰ بی بی

میڈیکل ٹیم سے طبی معائنہ کرانے سے انکار کردیا۔ ڈاکٹروں کی ٹیم ایک گھنٹہ تک انتظار کے بعد واپس روانہ ہوئی، میڈیکل ٹیم میں ڈاکٹر سعد جاوید، ڈاکٹر مبشر، لیڈی ڈاکٹر ماہم اور لیڈی ڈاکٹر ماریہ رشید شامل تھیں۔ میڈیکل ٹیم شام 7 بجے کے بعد اڈیالہ جیل آئی، بشریٰ بی بی کے انکار پر سوا 8 بجے واپس اسلام آباد روانہ ہوئی۔

بقیہ 19 — گورنر اسٹیٹ بینک

ڈیجیٹل بینکنگ کے نظام کی ترقی پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے موجودہ ڈھانچے، کامیابیوں اور ابھرتے ہوئے رجحانات پر بات کرتے ہوئے بتایا کہ اب 88 فیصد ریٹیل ٹرانزیکشنز ڈیجیٹل طور پر انجام دی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا ڈیجیٹل انفراسٹرکچر اس وقت 22 کروڑ 60 لاکھ اکاؤنٹس اور 4 کروڑ 60 لاکھ راست آئی ڈیز کی سہولت فراہم کر رہا ہے، لیکن دین کی مالیت میں اضافے اور سیکورٹی کو بہتر بنانے کے لیے مزید اقدامات جاری ہیں، جن میں جنگ اکٹیلی فریم ورک اور فراڈ کم کرنے کے لیے 2 گھنٹے کا کولنگ آف پیریڈ شامل ہے۔

بقیہ 20 — خوف وہراس

جا سکے۔ لاشوں کی برآمدگی کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا جبکہ شہریوں کی بڑی تعداد ہسپتال پہنچ گئی۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں اور تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھا جا رہا ہے۔ ابتدائی طور پر ہلاکت کی وجوہات معلوم نہیں ہو سکیں تاہم پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد مزید حقائق سامنے آئیں گے۔

بقیہ 21 — توسیع

پر سماعت ہوئی، جج ارشد جاوید نے ملزمان اعظم خان سواتی، علیمہ خان، عظمیٰ خان کی عبوری ضمانتوں میں 31 اکتوبر تک توسیع کر دی۔ عدالت میں علیمہ خان اور عظمیٰ خان کی حاضری معافی کی درخواست دائر کی گئی، اعظم خان سواتی نے پیش ہو کر حاضری مکمل کروائی۔ پی ٹی آئی رہنما حافظ فرحت عباس بھی عدالت پیش ہوئے۔

بقیہ 22 — برطانوی جوڑے

لیے دباؤ بڑھ رہا تھا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق طالبان حکام نے تفصیل بتانے سے انکار کر دیا کہ 80 سالہ پیٹر رینالڈز اور ان کی 76 سالہ اہلیہ باربرا کو فروری میں کیوں گرفتار کیا گیا تھا، جب وہ اپنے گھر واپس جا رہے تھے۔ باربرا نے شوہر کے ساتھ کابل ایئرپورٹ کے رن وے پر بتایا کہ ہمارا بہت اچھا خیال رکھا گیا، ہم اپنے بچوں سے ملنے کے منتظر ہیں۔ ان کی رہائی قطری ثالثی کے بعد ہوئی، خاتون نے مزید کہا کہ اگر ممکن ہوا تو ہم دوبارہ افغانستان آنے کے منتظر ہیں، ہم افغان شہری ہیں۔ یہ جوڑا 1970 میں کابل میں شادی کے بندھن میں بندھا اور تقریباً دو دہائیوں تک افغانستان میں مقیم رہا تھا۔

بقیہ 23 — خرم دستگیر

پاک سعودی دفاعی معاہدے کی دستاویزات میں سٹرٹیجک شیلڈ اور نیوکلیئر کا ذکر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک سعودی معاہدے پر بہت عرصے سے کام ہو رہا تھا لیکن قطر پر حملے کے بعد سعودی عرب کو احساس ہوا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں صرف اسرائیل کے پاس جوہری ہتھیار نہیں ہونے چاہئیں۔

بقیہ 24 — عاصم افتخار

کہا کہ پاکستان آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کیلئے کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ 25 — خیر مقدم

دفاعی معاہدے کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ ترجمان کے مطابق پی ٹی آئی سعودی عرب کے ساتھ پاکستان کی اسٹریٹجک شراکت داری کیلئے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتی ہے، بانی پی ٹی آئی نے ہمیشہ پاکستان کا تصور مسلم دنیا کو متحد کرنے والے ملک کے طور پر کیا۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ پاکستان کی حمایت کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں

بقیہ 26 — ہیرینگ ملتوی

روپے منافع کما رہا ہے تو اس پر 10 فیصد ٹیکس عائد کیا جا رہا ہے لیکن اگر کوئی 5000 ملین کماتا ہے تو اس پر صرف 4 فیصد ٹیکس لگایا جا رہا ہے۔ خالد جاوید نے کہا کہ کوری (Section 4C) پر ٹیکس عائد ہوتا ہے لیکن شرح 10 فیصد کے بجائے 4 فیصد رکھی گئی، ٹیکس نافذ کرنے کی واحد وجہ یہ بتائی گئی کہ بزنس کمیونٹی زیادہ منافع کماتی ہے، کاروبار اور منافع کو الگ الگ ٹریٹ کیا گیا ہے کیونکہ دونوں الگ چیزیں ہیں۔ سماعت کے دوران جسٹس جمال خان مندوخیل نے آئین کے آرٹیکل کے حوالے سے نکتہ اٹھایا اور ریمارکس دیئے کہ میں اپنے الفاظ واپس بھی لے سکتا ہوں۔

بقیہ 27 — منشیات فروش ہلاک

کے دوران 2 منشیات موقع پر ہلاک ہوگئے ہلاک منشیات فروشوں کی شناخت جانان اور صالح کے نام سے ہوئی واضح رہے کہ ہلاک ہونے والے منشیات فروش عادی مجرم ہے جو پہلے بھی جیل جا چکے تھے۔ لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 28 — توشہ خانہ ٹو کیس

بی بی کی بریت کی درخواستوں کو جلد سماعت کیلئے مقرر کرنے سے متعلق درخواستوں پر سماعت ہوئی۔ درخواست گزاران کی جانب سے بیرسٹر سلمان صفدر، علی بخاری، سردار مصروف اور دیگر وکلا عدالت میں پیش ہوئے۔ بیرسٹر سلمان صفدر نے موقف اختیار کیا کہ ایک ماہ سے کیسز تیزی سے چل رہے ہیں، پیر کو فیصلہ آنے کی امید ہے، اگر سماعت نہ ہوئی تو ریلیف حاصل کرنے میں مزید وقت لگ جائے گا۔ وکلا نے کہا کہ نیب اور پولیس پہلے ہی پراسیکیوٹ کر چکے ہیں، اب ایف آئی اے کو بھی پراسیکیوٹ کرنے کیا دیا گیا ہے، ضمانت کے فیصلے میں لکھا گیا ہے کہ جرم نہیں بنتا پھر ٹرائل کیوں گھسیٹا جا رہا ہے؟ بیرسٹر سلمان صفدر نے استدعا کی کہ پیر کو ہر صورت سماعت مقرر کی جائے تاکہ فیصلہ ہو سکے، جس پر جسٹس انعام امین منہاس نے ریمارکس دیئے کہ روسٹر دیکھ کر بتایا جائے گا۔ بعد ازاں عدالت نے ایک بار پھر توشہ خانہ ٹو کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی بریت کی درخواستوں پر جلد سماعت کی درخواست پر مزید سماعت ملتوی کر دی۔

بقیہ 29 — حافظ نعیم الرحمان

کا اصل سرمایہ نوجوان ہیں جماعت اسلامی اور الخدمت فاؤنڈیشن نوجوانوں کو آئی ٹی کی تربیت دے کر دنیا سے مقابلہ کرنے کے قابل بنائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ میں الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے طلبہ اور طالبات کیلئے بنو قابل پروگرام کی افتتاحی تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے بلوچستان کو بے شمار وسائل سے نوازا ہے مگر یہاں عدالتوں میں انصاف نہیں ہے یہ نظام بدلنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان ترقی کر کے اپنے علاقے کو ترقی دیں گے اور مثال بن جائیں گے، ہمیں آج یہاں بلوچستان کا مستقبل نظر آ رہا ہے، صرف تعلیم ہی انہیں آگے بڑھا سکتی ہے، نوجوان پاکستان کا اثاثہ ہیں، جو عوام کو تقسیم کرتے ہیں، اب ہمیں ان سے لڑنا ہوگا۔ ہم نے فیصلہ کیا ہے بلوچستان کے عوام کے لیے کام کریں گے اور ان کے حقوق کے لیے لڑیں گے، جماعت اسلامی آپ کے لیے آواز بلند کرے گی، بنو قابل کا سفر کراچی سے شروع ہوا، آج کوئٹہ اور اس کے بعد پورے بلوچستان جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے 45 فیصد بچے سکولوں سے باہر ہیں، حکومت کی ذمہ داری ہے کہ معیاری تعلیم مفت فراہم کرے، پروگرام کے تحت ہم مفت آئی ٹی کورس کرائیں گے، تعلیم تجارت نہیں، ہمیں اس نظریے کو ختم کرنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وفاق اور چاروں صوبوں سے تعلیم کیلئے 2 ہزار ارب روپے تعلیم کیلئے مختص کیے جاتے ہیں مگر وہ تعلیم پر خرچ نہیں ہوتے۔ اور کرپشن کی نذر ہو جاتے ہیں، اس ملک میں عوام سے بجلی اور گیس کے بلوں سمیت ہر چیز پر ٹیکس وصول کیا جاتا ہے جب ہم ٹیکس دیتے ہیں تو حکومت کی ذمہ داری ہے کہ عوام کو مفت تعلیم دے، حکومت نوجوانوں کو آئی ٹی پروگرام میں سہولیات فراہم کرے تو ہماری برآمدات بڑھیں گی۔

بقیہ 30 — پرمہنگائی

جبکہ 14 کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق گزشتہ ہفتے کے دوران ہائی اسپیڈ ڈیزل 2.79 روپے فی لیٹر مہنگا ہوا، فی کلو گرام ایل پی جی کی قیمت 1.42 روپے اور ایک درجن انڈوں کی قیمت 2.89 روپے بڑھی۔ چاول، بیف، دال مونگ اور آلو بھی مہنگی ہونے والی اشیا میں شامل ہیں۔

بقیہ 31 — ٹرمپ

برطانیہ کے وزیراعظم کیئر اسٹارمر سے ملاقات کے بعد پریس کانفرنس میں ٹرمپ نے اعتراف کیا کہ وہ پیوٹن سے قریبی تعلقات کی وجہ سے یوکرین جنگ ختم کروانے کی توقع رکھتے تھے لیکن ایسا نہ ہو سکا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ میں نے سمجھا تھا یہ سب سے آسان ہوگا کیونکہ میری پیوٹن کے ساتھ اچھی دوستی ہے لیکن انہوں نے مجھے مایوس کیا۔ امریکی صدر نے یورپی ممالک سے کہا کہ روسی تیل خریدنا بند کریں تاکہ ماسکو پر دباؤ بڑھے اور جنگ ختم ہو۔ دوسری جانب ٹرمپ نے برطانیہ کی فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کی پالیسی سے اختلاف کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ مسئلہ دونوں ممالک کے درمیان چند اختلافات میں سے ایک ہے۔ پریس کانفرنس کے دوران ٹرمپ نے برطانیہ کی امیگریشن پالیسی پر بھی رائے دیتے ہوئے کہا کہ اگر وہ وزیراعظم ہوتے تو امیگریشن روکنے کے لیے فوج کا استعمال کرتے۔

بقیہ 32 — معطل رہیں

مہاجرین کے انخلاء کا عمل بھی تعطل کا شکار رہا۔ افغان مہاجرین کی سامان سے لدی سیکروں گاڑیاں سرحد کے قریب پاکستانی حدود میں کھڑی رہیں۔ سرحد پر صرف پیدل آمد و رفت بند کی گئی بلکہ تجارتی سرگرمیاں بھی معطل ہو گئی تھیں۔ سیکورٹی فورسز نے باب دوستی گیٹ سمیت سرحدی طرف جانے والے تمام راستے بند کردیے تھے اور غیر متعلقہ افراد کے داخلے پر پابندی لگا دی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر چمن امتیاز بلوچ نے غیر ملکی نشریاتی ادارے سے بات کرتے ہوئے سرحد کی بندش کی تصدیق کی اور بتایا کہ دھماکہ سرحدی گیٹ سے کچھ فاصلے پر ٹیکسی سٹینڈ کے قریب ہوا ہے جس کی تحقیقات جاری ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ دھماکے میں جاں بحق ہونے والے چھ افراد ہلاک ہوئے۔ چمن پولیس کے مطابق مرنے والوں میں سے پانچ کی شناخت قائم اللہ، نصر الدین، سردار ولی، اکرام اللہ اور محمد عثمان کے ناموں سے ہوئی ہے۔ جان کی بازی ہار جانے والے سب چمن کے مقامی باشندے ہیں۔ بم ڈسپوزل سکواڈ کی رپورٹ کے مطابق دھماکہ خودکش تھا جس میں تین سے چار کلو گرام بارودی مواد استعمال کیا گیا۔ حکومت بلوچستان نے دھماکہ کی فوری تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ محکمہ داخلہ کے ایک اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ لیویز فورس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے جائے وقوعہ پر پہنچ گئے ہیں اور شواہد اکٹھے کر رہے ہیں۔ انتظامیہ کی جانب سے عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ افواہوں سے گریز کریں اور امن و امان کے قیام کے لیے اداروں کے ساتھ تعاون کریں۔ تاہم گزشتہ شب 9 بجے کے قریب انتظامیہ نے عوامی سہولت اور آمد و رفت کیلئے بارڈر کو کھول دیا۔ جس سے تجارتی سرگرمیاں، مہاجرین کا انخلاء اور پیدل آمد و رفت دوبارہ بحال ہو گئی۔

بقیہ 33 — وزیراعلیٰ بلوچستان

ے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت غمزدہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے اور متاثرین کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی میر سرفراز بگٹی نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو ہدایت دی کہ زخمیوں کو بہترین طبی امداد کی فراہمی میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑی جائے ان کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت امن دشمن عناصر کو کیفر کردار تک پہنچا کر دم لے گی عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے صوبائی حکومت اور سیکورٹی ادارے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ 34 — بے ڈیلیوٹی

نے نوجوانوں کے مستقبل کو تاریک بنا دیا ہے۔ تعلیمی ادارے زوال پذیر ہیں، اسپتال بنیادی سہولیات سے محروم ہیں اور عوام کو روزمرہ کی ضروریات تک میسر نہیں۔ صوبے کے وسائل لوٹے جا رہے ہیں لیکن عوام کے گھروں میں غربت اور محرومی کے سوا کچھ نہیں پہنچتا۔ جمہوری وطن پارٹی واضح کرتی ہے کہ بلوچستان کے عوام اب مزید دھوکے کو برداشت نہیں کریں گے۔ ہم شفاف انتخابات، عوامی مینڈیٹ کے احترام، کرپشن کے خاتمے اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ بلوچستان کے نوجوان ہی ہمارے اصل سرمایہ ہیں اور ان کو بااختیار بنائے بغیر صوبے کی تقدیر نہیں بدلی جا سکتی۔ بلوچستان کے عوام ایک ایسی حکومت چاہتے ہیں جو عوام کی امنگوں اور خواہشات کی ترجمانی کرے، نہ کہ مسلط کردہ اور کرپشن زدہ حکمرانوں کی طرح صرف اپنے مفادات کی حفاظت کرے۔

بقیہ 35 — ہونے کا اعتراف

لیڈر یونس عزیز زہری، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ڈی جی آڈٹ شجاع علی، ڈپٹی اکاؤنٹنٹ جنرل حافظ نور الحق، ایڈیشنل سیکرٹری پی اے سی سراج لہڑی بھی شریک ہوئے اجلاس میں انکشاف ہوا کہ مالی سال 2021-22 کے دوران توانائی محکمہ کو 10 ارب 40 کروڑ روپے کے فنڈز ملے مگر 8 ارب روپے خرچ ہوئے، جبکہ 2 ارب 31 کروڑ روپے کی خطیر رقم لیپس ہوکر واپس چلے گئے اراکین نے کہا کہ اتنی بڑی رقم کو استعمال میں نہ لانا محکمہ کی غیر ذمہ دارانہ بجٹ سازی اور فنڈز کے غیر مؤثر استعمال کو ظاہر کرتی ہے ولی محمد نورزئی نے کہا یہ بہانہ قابل قبول نہیں کہ محکمہ میں آسامیاں پر نہیں کی گئیں جس کی وجہ سے یہ بچت ہوئی، 30 فیصد فنڈز کا ضائع ہونا بہت بڑا جرم ہے فضل قادر مندوخیل نے واضح اعلان کیا کہ ذمہ داروں کو ہر حال میں سزا ملے گی کمیٹی نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ چیف سیکرٹری کو خط لکھا جائے گا کہ آئندہ کوئی سیکرٹری 5 فیصد بجٹ سے زائد کا بچت Saving/Excess بروقت محکمہ خزانہ کو واپس نہیں کرے گا تو اسے سخت سزا دی جائے گی سوئی سدرن کمپنی اور ٹیوب ویلز میں 40 ارب روپے کی بے قاعدگیاں اجلاس میں انکشاف ہوا کہ توانائی محکمہ نے الیکٹرک کو 10 ارب روپے اور کیسکو کو 30 ارب روپے ادائیگی کی مگر یہ ادائیگی بغیر میٹر ریڈنگ کے، صرف اندازوں پر کی گئی کمیٹی نے اسے کھلی بے ضابطگی قرار دیا چیئرمین اور ممبرز نے شدید ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس معاملہ پر پی اے سی نے 2021 میں بھی حکم جاری کیا تھا اور انکوائری کا حکم دیا تھا جبکہ رپورٹ میں محکمہ انرجی انکوائری میں فیل ہونے کا اعتراف کر رہا ہے

بقیہ 36 — میں اتھارٹی

خالص دہی موقع پر تلف کر دی گئی قوانین کی خلاف ورزی پر 8 مراکز کو بھاری جرمانے بھی عائد کئے گئے سیکرٹری خوراک بلوچستان منظر جاوید علی نے کہا کہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کسی صورت ملاوٹ برداشت نہیں کرے گی خالص دودھ اور دہی کی فراہمی عوامی صحت کے تحفظ کیلئے ایک اہم مہم نہیں بلکہ مشن ہے انہوں نے کہا کہ خوراک کے معیار پر سمجھوتہ کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی اقدامات جاری رہیں گے، عوام بھی مشکوک دودھ یا دہی فروخت کرنے والوں کی نشاندہی میں اتھارٹی کی مدد کریں۔

بقیہ 37 — پی کے نیپ

کی زیادتیوں، عوام دشمن پالیسیوں اور بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے خلاف کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے تمام پارٹی کارکنان، مختلف یونٹوں کے عہدیداران اور عوام سے اپیل کی ہے کہ جلسہ عام میں بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں۔ بیان میں کہا گیا کہ افغان کنڈوال عوام کے خلاف غیر انسانی کریک ڈاؤن اور زبردستی ڈیورنڈ لائن پار کرانے جیسے اقدامات اقوام متحدہ کے اصولوں اور انسانی بنیادی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہیں۔ اسی طرح مسلم باغ سے کراچی جانے والی کرومائٹ بردار گاڑیوں پر روزانہ کی بنیاد پر فائرنگ اور انہیں جلانا بھی ظلم و زیادتی کی بدترین مثال ہے۔ بیان میں کہا ہیں

بقیہ 38 — حاجی محمد خان لہڑی

ل نے کہا کہ علاقے کے تین اسکولوں کو ہائر سیکنڈری کا درجہ دیا گیا ہے، جبکہ تعلیم، صحت اور آبنوشی کے منصوبے بھی مفاد عامہ کے تحت تیز رفتاری سے تکمیل کے مراحل میں ہیں۔ ان شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے کیونکہ یہ براہ راست عوام کی بنیادی ضروریات سے منسلک ہیں۔ حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات پر بلوچستان بھر میں ترقیاتی حکومتی فیصلوں پر عمل درآمد جاری ہے۔ تعلیم و صحت کے شعبوں میں میرٹ کی بنیاد پر آسامیوں پر تعیناتیاں حکومت کی عوام دوست پالیسیوں کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لہڑی ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی میں عوامی وفود سے ملاقات کے موقع پر کیا۔

بقیہ 39 — احتجاج منایا گیا

آواز اٹھائیں اسرائیل نے امریکہ کے سرپرستی میں انسانیت کو تباہ کرنے کا اعلان کر دیا ہے عالم اسلام کے حکمران گونگے اور بہرے ہو چکے ہیں اسرائیل کے مظالم سے دنیا کے امن وسلامتی کو خطرہ ہے امریکہ کی سرپرستی میں اسرائیل نے فلسطینی مسلمانوں کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا امت مسلمہ کے حکمران خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں مظلوم فلسطینی بھائیوں کے خون کا بدلہ کون لے گا ان خیالات کا اظہار جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق صوبائی خطیب مولانا قاری انوار الحق حقانی مولانا ولی محمد ترابی مولانا قاری مہر اللہ مولانا محمد ساسولی مولانا شاہ محمد مولانا مفتی عبدالباقی بریچ مولانا محمد ہاشم خیشکی مولانا مفتی احمد خان مولانا سعید احمد مولانا محمد ایوب ایوبی مولانا خدائے دوست مولانا محمد اکبر مینگل مولانا قاری نظر محمد حقانی مولانا مفتی نیاز محمد بریچ مولانا محمد طاہر توحیدی و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیلی جارحیت کے خلاف امت مسلمہ کے حکمران آواز اٹھائیں

بقیہ 40 — شہریوں سمیت گرفتار

میں ملوث ہونے سے متعلق تصاویر، پیغامات اور دیگر اہم ثبوت برآمد کر لئے گئے ہیں گرفتار ملزم افغان شہریوں کو غیر قانونی طور پر بیرون ملک بھجوانے میں ملوث ہے ملزمان کو گرفتار کرکے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے جبکہ دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے بھی چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ 41 — علی حسن زہری

کر سکتے۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے جلد از جلد دھماکے میں ملوث عناصر کو گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ میر علی حسن زہری نے جاں بحق افراد کی مغفرت، لواحقین کے صبر و جمیل اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی۔

بقیہ 42 — مولانا حیدری

رخیبر پختونخوا کے عوام کو آزادانہ سڑک کی سہولت میسر نہیں اور یہ ایک سنگین قومی مسئلہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جے یو آئی سندھ کے زیر اہتمام منعقدہ 5 روزہ امن مارچ کی کامیابی پر علامہ راشد محمود سومرو اور دیگر تنظیم کے قائدین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اور ضلع جیکب آباد کے امیر ڈاکٹر اے جی انصاری کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ مولانا حیدری نے مزید کہا کہ بلوچستان میں ایک ہزار سے زائد فوجی جوان شہید ہو چکے ہیں مگر حکومت امن قائم کرنے میں ناکام ہے، انہوں نے کہا کہ اگر آپ کی حکومت میں اتنی طاقت نہیں کہ ڈاکوؤں کا قلع قمع کر سکے تو عزت اسی میں ہے کہ کرسی چھوڑ دیں، اگر حکومت نے امن نہیں دیا تو عوام سول نافرمانی کی طرف جانے پر مجبور ہوں گے جس کے بعد عوام نہ ٹیکس دیں گے اور نہ ہی بل ادا کریں گے

بقیہ 43 — بخت محمد کاکڑ

بھی فیس نہیں پہنچائیں گے صوبے کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو سہولیات کیلئے بھرپور کردار ادا کرینگے" یہ بات انہوں نے گزشتہ روز مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں ترقی کی راہ پر گامزن ہے صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں ترقیاتی کام جاری ہیں صوبے کے بیشتر اضلاع میں جتنے بھی ترقیاتی کام ہے اس پر کام جاری ہے وزیراعلیٰ بلوچستان کا وژن ہے کہ بلوچستان کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں صحت کی سہولیات کے ساتھ ساتھ صوبے کے ترقیاتی منصوبوں پر بھی خصوصی توجہ مرکوز ہے اور میر سرفراز بگٹی کا واضح ہدایت ہے

بقیہ 44 — میر محمد صادق عمرانی

نے کہا کہ میری طاقت نصیر آباد کی عوام ہیں، عاجزی میرا سب سے بڑا زیور ہے، خدمت میری سیاست کی پہچان ہے۔" انہوں نے کہا کہ ان کی سیاست کا مرکز و محور صرف اور صرف عوام کی خدمت ہے۔ وہ ہر لمحہ اس سوچ کے ساتھ کام کر رہے ہیں کہ عوام کی زندگی کس طرح آسان بنائی جائے، نوجوانوں کو روزگار، کاشتکاروں کو پانی، مریضوں کو علاج اور بچوں کو تعلیم میسر آئے۔ میر صادق عمرانی نے کہا کہ میں مانتا ہوں کہ عوام کی خوشحالی ہی میری اصل کامیابی ہے، اور خدمت کا یہ سفر میرے لیے اقتدار نہیں بلکہ عبادت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ عوام کے درمیان بیٹھ کر ان کے مسائل سنتے ہیں، ان کی تکلیف کو اپنی تکلیف سمجھتے ہیں، اور یہی وجہ ہے کہ عوام کا اعتماد ان کا سب سے قیمتی سرمایہ ہے۔

بقیہ 45 — نور محمد دمڑ

عرب ہمیشہ مشکل وقت میں پاکستان کے ساتھ کھڑا رہا ہے اور دونوں ممالک کے برادرانہ تعلقات اسلامی دنیا میں ایک مثالی حیثیت رکھتے ہیں اور جبکہ اسٹریٹجک تعاون سے دونوں ممالک کے تعلقات مزید مضبوط ہوں گے اور خطے میں امن و استحکام کو تقویت ملے گی حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ پاکستان کی عوام سعودی عرب کو نہ صرف ایک قریبی دوست ملک سمجھتے ہیں بلکہ حرمین شریفین کی بدولت ایک روحانی رشتہ بھی جڑا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس معاہدے سے پاکستان کی معیشت، دفاع اور خارجہ پالیسی کے نئے دور کا آغاز ہوگا اور دونوں ممالک کے تعلقات مزید وسعت اختیار کریں گے

بقیہ 46 — وصولی شروع

پرائیویٹ حج آپریٹرز گزشتہ سال کے عازمین کی رجسٹریشن مکمل ہونے کا بیان حلفی دیں گے۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق پرائیویٹ حج آپریٹرز کا کوٹہ 60 ہزار مقرر کیا گیا ہے، 22 ہزار 97 عازمین گزشتہ برس کے 37 ہزار 903 نئے درخواست گزار حج پر جاسکیں گے۔

بقیہ 47 — سپریم کورٹ

ہے۔ درخواستوں میں ججوں نے سپریم کورٹ سے استدعا کی ہے کہ انتظامی اختیارات کو ہائی کورٹ کے ججوں کی عدالتی اختیارات کو کمزور کرنے یا ان پر غالب آنے کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکتا۔ کہا گیا کہ چیف جسٹس ہائی کورٹ اس وقت جب کسی بنچ کو مقدمہ دیا جا چکا ہو، نئے بنچ تشکیل دینے یا مقدمات منتقل کرنے کا مجاز نہیں ہے۔ درخواستوں میں کہا گیا کہ چیف جسٹس اپنی مرضی سے دستیاب ججوں کو فہرست سے خارج نہیں کر سکتا اور نہ ہی اس اختیار کو ججوں کو عدالتی ذمہ داریوں سے ہٹانے کے لیے استعمال کر سکتا ہے۔ سپریم کورٹ سے کہا گیا کہ بنچوں کی تشکیل، مقدمات کی منتقلی اور فہرست جاری کرنا صرف ہائی کورٹ کے تمام ججوں کی منظوری سے بنائے گئے قواعد کے مطابق کیا جا سکتا ہے

بقیہ 48 — قائمہ کمیٹی

کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ کمیٹی اجلاس میں پی ٹی سی ایل یونین کی بورڈ آف ڈائریکٹرز کے نام فراہم نہیں کیے گئے ہیں، یہ ساری معلومات پبلک ہے اور کمیٹی کو اس کی تفصیلات فراہم کرنی چاہیے۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبر شاید 5 ہزار ڈالرز ایک بورڈ کی ایک میٹنگ کے لیتے ہیں، ہماری طرف انگلیاں اٹھ رہی ہیں، وزارت آئی ٹی ہمیں بھی کسی ایسے بورڈ میں ڈال دے جہاں 5 ہزار ڈالر بھی ملیں اور دبئی کے دورے بھی ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی سی ایل کے آؤٹ سے متعلق بھی وزارت آئی ٹی نے تسلی بخش جواب نہیں دیا، اجلاس میں چیئرمین پی ٹی اے نے ملک بھر میں ڈیٹا چوری ہونے کے معاملہ پر قائمہ کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ڈارک ویب پر ڈیٹا موجود ہوتا ہے

بقیہ 49 — جملوں کا تبادلہ

یہ حملہ بار کے صدر اور سیکرٹری پر تھا اس لئے کارروائی کے پیچھے نہیں ہوں گا۔ واجد گیلانی نے کہا کہ ہم کسی جج کی پراکسی نہیں ہیں، رول آف لاء اور آئین کی بالادستی کے لیے کھڑے ہوں، ہم یہاں عزت کمانے آتے ہیں۔ زینب جنجوعہ اور ایمان مزاری اداروں کو مضبوط کرنے کی بات کریں۔ سیکرٹری اسلام آباد ہائی کورٹ بار منظور ججہ نے کہا کہ جو وکلا آج کے واقعے پر ملوث ہیں تو ان کے خلاف دہشت گردی کے پرچے درج ہوں گے۔

بقیہ 50 — کی سوالات کی بوچھاڑ

بچ جسٹس محسن اختر کیانی نے میڈیا کے مختلف سوالات کے جواب دیے۔ ایک صحافی کے سوال پر کہ کیا آپ کو امید ہے کہ سپریم کورٹ سے کوئی سپورٹ ملے گی؟ جسٹس محسن اختر کیانی نے کہا کہ ہمارا ہمیشہ عدل اور انصاف کے ساتھ قانون پر یقین رہا ہے۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ بطور درخواست گزار کیسا محسوس کر رہے ہیں تو جسٹس کیانی نے کہا بالکل ویسا ہی جیسے ایک عام پاکستانی محسوس کرتا ہے۔ ایک اور سوال پر کہ ججز بھی انصاف کے لیے عدالت کا دروازہ کھٹکھٹا رہے ہیں تو عوام کو کیا پیغام جائے گا؟ جسٹس محسن اختر کیانی نے تبصرہ کرنے سے گریز کیا اور کہا کہ اس پر میں کوئی کمنٹ نہیں کروں گا

بقیہ 51 — گرفتاری جاری

نے کیسز کی سماعت کی اور غیر حاضر ملزمان کے خلاف کارروائی کی۔ عدالت نے خدیجہ شاہ کے وارنٹ گرفتاری جناح ہاؤس حملہ اور عسکری ٹاور حملہ کیسز میں جاری کیے جبکہ ملزم عمران اور فائزہ عظمت کے بھی جناح ہاؤس حملہ کیس میں وارنٹ جاری ہوئے ہیں۔ عثمان، احمد مرتضیٰ، حمزہ سہیل اور محمد خالد کے عسکری ٹاور حملہ کیس میں وارنٹ گرفتاری جاری ہوئے ہیں، علاوہ ازیں عدالت نے دو ملزمان کو اشتہاری قرار دینے کی کارروائی بھی شروع کر دی۔ عبدالرزاق اور صفدر کے خلاف اشتہار جاری کرنے کا حکم دیا گیا ہے، دونوں ملزمان جناح ہاؤس حملہ کیس میں نامزد ہیں، یہ دونوں ملزمان وارنٹ گرفتاری کے باوجود عدالت میں پیش نہیں ہوئے تھے۔

بقیہ 52 — بڑھانے کا اعلان

لیے پاکستان کو اپنے فضائی آپریشن میں منسلک کرے گی۔ ایئرلائن کی لندن سے کراچی، اسلام آباد اور لاہور کے لئے فلائٹس اکتوبر سے بحال ہوگی، ورجن اٹلانٹک ایئرلائن نے 2023 میں پاکستان سے اپنی پروازوں کو بند کر دیا تھا۔

بقیہ 53 — قائمہ کمیٹی

بین المذاہب ہم آہنگی کا اجلاس رکن کمیٹی شگفتہ جمانی کی صدارت میں ہوا۔ سیکرٹری کمیٹی نے قاعدہ 225 کے تحت تمام اراکین کی رائے سے شگفتہ جمانی کو اجلاس کی صدارت کی دعوت دی۔ شگفتہ جمانی نے کہا کہ کمیٹی کے چیئرمین ملک عامر ڈوگر عمرہ کی ادائیگی کے لیے بیرون ملک ہیں، گزشتہ اجلاس بھی سیلابی صورتحال کے باعث نہیں ہوسکا تھا۔ ایڈیشنل سیکرٹری وزارت مذہبی امور ساجد محمود نے کمیٹی کو بریفنگ دی اور کہا کہ کمیٹی کی ہدایت پر عازمین کو گزشتہ حج پہ ادائیگی کے باوجود نہیں جا سکے انہیں ترجیح دی جا رہی ہے، اب تک 21 ہزار ایسے عازمین رجسٹرڈ ہو چکے ہیں جو گزشتہ برس نہیں جا سکے تھے۔ ایڈیشنل سیکرٹری مذہبی امور نے کہا کہ سعودی عرب نے ہدایت کی ہے صرف فضائی سفر کے ذریعے آنے کی اجازت دی ہے، اس کے باوجود ہم بحری سفر کے ذریعے سفر شروع کرنے کے معاملے پر کام کر رہے ہیں، زیارات کیلئے بحری سفر کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مرتبہ روڈ ٹو مکہ منصوبے میں لاہور کو بھی شامل کر رہے ہیں، روڈ ٹو مکہ منصوبے کیلئے حاجیوں کی تعداد کم از کم 40 ہزار ہونی چاہیے۔ سکھوں سے متعلق انہوں نے کہا کہ غیر ممالک سے آئے سکھ زائرین کو ویزا آن ارائیول دیا جاتا ہے۔ وزیر مملکت کھیل داس کوہستانی نے کہا کہ بھارت نے کرکٹ میچ کھیلنے کی اجازت دی ہے لیکن سکھ یاتریوں کو پاکستان آنے کی اجازت نہیں، بھارت کی جانب سے سکھ یاتریوں کو مذہبی رسومات سے روکنا انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے

بقیہ 54 — مون سون ختم

دریا معمول کے مطابق بہہ رہے ہیں، ستلج میں پانی کا بہاؤ تھوڑا سا زیادہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایم فائیو موٹروے سیلابی پانی کی وجہ سے متاثر ہوئی، ایم فائیو موٹروے کو ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند کیا جا چکا ہے، گزشتہ 48 گھنٹے سے پانی کم ہو رہا ہے، اب تک موٹروے پر کسی قسم کے برج کا فیصلہ نہیں ہوا۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹیکنیکل ٹیم مسلسل صورتحال کو مانیٹر کر رہی ہے، پنجاب گورنمنٹ کو این ایچ اے اور سوئی ناردرن گیس کی پوری طرح سپورٹ رہی، آئندہ ہفتے کسی بارش کا امکان نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ چناب میں مرالہ سے لے کر پنجند تک پانی کا بہاؤ معمول کے مطابق ہے، تمام شگاف آئندہ ایک ہفتے میں بھر دیئے جائیں گے، راوی پر سدھنائی کے مقام پر بہت بڑا شگاف ڈالا گیا تھا، اس کو پوری طرح بھر دیا گیا ہے۔ عرفان علی کاٹھیا نے کہا کہ سیلابی پانی سندھ کیلئے زیادہ نقصان کا باعث نہیں بنا، دریائے سندھ میں سکھر کے مقام پر پانی کی سطح میں کمی کا سلسلہ جاری ہے، پانی کی سطح میں 62 ہزار 325 کیوسک کی ریکارڈ کی گئی ہے۔

بقیہ 55 — ناقابل تسخیر قوت

منتشر کرنے کے درپے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان ہونے والا حالیہ معاہدہ امت مسلمہ کو یکجا کرنے کی جانب ایک فیصلہ کن قدم ہے، جسے کام ہر پرزور خیر مقدم کرتے ہیں۔ یہ معاہدہ نہ صرف عالم اسلام کے مشترکہ دفاعی محاذ کی بنیاد ہے بلکہ مستقبل میں ایک ناقابل تسخیر اسلامی دفاعی اتحاد کی شکل اختیار کرنے کی قوی امید بھی رکھتا ہے ہمیں یقین ہے کہ یہ اتحاد وقت کے ساتھ وسعت اختیار کرے گا اور امت مسلمہ کو درپیش ہر چیلنج کے مقابلے میں ڈھال ثابت ہوگا مولانا عبدالواسع نے کہا کہ اسرائیل کی جنگی جنون آج دنیا کے امن کے لیے سب سے بڑا خطرہ ہے فلسطین میں معصوم بچوں اور عورتوں پر بمباری، غزہ میں انسانی نسل کشی، مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی اور اب قطر پر حملے یہ سب اسرائیل کی جارحانہ سوچ اور عالمی قوانین کی کھلی خلاف ورزیاں ہیں یہ اقدامات اسرائیل کے اس گریٹر اسرائیل منصوبے کا حصہ ہیں جس کے ذریعے وہ مشرق وسطیٰ اور عرب دنیا پر تسلط قائم کرنا چاہتا ہے۔ انہوں نے او آئی سی کی غیر فعالیت اور خاموشی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جب اسرائیل کھلے عام مسلم ممالک کو نشانہ بنا رہا ہے تو او آئی سی موثر اقدامات اٹھانے سے کیوں کترا رہا ہے او آئی سی کو چاہیے کہ وہ اسرائیلی جارحیت کے خلاف متفقہ لائحہ عمل مرتب کرے، اور متاثرہ ممالک کی مدد کے لئے عملی اقدامات اٹھائے سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کی سیاست محض پاکستان تک محدود نہیں بلکہ عالم اسلام کے مسائل کے ساتھ جڑی ہوئی ہے۔ فلسطین، شام، عراق، ایران، افغانستان اور کشمیر جہاں بھی اہل اسلام کو مشکلات درپیش ہوں، جے یو آئی ہمیشہ صف اول میں رہتی ہے اور مظلوموں کے حق میں آواز بلند کرتی ہے۔ یہی ہمارے منشور اور جدوجہد کی اصل روح ہے۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کی بقاء اور عظمت اتحاد میں ہے۔ آج وقت کا تقاضا ہے کہ مسلم حکمران ذاتی و قومی مفادات سے بالاتر ہو کر ایک مشترکہ دفاعی، سیاسی اور اقتصادی محاذ قائم کریں۔ پاکستان اور سعودی عرب کا معاہدہ ایک امید کی کرن ہے، اور اس کرن کو روشنی میں تبدیل کرنے کے لئے لازم ہے کہ تمام مسلم ممالک متحد ہو کر اسرائیلی جارحیت اور عالمی استعماری طاقتوں کے عزائم کو ناکام بنائیں، تاکہ امت مسلمہ ایک ناقابل تسخیر قوت بن سکے۔

بقیہ 56 — مستعفی ہوگئے

کے خلاف زیادتیوں اور جھوٹے مقدمات پر احتجاجاً استعفیٰ دے رہا ہوں۔ حامد خان کا کہنا تھا کہ چھبیسویں آئینی ترمیم کے باعث کمزور عدلیہ سے انصاف کی امید نہیں مل رہا۔

بقیہ 57 — وزیرخزانہ

ہماری کوشش ہے کہ ان مسائل کا دیرپا حل نکالا جائے تاکہ یہ تعلیمی ادارے یکسوئی سے اپنے فرائض ادا کر سکیں۔ انہوں نے شرکا سے کہا کہ کافی حد تک تنخواہوں کی ادائیگی کا مسئلہ حل ہو چکا ہے پنشنز سمیت دیگر مسائل حل کرنے کیلئے ہماری کوششیں جاری ہیں۔ جامعات کے آپریشنل اخراجات پر بحث ہوئی تو اس موقع پر صوبے کے تمام جامعات کے آپریشنل اخراجات کے مسائل حل کرنے کے لیے تمام یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز نے متفقہ طور پر رضامند ہو گئے کہ وزیرخزانہ جو پالیسی وضع کریں گے ہم سب اس پر متفق ہوں گے صوبائی وزیرخزانہ نے کہا کہ آپریشنل اخراجات، تنخواہوں اور پنشنز کا طویل المدتی بنیادوں پر ان مالی مسائل کا پائیدار حل کے لیے حکمت عملی بنائینگے۔ اس ضمن میں دونوں وزراء نے کہا کہ ہماری حکومت اپنے دستیاب وسائل میں تعلیم کی فروغ کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تعلیم و جدید سائنسی علوم سے ہی قوموں کی زندگی میں مثبت تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں آج کی اس دور میں سائنس ٹیکنالوجی کی اہمیت سے کوئی ذی شعور انسان انکار نہیں کر سکتا ہے!

بقیہ 58 — تعزیت اور فاتحہ

گیا ہے روزگار کے دروازے بند ہیں رشتہ داریاں متاثر ہیں اور دہشت گردی کی روک تھام کے نام پر مسلط بدامنی نے پشتون افغان ملت کو مشکلات کے گرداب میں دھکیل دیا ہے ان حالات میں بحیثیت ایک پشتون افغان ملت ہم سب پر اتحاد و اتفاق لازم ہے انہوں نے کہا کہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام ہو چکے ہیں بلکہ عوام کا ان پر اعتماد بھی مکمل طور پر ختم ہو چکا ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر لواحقین کو انصاف فراہم کرے اور مستقبل میں انہیں مکمل تحفظ فراہم کرنے کے لئے حقیقی بنیادوں پر ٹھوس اقدامات اٹھائے تاکہ آئندہ ایسے اندوہناک واقعات کا اعادہ ہو سرزد نہ ہو عوامی نیشنل پارٹی دکھ و درد کی اس گھڑی میں ان مظلوم خاندانوں کے ساتھ برابر کی شریک ہے اور ہر فورم پر ان کیلئے آواز بلند کرتی رہے گی اس موقع پر انہوں نے پارٹی کارکنوں کے ہمراہ شہداء کے لواحقین سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

بقیہ 59 — دونوں کا اس وقت

ترقی دے سکتے ہیں اور صوبے میں بیروزگاری کی شرح کو کافی حد تک کم کر سکتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں خضدار انجینئرنگ یونیورسٹی کی کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے کیا۔ بریفنگ کے دوران وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مقصود احمد اور پرو۔ وائس چانسلر ڈاکٹر سہراب خان بزنجو بھی موجود تھے اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ سرکاری یونیورسٹی میں دی جانے والی تعلیم اور ڈگری دونوں کا اس وقت زیادہ فائدہ ہوگا

بقیہ 60 — کرنے میں کامیاب

گیا ہے کہ دنیا کی تیزی سے بدلتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر وزیراعظم پاکستان شہباز شریف کے دورہ امریکہ، اور اقوام متحدہ میں خطاب کو خصوصی اہمیت حاصل ہوگی پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان قائم ہونے والے دفاعی تعاون کے تناظر میں اقوام متحدہ میں بھارت، امریکہ اور اسرائیل کا ردعمل اہم ہوگا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ پاکستان عالمی سطح پر اپنا ذمہ دار جوہری ریاست ہونے کا تاثر قائم کرنے میں کامیاب ہوتا ہوا نظر آتا ہے

بقیہ 61 — ہزاروں روپے بٹور

ہیں۔ کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں تاخیری حربے دراصل کرپشن کمیشن کو دوام دینا ہے، بجلی کی لوڈشیڈنگ، گیس کی بندش و پریشری کی، پینے کے صاف پانی کی قلت، صفائی کے ناقص نظام کے باعث ہر علاقے میں شہری مشکلات سے دوچار ہیں شہر میں ٹریفک پولیس کی جانب سے لوٹ مار اب بھی جاری ہے، ہر چوراہے، سڑک پر سرعام رشوت خوری کا بازار گرم کیا گیا ہے، ٹریفک پولیس ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور نظام کی بہتری کی بجائے شہریوں کو مختلف حیلوں و بہانوں سے بھاری رقم چالان دینے، جرمانہ کرکے ان سے فی چالان ہزاروں روپے بٹورنے میں مصروف ہے

بقیہ 62 — ثمینہ ممتاز زہری

جلد از جلد دھماکے میں ملوث عناصر کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے جاں بحق افراد کے درجات کی بلندی، لواحقین کے لیے صبر جمیل اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔

بقیہ 63 — چیئرمین ایف بی آر

لیوی لگانے کی تجویز پر غور کیا تھا، آئی ایم ایف کو منی بجٹ کے بجائے ٹیکس انفورسمنٹ کے ذریعے آمدن بڑھانے کے پلان سے آگاہ کیا جائے گا، منی بجٹ کی بجائے ٹیکس اقدامات پر سختی سے عمل درآمد کر کے آمدن بڑھانے پر آئی ایم ایف کو آمادہ کیا جائے گا۔ دوسری جانب وزیراعظم شہباز شریف نے آئی ایم ایف سے زیادہ سے زیادہ ریلیف لینے کی ہدایت کردی۔ ذرائع کے مطابق وزارت خزانہ آئی ایم ایف کو سیلاب کے نقصانات کی وجہ سے ریلیف پر آمادہ کرنے کی کوشش کرے گی، آئی ایم ایف سے سیلاب متاثرین کیلئے ستمبر میں بھی بجلی بلوں میں ریلیف کی کوشش کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق سیلاب متاثرین کے لیے زرعی قرضوں کی ادائیگی میں بھی ریلیف کی کوششیں کی جائیں گی، آئی ایم ایف سے ایف بی آر کے ٹیکس ہدف میں کمی کی بھی کوشش کی جائے گی، آئی ایم ایف کو ایف بی آر کے ٹیکس شارٹ فال پر بریفنگ دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کو سیلاب کی وجہ سے ٹیکس آمدن متاثر ہونے پر بھی بریفنگ دی جائے گی، آئی ایم ایف سے معاشی ترقی کی شرح کے ہدف میں معمولی کمی پر بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا، آئی ایم ایف سے مزید ٹیکس نہ لگانے پر بھی رعایت کی کوشش کی جائے گی۔

بقیہ 64 — فہرست میں شامل

کے لئے "شہید بینظیر بھٹو میٹرک ڈسٹرکٹ ٹاپر ز فلی فنڈڈ اسکالرشپ پروگرام" کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ بیف ہمیشہ سے بلوچستان کے ہونہار طلبا و طالبات کے لئے اعلیٰ تعلیمی مواقع فراہم کرتا آ رہا ہے۔ یہ اسکالرشپ پروگرام صوبہ بلوچستان کے تمام اضلاع کے ان ہونہار طلبا و طالبات کیلئے ہے جنہوں نے سالانہ میٹرک امتحان 2025 میں نمایاں نمبروں سے پاس کیا ہو اسکالرشپ کی تفصیل: 1۔ مکمل ٹیوشن فیس۔ 2۔ 162000 روپے اسکالرشپ۔ طالب علم لسٹ میں اپنا نام چیک کریں اور نیچے دیئے گئے لنک سے میرٹ لسٹ اور بیف اسکالرشپ فارم ڈاؤن لوڈ کر کے موجودہ تعلیمی ادارے سے تصدیق کروا کے 15 اکتوبر 2025ء تک بیف آفس میں جمع کروائیں۔ نوٹ: یہ فہرست غیر حتمی ہے اگر کسی طالب علم نے زیادہ نمبر حاصل کئے ہیں اور ان کا نام فہرست میں شامل نہیں ہے تو وہ اپنے اعتراضات 20 اکتوبر 2025ء تک جمع کروا سکتے ہیں۔

حکومت لاکھوں افراد کو روزگار فراہم نہیں کر سکتی، نجی سیکٹر کو مستحکم بنانا ہوگا، گورنر

صنعت و تجارت سے وابستہ افراد کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم تاکہ وہ بیروزگاری کے خاتمے میں کردار ادا کر سکیں، شیخ جعفر خان مندوخیل

خضدار انجینئرنگ یونیورسٹی کیلئے بیروزگار نوجوانوں کو جدید مہارتیں سکھانے کیلئے سکل ڈویلپمنٹ پروگرامز وضع کریں گے

وقت کا تقاضا کہ ہم اپنے نوجوانوں کو محض کنزیومر بننے کی بجائے پروڈیوسر بنائیں، وی سی خضدار انجینئرنگ یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر مقصود احمد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ آج کی تیز رفتار دنیا میں تعلیمی ڈگری کے ساتھ ساتھ جدید مہارتوں کی اہمیت اور افادیت بھی مسلسل بڑھ رہی ہے اس ضمن میں خضدار انجینئرنگ یونیورسٹی کو بیروزگار اور کم تعلیم یافتہ نوجوانوں کو جدید مہارتیں سکھانے کیلئے سکل ڈویلپمنٹ کے مختلف پروگراموں کی ایک جامع حکمت عملی وضع کریں گے اس سے ہم مقامی معیشت کو .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے جماعت اسلامی کے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمن و دیگر کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے کے شرکاء

پاکستان سفارتی محاذ پر مسلسل نمایاں کامیابیاں سمیٹ رہا ہے، محمد عبدالقادر

پاک وسعودی معاہدے کے بعد پاکستان ایک بار پھر عالمی سطح پر توجہ کا مرکز بن گیا، سینیٹر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے یہ بات نہایت خوش آئند ہے کہ بھارت سے جنگ جیتنے کے بعد سے پاکستان سفارتی محاذ پر مسلسل نمایاں کامیابیاں سمیٹ رہا ہے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان ہونے والے حالیہ وسیع البنیاد دفاعی معاہدے کے بعد پاکستان ایک بار پھر عالمی سطح پر توجہ کا مرکز بن .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردانہ حملے ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے، ثمینہ ممتاز زہری

ادارے چمن دھماکے میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے کٹہرے میں کھڑا کریں

کوئٹہ (آن لائن) سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری، چیئرپرسن سینیٹ فنکشنل کمیٹی برائے انسانی حقوق نے پاک افغان بارڈر کے سرحدی شہر چمن کے قریب ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے ایک مذمتی بیان میں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ دہشتگردوں کے بزدلانہ حملے ہمارے حوصلے کبھی پست نہیں کر سکتے۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ شہر کھنڈرات اور مسائلستان میں تبدیل ہو چکا، پشتونخوامیپ

بلدیاتی اداروں کی عدم فعالیت سے نچلی سطح پر عوام کے مسائل حل نہیں ہو رہے ہیں، سید شراف آغا

کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں تاخیری حربے کرپشن کو دوام دینے کے مترادف ہیں، صوبائی رہنما

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر وضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر کھنڈرات اور مسائلستان میں تبدیل ہو چکا ہے، بلدیاتی اداروں کی عدم فعالیت سے نچلی سطح پر عوام کے مسائل حل نہیں ہو رہے .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: الخدمت فاؤنڈیشن کے بنو قابل پروگرام کی افتتاحی تقریب سے جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن خطاب کر رہے ہیں

ژوب: مختلف مقدمات میں مطلوب شخص گرفتار

ژوب (یو این اے) ژوب پولیس اسٹیشن کے ایس ایچ او شیخ ایوب، روزی خان اور اے ٹی ایف کے جوانوں نے ایک اہم کارروائی کے دوران انتہائی مطلوب اشتہاری ولی خان ولد کیشو خان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم کے خلاف قتل (302)، اقدام قتل (324) اور انسداد دہشتگردی ایکٹ (7ATA) کے مقدمات درج ہیں۔ ذرائع کے مطابق، ولی خان دوروزگل ژوب تیواڑہ کے قریب فائرنگ کے واقعہ میں ملوث تھا جس میں دو افراد زخمی ہوئے۔ اس کے علاوہ ملزم طویل عرصے سے روپوش تھا اور سی ٹی ڈی کی نظر میں بھی 7ATA کے تحت مطلوب تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ یہ گرفتاری قانون کی بالادستی اور علاقے میں امن قائم کرنے میں ایک اہم پیش رفت ہے۔

منگچر: لیویز نے اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر قلات کیپٹن (ر) جمیل بلوچ اور اسسٹنٹ کمشنر خالق آباد منگچر ڈاکٹر علی گل عمرانی کی اشتہاری ملزمان کے خلاف موثر کارروائی کے احکامات کی روشنی میں ایس ایچ او لیویز تھانہ منگچر علی اصغر بنگلزئی کی سربراہی میں نائب محرر ضیا اللہ لانگو و دیگر لیویز نفری کے ہمراہ کوئٹہ پولیس کی تعاون سے مخبری اطلاع پر کامیاب کارروائی کرتے ہوئے اشتہاری ملزم عبدالہادی ولد خدا دوست قوم لہڑی سکنہ منگچر کو گرفتار کر کے لیویز تھانہ خالق آباد منگچر منتقل کر دیا گیا

ربیع الثانی کا چاند 23 ستمبر کو نظر آنے کا امکان ہے، اسپارکو

لاہور (بیورو رپورٹ) ہجری سال کے چوتھے مہینے ربیع الثانی کا چاند 23 ستمبر بروز منگل نظر آنے کا امکان ہے۔ رپورٹس کے مطابق پاکستان کے خلائی تحقیقی ادارے اسپارکو نے کہا ہے کہ ربیع الثانی 1447 ہجری کا چاند ممکنہ طور پر 22 ستمبر کو رات 12 بج کر 54 منٹ پر پیدا ہوگا۔ یوں نئے چاند کی عمر 23 ستمبر کو غروب آفتاب تک 41 گھنٹے 54 منٹ ہوگی۔ ماہرین فلکیات کا کہنا ہے کہ اس لحاظ سے 23 ستمبر کی شام کو نئے چاند کی رویت کے امکانات روشن ہیں۔ اگر منگل کو چاند نظر آ گیا تو یکم ربیع الثانی 1447 ہجری بروز بدھ 24 ستمبر کو ہوگی۔ تاہم اسپارکو کا کہنا ہے

امن دشمن عناصر کو کیفر کردار تک پہنچا کر دم لینگے، وزیراعلیٰ بلوچستان

چمن میں نہتے اور معصوم شہریوں کو دہشتگردی کا نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ فعل ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چمن پاک افغان بارڈر کے قریب ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ نہتے اور معصوم شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ اور انسان دشمن فعل ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے وزیراعلیٰ نے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہر........ بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے عوام آج بدترین بحرانوں کا شکار ہیں، جے ڈبلیو پی

فارم 47 کی حکومت کی نااہلی و کرپشن سے صوبہ مزید پسماندگی کی طرف جا رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے بیان میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان کے عوام آج بدترین معاشی، سیاسی اور سماجی بحران سے دوچار ہیں۔ فارم 47 کے ذریعے مسلط کی گئی موجودہ حکومت نے نہ صرف عوامی مینڈیٹ کو پامال کیا بلکہ اپنی نااہلی اور کرپشن سے صوبے کو مزید پسماندگی کی طرف دھکیل دیا ہے۔ مہنگائی، بے روزگاری اور بدامنی .... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

بی ایف اے کی انسداد ملاوٹ مہم، کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں جاری

285 لیٹر ملاوٹی دودھ اور 216 کلو ناقص دہی موقع پر تلف

عوام مشکوک دودھ یا دہی فروخت کرنے والوں کی نشاندہی میں اتھارٹی کی مدد کریں، سیکرٹری خوراک

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی انسداد ملاوٹ مہم کے دوران کوئٹہ کے مختلف علاقوں علمدار روڈ، سریاب، غوث آباد، میکانگی، کاسی روڈ اور طوغی روڈ پر بڑی کارروائیاں کی گئیں اس دوران 28 دکانوں اور 15 دودھ بردار گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی، 7270 لیٹر دودھ کے نمونے موبائل لیبارٹری بھیجے گئے جبکہ 285 لیٹر ملاوٹی دودھ اور 216 کلو........ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

کیسکو کی کارکردگی مایوس کن، میٹر ریڈنگ کے بغیر بل دینا جرم ہے، پی اے سی

کیسکو نے 9 ارب 89 کروڑ روپے بجلی ڈیوٹی وصول کی مگر حکومت بلوچستان کو اس کا حصہ ادا نہیں کیا، چیئرمین اصغر علی ترین

یہ اجلاس توانائی محکمہ کے اندر کرپشن بے نقاب کرے گا، ذمہ داروں کو سزا ضرور ملے گی، ولی محمد نورزئی، رحمت صالح بلوچ، فضل قادر مندوخیل

آئندہ کوئی سیکرٹری 5 فیصد بجٹ سے زائد یا بچت محکمہ خزانہ کو بروقت واپس نہ کر کے لیپس کریگا تو سخت سزا دی جائیگی، کمیٹی کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا توانائی محکمے پر سخت کڑا احتساب کا اجلاس پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین اصغر علی ترین کی زیر صدارت آج منعقد ہوا، جس میں توانائی محکمے کے بجٹ، اخراجات اور بے قاعدگیوں پر سخت سوالات اٹھائے گئے اجلاس میں کمیٹی اراکین فضل قادر مندوخیل، ولی محمد نورزئی، رحمت صالح بلوچ اور صفیہ بی بی نے شرکت کی جبکہ خصوصی دعوت پر اپوزیشن .... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سے سید ظفر آغا ملاقات کر رہے ہیں

نفرت کبھی نہیں جیتے گی، ڈونلڈ ٹرمپ کے بیان پر صادق خان کا ردعمل

لندن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اپنے خلاف سخت بیان کے بعد لندن کے میئر صادق خان نے ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ مائیکرو بلاگنگ ویب سائٹ ایکس پر صادق خان نے ایک پوسٹ شیئر کی ہے جس کے کیپشن میں انہوں نے لکھا، لندن میں نفرت کبھی نہیں جیتے گی۔ اس پوسٹ میں ایک ویڈیو بھی شیئر کی گئی ہے۔ یاد رہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے برطانیہ کے حالیہ دورے کے دوران اپنے ایک بیان میں کہا تھا

27 ستمبر کو مسلم باغ میں احتجاجی مظاہرہ و جلسہ ہوگا، پی کے نیپ

احتجاج مسلط کردہ غیر منتخب حکومت کی زیادتیوں اور عوام دشمن پالیسیوں کیخلاف ہوگا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز کی جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے زیر اہتمام 27 ستمبر 2025 بروز ہفتہ مسلم باغ (ہندو باغ) شہر میں ایک عظیم الشان احتجاجی مظاہرہ اور جلسہ عام منعقد کیا جا رہا ہے۔ بیان میں کہا ہے کہ یہ احتجاجی مظاہرہ مسلط کردہ غیر منتخب حکومت اور اس کے اداروں .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

انسانی سمگلنگ میں ملوث ایجنٹ 14 افغان شہریوں سمیت گرفتار

اینٹی ہیومن ٹریفکنگ کے عملے نے ایجنٹ اسد اللہ کو کوئٹہ سے گرفتار کیا، ملزم کے موبائل فون سے اہم شواہد برآمد

گرفتار ملزم افغان شہریوں کو غیر قانونی طور پر بیرون ملک بھجوانے میں ملوث ہے، مزید تفتیش جاری ہے، ترجمان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کوئٹہ کے عملے نے انسانی اسمگلروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ میں ملوث ایجنٹ اسد اللہ کو 14 افغان شہریوں سمیت گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم افغان شہریوں کی سمگلنگ میں ملوث ہے۔ ایف آئی اے ترجمان کے مطابق ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ کے عملے نے گزشتہ روز ملزم کو کوئٹہ سے گرفتار کیا ملزم اسد اللہ کے موبائل فون سے اہم شواہد برآمد کر لئے گئے ہیں گرفتار ملزم انسانی سمگلنگ میں ملوث دیگر ایجنٹوں سے بھی رابطے میں تھا ملزم کے موبائل سے انسانی اسمگلنگ .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

ہمارا سیاسی نصب العین عوام کی خدمت ہے، حاجی محمد خان لہڑی

حلقہ انتخاب میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا ہے، دوررس نتائج سامنے آئینگے، پارلیمانی سیکرٹری

نصیر آباد (نامہ نگار) رکن صوبائی اسمبلی وصوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ عوام کی خدمت ہمارا سیاسی نصب العین ہے، جس سے ہم کبھی پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ اپنے حلقہ انتخاب میں 50 کلومیٹر طویل بلیک ٹاپ سڑکوں کے منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے جس کے دوررس نتائج سامنے آئیں گے۔ انہو........ بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی کے زیر اہتمام اسرائیل کیخلاف یوم احتجاج منایا گیا

آئمہ و خطباء نے جمعہ کے اجتماعات میں مذمتی قراردادیں پیش کیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کے زیر اہتمام صوبائی دارالحکومت کوئٹہ شہر میں اسرائیلی جارحیت کے خلاف یوم احتجاج منایا گیا جمعہ کے اجتماعات کے موقع پر صوبائی دارالحکومت کوئٹہ شہر کے مساجد میں مذمتی قراردادیں پیش کیں خطباء نے جمعہ کے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیلی جارحیت کے خلاف امت مسلمہ کے حکمران........ بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

سرانان: ڈی سی منصور احمد قاضی افغان پناہ گزین کیمپ کا دورہ کر رہے ہیں، ونگ کمانڈر فخر الدین، اے سی و دیگر بھی ہمراہ ہیں

قومی بجٹ اسکیموں میں منافع کی شرح میں ردوبدل کر دیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی بچت اسکیمز میں منافع کی شرحوں میں ردوبدل کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ اس حوالے سے سینٹرل ڈائریکٹوریٹ آف نیشنل سیونگز نے نیا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔ نیشنل سیونگز اسکیمز میں منافع کی شرح میں ردوبدل کے بعد نئی شرح پر عمل درآمد مؤثر ہو گیا

پاکستان اور ڈنمارک کے درمیان رعایتی قرض پروگرام کے معاہدے پر دستخط

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور ڈنمارک کے درمیان رعایتی قرض پروگرام کے معاہدے پر دستخط ہو گئے، ڈنمارک کی حکومت ڈی ایس آئی ایف کے تحت مشرقی فیصل آباد میں واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ لگائے گی۔ ترجمان اقتصادی امور ڈویژن کے مطابق رعایتی قرض کا معاہدہ پاکستان ڈنمارک فریم ورک کے تحت دستخط ہوا

چمن میں ہونے والا دھماکہ قابل مذمت ہے، علی حسن زہری

دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر برائے زراعت و کوآپریٹیوز بلوچستان اور پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے ترجمان میر علی حسن زہری نے پاک افغان بارڈر کے سرحدی شہر چمن کے قریب ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے ایک مذمتی بیان میں میر علی حسن زہری نے کہا کہ دہشتگردوں کے بزدلانہ حملے ہمارے حوصلے کبھی پست نہیں........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت اقتدار میں رہنے کا اخلاقی جواز کھو چکی ہے، مولانا حیدری

اگر حکومت عوام کو تحفظ نہیں دے سکتی تو اسے اقتدار چھوڑ دینا چاہیے، رہنما جے یو آئی

جیکب آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ ایسی حکومت جس کے بس میں عوام کو سڑکوں اور بازاروں میں تحفظ فراہم کرنے کی صلاحیت نہ ہو وہ اقتدار میں رہنے کا کوئی اخلاقی یا سیاسی حق نہیں رکھتی، اگر حکومت عوام کو تحفظ نہیں دے سکتی تو اسے اقتدار چھوڑ دینا چاہیے، سندھ، بلوچستان او........ بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان ہمارا گھر، قیام امن مشترکہ ذمہ داری ہے، بخت محمد کاکڑ

صوبے کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ہم سب کو ملکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما وصوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان ہم سب کا مشترکہ گھر ہے یہاں امن امان کو خراب کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی صوبے کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ہم سب نے ملکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا حلقہ انتخاب کے عوام نے جس مقصد کیلئے ہمیں منتخب کیا ہے اس کے اعتماد کو........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

ہماری سیاست کا محور عوام کی خدمت ہے، میر محمد صادق عمرانی

سیاست کو ذاتی مفاد یا اقتدار کا ذریعہ نہیں بلکہ عوامی خدمت کا راستہ سمجھتے ہیں

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر آبپاشی بلوچستان میر محمد صادق خان عمرانی نے کہا ہے کہ سیاست کو ذاتی مفاد یا اقتدار کا ذریعہ نہیں بلکہ عوامی خدمت کا راستہ سمجھتے ہیں، اور یہی وجہ ہے کہ ان کا ہر قدم عوام کی فلاح و بہبود، ترقی اور خوشحالی کے لیے اٹھتا ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز اپنے دفتر میں مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد ہائیکورٹ کے 5 ججز کا چیف جسٹس کے اقدامات کیخلاف سپریم کورٹ سے رجوع

چیف جسٹس ہائی کورٹ اس وقت جب کسی بینچ کو مقدمہ دیا جا چکا ہو، نئے بینچ تشکیل دینے یا مقدمات منتقل کرنے کے مجاز نہیں، موقف

جسٹس محسن اختر، جسٹس بابر ستار، جسٹس طارق محمود، جسٹس ثمن رفعت اور جسٹس اعجاز اسحاق خان نے درخواستیں سپریم کورٹ میں دائر کیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ کے پانچ ججوں نے چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ کے اختیارات اور اقدامات کے خلاف سپریم کورٹ سے رجوع کر لیا ہے۔ جسٹس محسن اختر کیانی، جسٹس بابر ستار، جسٹس طارق محمود جہانگیری، جسٹس ثمن رفعت اور جسٹس اعجاز اسحاق خان نے علیحدہ علیحدہ درخواستیں سپریم کورٹ میں دائر کیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق جسٹس محسن اختر کیانی، بابر ستار، جسٹس طارق محمود جہانگیری اور جسٹس اعجاز اسحاق خان کی درخواستوں کی کاپیاں موصول ہوئی ہیں، جن میں سب نے ایک ہی مطالبہ کیا .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

تربت: ایف سی ساؤتھ کے زیر اہتمام مختلف علاقوں میں جاری فری میڈیکل کیمپس میں مریضوں کا معائنہ کیا جا رہا ہے

منی بجٹ نہیں آئیگا، آئی ایم ایف کو متبادل پلان سے آگاہ کیا جائیگا، چیئرمین ایف بی آر

سالانہ ٹیکس ریونیو کے ہدف میں ردوبدل کے بارے میں ابھی کچھ نہیں کہا جا سکتا، سیلابی نقصانات کے بارے میں مختلف آپشنز پر غور کیا گیا ہے

وزیراعظم نے آئی ایم ایف سے زیادہ سے زیادہ ریلیف لینے کی ہدایت کر دی، وزارت خزانہ آئی ایم ایف ریلیف پر آمادہ کرنے کی کوشش کریگی، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نے واضح کیا ہے کہ کوئی منی بجٹ نہیں آئے گا، اضافی ٹیکسوں کیلئے منی بجٹ کی تجویز زیر غور نہیں۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ سالانہ ٹیکس ریونیو کے ہدف میں ردوبدل کے بارے میں ابھی کچھ نہیں کہا جا سکتا، آئی ایم ایف کو منی بجٹ کے بجائے ٹیکس انفورسمنٹ کے ذریعے آمدن بڑھانے کے پلان سے آگاہ کیا جائے گا، سیلابی نقصانات کے بارے میں مختلف آپشنز پر غور کیا گیا ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق حکومت نے سیلاب کے نقصانات کی وجہ سے فلڈ .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین پی اے سی اصغر علی ترین محکمہ انرجی کے آڈٹ پیراز سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حرمین شریفین کی حفاظت پاکستان کیلئے باعث اعزاز ہے، نور محمد دمڑ

پاک۔ سعودی اسٹریٹجک معاہدہ خوش آئند اور قوم کیلئے باعث فخر ہے، صوبائی وزیر خوراک

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما وصوبائی وزیر خوراک بلوچستان حاجی نور محمد دمڑ نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کی حفاظت پاکستان کے لئے باعث اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان حالیہ اسٹریٹجک معاہدہ نہ صرف خوش آئند ہے بلکہ پوری قوم کے لئے فخر کا باعث بھی ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ سعودی .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

پرائیویٹ حج سکیم کے تحت درخواستوں کی وصولی شروع

حج آپریٹرز گزشتہ برس کے عازمین کو پہلے موقع دیں گے، وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پرائیویٹ حج سکیم کے تحت درخواستوں کی وصولی شروع ہو گئی سکیم کے تحت 37 ہزار 903 عازمین درخواستیں جمع کروا سکتے ہیں۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق پرائیویٹ حج آپریٹرز گزشتہ برس کے عازمین کو پہلے موقع دیں گے، گزشتہ سال حج سے محروم رہ جانے والے 22 ہزار 97 عازمین نے رجسٹریشن کروائی، .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

وکیل انتظار پنجوتھہ اور صدر ہائیکورٹ بار میں تلخ جملوں کا تبادلہ

اسلام آباد ہائی کورٹ بار کے صدر کا ہاتھا پائی کرنے والے وکلا کے خلاف کارروائی کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ میں وکلاء احتجاج کے دوران وکیل انتظار حسین پنجوتھہ اور صدر ہائیکورٹ بار واجد گیلانی کے درمیان تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا جبکہ ہاتھا پائی کی بھی کوشش کی گئی۔ صدر ہائیکورٹ بار واجد گیلانی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ اگر وکلا نے واجد گیلانی کیخلاف کچھ کیا ہوتا تو میں انہیں معاف کر دیتا، چونکہ .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد ہائیکورٹ کے ججوں پر صحافیوں کی سوالات کی بوچھاڑ

چیف جسٹس ڈوگر کے بنچ کے ساتھ نہیں بیٹھ رہے، جسٹس کیانی کا محتاط رویہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس کے خلاف سپریم کورٹ سے رجوع کرنے والے ججوں کو جمعے کے روز کچہری کے باہر صحافیوں نے گھیر لیا اور ان پر سوالات کی بوچھاڑ کر دی۔ اس موقع پر اسلام آباد ہائیکورٹ کے معزز........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی کیسز، خدیجہ شاہ سمیت 8 ملزمان کے وارنٹ گرفتاری جاری

وارنٹ گرفتاری جناح ہاؤس حملہ اور عسکری ٹاور حملہ کیسز میں جاری کیے گئے

لاہور (بیورو رپورٹ) انسداد دہشتگردی عدالت لاہور نے 9 مئی کیسز میں غیر حاضر ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دو مقدمات میں خدیجہ شاہ سمیت 8 ملزمان کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے ہیں انسداد دہشتگردی عدالت کے جج منظر علی گل........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کی کاوشیں، 314 طلبہ میں 53.21 ملین اسکالرشپ کی رقم تقسیم

یہ اقدام نہ صرف صوبے میں تعلیم کے فروغ کیلئے انقلابی پیش رفت بلکہ ضلعی سطح پر ذہین و مستحق طلباء کیلئے روشن مواقع فراہم کرنے کی عملی مثال بھی ہے

یہ اسکالرشپ پروگرام صوبے کے ان ہونہار طلبا و طالبات کیلئے ہے جنہوں نے سالانہ میٹرک امتحان 2025 نمایاں نمبروں سے پاس کیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے تعلیم دوست وژن کے تحت بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ نے شہید بینظیر بھٹو میٹرک ڈسٹرکٹ ٹاپرز فلیگ فنڈ اسکالرشپ پروگرام برائے تعلیمی سال 2024 کی پالیسی کے تحت 314 باصلاحیت طلباء و طالبات میں مجموعی طور پر 53.21 ملین کی اسکالرشپ رقم تقسیم کی ہے۔ یہ اقدام نہ صرف صوبے میں تعلیم کے فروغ کیلئے ایک انقلابی پیش رفت ہے بلکہ ضلعی سطح پر ذہین و مستحق طلباء کے لیے روشن مواقع فراہم کرنے کی عملی مثال بھی ہے۔ بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ نے تعلیمی سال 2025 .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی پارلیمانی سیکرٹری بجٹ کمار عامر چندال اسکالرشپ کے چیکس طالبات میں تقسیم کر رہے ہیں

رواں سال کا دوسرا سورج گرہن 21 اور 22 ستمبر کو ہوگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رواں سال کا دوسرا سورج گرہن 21 اور 22 ستمبر کو ہوگا تاہم پاکستان میں دکھائی نہیں دے گا۔ محکمہ موسمیات کلائمیٹ ڈیٹا پروسیسنگ سینٹر کے مطابق سال 2025 کے دوسرے سورج گرہن کا آغاز اکیس ستمبر کو پاکستانی وقت کے مطابق رات 10 بجکر 30 منٹ پر ہوگا اور 22 ستمبر کو رات 12 بجکر 42 منٹ پر سورج گرہن اپنے عروج پر ہوگا، جزوی سورج گرہن کا اختتام رات 2 بجکر 55 منٹ پر ہوگا۔

جلد پی ٹی آئی پارلیمنٹ، کچھ ججز عدلیہ سے مستعفی ہو جائینگے، عرفان صدیقی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ (ن) کے رہنما سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ قائمہ کمیٹیاں پارلیمنٹ کی روح ہیں، پی ٹی آئی پارلیمنٹ میں موجود ہے تو بہتر ہے قائمہ کمیٹیوں میں بھی رہے۔ جاری بیان میں عرفان صدیقی نے کہا کہ پی ٹی آئی اپنا جمہوری کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ حالات کی رفتار بتا رہی ہے کہ کچھ عرصے میں پی ٹی آئی پارلیمنٹ سے اور کچھ جج صاحبان عدلیہ سے باہمی مفاد کی خاطر مستعفی ہو جائیں گے

عمران خان سے بات چیت کریں گے تو سیاسی استحکام آئے گا، فواد چوہدری

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان میں سیاسی استحکام آنا چاہئے، بانی پی ٹی آئی عمران خان سے بات چیت کریں گے تو سیاسی استحکام آئے گا۔ جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فواد چوہدری نے کہا کہ آج پیٹرن چینج ہوا ہے اب انسداد دہشتگردی عدالت میں ٹرائل رکھا ہے، عمران خان کی سماعتوں میں میڈیا اور فون لے جانے کی اجازت نہیں ہے، کیوں اتنا خوف ہے

گھریلو صارفین کیلئے نیا سوئی گیس کنکشن حاصل کرنے کا طریقہ وضع

صارفین موبائل ایپلی کیشنز کے ذریعے آن لائن درخواست جمع کرا سکیں گے

لاہور (بیورو رپورٹ) گھریلو صارفین کے لئے آر ایل این جی کنکشن حاصل کرنے کا نیا اور سہل طریقہ کار وضع کر دیا گیا۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کی زیر صدارت اہم اجلاس ہوا، جس میں گھریلو صارفین کو آر ایل این جی کنکشنز فراہم کرنے کے جامع روڈ میپ پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے علی پرویز ملک نے کہا کہ آر ایل این جی گھریلو استعمال کے

ناقص منصوبہ بندی اور انتظامی کوتاہیاں، قومی ایئر لائن کی ساکھ داؤ پر لگ گئی

پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی کے پی آئی اے کی مینٹیننس پر سنگین اعتراضات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ناقص منصوبہ بندی اور انتظامی کوتاہیوں کی وجہ سے قومی ایئر لائن (پی آئی اے) کی ساکھ داؤ پر لگ گئی۔ پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی (سی اے اے) نے قومی ایئر لائن پی آئی اے کی مینٹیننس پر سنگین اعتراضات اٹھاتے ہوئے باضابطہ وارننگ نوٹس جاری کر دیا۔

جمعیت نظریاتی کا وفد مولانا عبدالقادر لونی کی قیادت میں امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان سے ملاقات کر رہا ہے

ڈیٹا پروٹیکشن بل تاحال نہ لانا وزارت آئی ٹی کی نااہلی ہے، قائمہ کمیٹی

ہمیں باہر سے دباؤ ہے کہ ڈیٹا محفوظ بنانے کیلئے قانون سازی نہ کی جائے، ڈیٹا محفوظ نہ کیا تو بہت نقصان اٹھانا پڑے گا، سینیٹر افنان اللہ

وفاقی وزیر آئی ٹی کی اجلاس میں عدم شرکت، ارکان برہم، کمیٹی کا اجلاس ہو تو وزیراعظم وزیر اور سیکرٹری کو نہ بلائیں، چیئرپرسن پلوشہ خان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سینیٹ کمیٹی آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام کے اجلاس میں سینیٹر افنان اللہ نے انکشاف کیا ہے کہ ہمیں باہر سے دباؤ آ رہا ہے کہ پاکستان میں ڈیٹا کو محفوظ بنانے کے لیے قانون نہ بنایا جائے، اگر ڈیٹا کو محفوظ بنانے سے متعلق قانون نہ بنایا تو بہت نقصان اٹھانا پڑے گا۔ پلوشہ خان کی زیر صدارت سینیٹ قائمہ کمیٹی آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام کا اجلاس پارلیمنٹ لاجز میں ہوا، جس میں وزارت آئی ٹی کے دائرہ کار میں تمام بورڈ آف ڈائریکٹرز کے نام کی لسٹ قائمہ کمیٹی کو فراہم کرنے کا ایجنڈا زیر بحث آیا۔ چیئرپرسن کمیٹی نے سیکرٹری آئی ٹی کو مخاطب .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے یورپی یونین کی ٹیم برائے آبی وسائل پروگرام ملاقات کر رہی ہے

مبینہ جعلی ڈگری کیس، جسٹس طارق نے اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ چیلنج کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جسٹس طارق محمود جہانگیری نے اسلام آباد ہائیکورٹ کا مبینہ جعلی ڈگری کیس کا فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کر دیا۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ بیٹھے ہوئے جج کو فرائض کی انجام دہی سے نہیں روکا جا سکتا، متنازع حکم نے درخواست گزار کے آرٹیکل 10-اے کے حقوق کی خلاف ورزی کی

برطانوی ایئر لائن کا پاکستان میں اپنا فضائی آپریشن بڑھانے کا اعلان

ایئر لائن کی لندن سے کراچی، اسلام آباد اور لاہور کے لیے فلائٹس اکتوبر سے بحال ہونگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) برطانوی ایئر لائن نے پاکستان میں اپنا فضائی آپریشن بڑھانے کا اعلان کر دیا۔ پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی نے ورجن اٹلانٹک ائیرلائن کو پروازوں کی اجازت دیدی، برطانوی ایئر سعودی عرب کے شہر ریاض کے ذر........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

عراق، ایران کی ایئر لائنز کو پاکستان آنے کی اجازت دی جائے، قائمہ کمیٹی

پی آئی اے کو کہیں کراچی سے بھی زیارات کیلئے پروازیں چلائے، چیئرپرسن کمیٹی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی قائمہ مذہبی امور نے کہا ہے کہ عراق اور ایران کی ایئر لائنوں کو پاکستان آنے کی اجازت دیں، پی آئی اے کو کہیں کہ کراچی سے بھی زیارات کیلئے پروازیں چلائے۔ جمعہ کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور اور........ بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

مون سون ختم، پنجاب کے دریاؤں میں صورتحال نارمل ہو گئی

سیلاب سے اہم فائیو موٹروے متاثر ہوئی، ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند ہے، ڈی جی پی ڈی ایم اے

لاہور (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے پنجاب عرفان علی کاٹھیا نے کہا ہے کہ مون سون 2025 اب مکمل ختم ہو چکا، آئندہ ہفتے بارش کا کوئی امکان نہیں ہے، تمام دریاؤں میں اب صورتحال نارمل ہو گئی ہے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے عرفان کاٹھیا نے بتایا کہ سیلابی کیفیت میں جو بھی صورتحال ہوئی، اس کے بارے آگاہ کریں گے، تمام .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

دشمن طاقتیں امت مسلمہ کو کمزور و منتشر کرنے کے درپے ہیں، مولانا عبدالواسع

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان ہونے والا حالیہ معاہدہ امت مسلمہ کو یکجا کرنے کی جانب ایک فیصلہ کن قدم ہے، صوبائی امیر جمعیت

اسرائیل کی فلسطین پر بمباری، غزہ میں انسانی نسل کشی، مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی اور اب قطر پر حملے یہ سب عالمی قوانین کی کھلی خلاف ورزیاں ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جے یو آئی کے منشور کے مطابق اور قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کی متعدد مرتبہ اس بات پر زور دینے کے بعد یہ حقیقت سب پر واضح ہو چکی ہے کہ مسلمانوں کا متحدہ اتحاد اب ناگزیر ہو چکا ہے آج کے حالات، بالخصوص گریٹر اسرائیل جیسے مذموم منصوبے، فلسطین اور کشمیر کے مظلوم عوام پر جاری مظالم، مشرق وسطیٰ کے ممالک میں عدم استحکام پیدا کرنے کی سازشیں اور قطر پر اسرائیلی جارحیت اس بات کا کھلا ثبوت ہیں کہ دشمن طاقتیں امت مسلمہ کو کمزور اور .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی اور راحیلہ حمید درانی یو ایف ہی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سینیٹر حامد خان سینیٹ قائمہ کمیٹی کی رکنیت سے مستعفی ہو گئے

رضا کارانہ طور پر بانی پی ٹی آئی کی ہدایت پر استعفیٰ دے رہا ہوں، پی ٹی آئی رہنما

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے سینیٹر حامد خان سینیٹ قائمہ کمیٹی کی رکنیت سے مستعفی ہو گئے۔ انہوں نے اپنا استعفیٰ سینیٹ سیکریٹریٹ میں جمع کرا دیا۔ حامد خان نے کشمیر افیئر، قانون انصاف، کم ترقی یافتہ علاقے، تجارت اور تفویض کردہ قانون سازی کی کمیٹیوں سے استعفیٰ دیا ہے۔ اس حوالے سے حامد خان کا کہنا ہے کہ کمیٹیوں سے رضا کارانہ طور پر بانی پی ٹی آئی کی ہدایت پر استعفیٰ دے رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور دیگر رہنماؤں .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

جامعات کے مالی مسائل کا دیرپا حل یقینی بنائیں گے، وزیر خزانہ

یونیورسٹیز فنانس کمیشن کا اجلاس وزراء، جامعات کے وی سیز اور دیگر حکام کی شرکت

یونیورسٹیز کے آپریشنل اخراجات، تنخواہوں اور پنشنز کے مسائل کے پائیدار حل کا عزم

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین یونیورسٹیز فنانس کمیشن صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی و کو چیئرمین صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان کے زیر صدارت یونیورسٹیز فنانس کمیشن کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری ایجوکیشن صالح محمد بلوچ، ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ اور صوبے کے تمام جامعات کے وائس چانسلرز نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری حکومت تعلیم کی فروغ کو اولیت دیتے ہیں اور اعلیٰ تعلیمی اداروں کے مالی مسائل سے بخوبی آگاہ ہے اور .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

چمن بم دھماکے میں کئی گھرانوں کے چراغ گل ہو گئے، اے این پی

ماضی کی طرح یہ شہداء بھی اپنے بچوں کیلئے دو وقت کی روزی کمانے کی تلاش میں نکلے تھے جو دہشتگردی کا شکار ہو گئے، اصغر خان اچکزئی

پشتون افغان ملت پر عرصہ حیات تنگ ہے، عوام کا اعتماد اداروں سے اٹھ چکا، شہداء کے لواحقین سے فاتحہ خوانی کے موقع پر گفتگو

چمن (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے گزشتہ شب چمن ڈیورنڈ لائن کے قریب پارکنگ میں ہونے والے المناک دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم محنت کشوں کی شہادت دراصل پشتون سرزمین پر مسلط کردہ بدامنی کی کڑی ہے ماضی کی مانند یہ شہداء صرف اپنے بچوں کے رزق حلال کی کمائی اور دو وقت کی روزی کمانے کی تلاش میں نکلے تھے مگر دہشت گردی کے باعث ان کے گھروں کے چراغ بجھا دیے گئے اصغر خان اچکزئی نے کہا کہ پشتون افغان ملت پر جارسو عرصہ حیات تنگ کر دیا .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

پاک سعودی معاہدے کو تمام اسلامی ممالک تک بڑھایا جائے، جمعیت نظریاتی

عالم کفر اور صیہونی لابی کا مشترکہ طور پر مقابلہ کرنے کیلئے تمام مسلم ممالک کو ایک دفاعی لڑی میں پرو دیا جانا چاہیے، مولانا عبدالقادر لونی

سعودی عرب اور پاکستان، غزہ میں اسرائیلی دہشت گردی کے خاتمے کیلئے فوری مشترکہ اقدامات کریں، سید عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، مولانا محمود الحسن قاسمی، قاری مہر اللہ مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمن نکیال صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی خیبر پشتونخواہ کے کنوینر مولانا محمد قاسم مخلص و دیگر نے سعودی عرب و پاکستان کے دفاعی معاہدے کو کسی ایک ملک پر حملہ جارحیت دونوں ممالک پر حملہ تصور ہوگا کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اس دفاعی